ماہنامہ

# رہنمائے عملیات

لاہور

حانی، عملیاتی اور نجومی دنیا کی حقیقی روایتوں کا امین ۔۔ ایک پاکیزہ ماہنامہ

فروری Rs.20

## سباق علم نجوم

## تسخیر موکل ذاتی



## برج دلو

## سحر الہنود

## اصول و قواعد عملیات

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# لوحِ خوش قسمتی

آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر راہنمائے عملیات سے خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کے شرف، اوج، سعد نظرات اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوحِ خوش قسمتی تیار کروالیں۔

**ھدیہ!** یہ لوح چاندی پر تیار ہوگی اور اس کا ھدیہ 1700 روپے ہوگا۔ ھدیہ بذریعہ منی آرڈر درج ذیل پتے پر ارسال کریں۔ اپنے کوائف یعنی نام اور نام والدہ بھی ارسال کریں۔

**مکمل اطمینان اور یقین کے ساتھ رجوع کریں**

**رابطہ!** خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
LunaTech
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

پبلشر و چیف ایڈیٹر
شائستہ خالد راٹھور

ایڈیٹر
خالد اسحاق راٹھور

فون
6374864 صرف دن 11 بجے تا شام 5 بجے تک
email / internet
kirathor@wol.net.pk
http://rehnuma-e-amalyat.webjump.com

آفس
مکان 2، گلی 11 محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

قیمت
فی شمارہ 20 روپے
زر سالانہ 230 روپے --- بیرون ملک 20 ڈالر

ترسیل زر
اندرون ملک بذریعہ منی آرڈر،
خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11 محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

بیرون ملک
For bank draft
Khalid Ishaq Rathor,
Account No.8735-6, National Bank of Pakistan, Civil Secretariat,
Lahore, Pakistan
Phone 92-42-6374864

جلد 3 شمارہ 11

پبلشر و چیف ایڈیٹر شائستہ خالد راٹھور نے الامین ٹریڈرز پرنٹرز ۲۵ ملک جلال دین وقف کپٹ روڈ سے چھپوا کر شائع کیا

# وقت ملاقات

علاوہ تعطیل

دن ۱۱ بجے تا شام ۵ بجے

**قیمت**
**20 روپے**
**فروری**

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| تسخیر موکل ذاتی | ۲ |
| اصول و قواعد عملیات | ۳ |
| نظرات کواکب | ۷ |
| راہنمائے علم نجوم | ۸ |
| تسخیر ملکہ نجمہ | ۱۲ |
| عملیات نادرہ | ۱۳ |
| ماہانہ حالات | ۱۷ |
| برج دلو | ۲۵ |
| سحر النو | ۳۰ |
| قرآن کی سورتوں کی برکتیں | ۴۰ |
| صلی اللہ علیہ وسلم | ۴۶ |
| پانسے | ۴۹ |
| روحانی تحائف | ۵۰ |
| جفری پیش گوئیاں | ۵۲ |
| خالد روحانی جنتری ماہ فروری | ۵۴ |
| منبع اصول الرمل | ۵۵ |


free copy
khalidrathore.com
ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور
Document Processing Solutions

# تسخیر موکل ذاتی

از: خالد اسحاق راٹھور۔

تسخیر ہمزاد و موکل کے یوں تو آپ نے کئی قواعد پڑھے ہوں گے اور شاید کسی ایک یا چند ایک پر عمل بھی کیا ہو۔ کون سا عمل درست ہے کس طرح کیا، کیا مشکلات پیش آئیں گی اور کیا نتائج حاصل ہوئے سے قطع نظر ذیل کی سطور میں موکل (ذاتی) کے استخراج کا ایک حقیقی، حتمی اور مجرب طریقہ تحریر کر رہا ہوں۔ اس کی تعریف کرنے کی بجائے عمل کی طرف آتے ہیں۔

**یہ قاعدہ میں اپنے دوست اور ساتھی محمد عارف کے نام کر رہا ہوں۔ ہم دونوں قریباً ہم عمر تھے اور انیس سال کا وقت علوم مخفی کے حوالے سے اکٹھا بسر کیا۔ مرحوم پچھلے ماہ اچانک دل کا دورہ پڑنے سے جان بحق ہوئے۔ تمام قارئین سے التماس ہے کہ فاتحہ پڑھ کر مرحوم کے حق میں دعا خیر کریں۔**

## عمل تسخیر موکل ذاتی

☆ دائرہ قمری سے نام بمعہ نام والدہ کے اعداد استخراج کریں۔

☆ تمام اعداد کا میزان حاصل کریں۔

☆ بلحاظ مراتب ان اعداد کے حروف لے لیں۔

☆ جو حروف برآمد ہوں ان کے آگے 'ایل' کا اضافہ کر دیں۔

☆ نام کے اعداد کو ضرب فی النفسہ دیں۔

☆ جو عدد آئے اس کی تعداد کے مطابق روزانہ حاصلہ اسم کا ذکر کریں۔

☆ ذکر پورا ایک چلہ یعنی چالیس دن تک کرنا ہے۔

☆ عمل بلا اجازت نہ کریں۔ کیونکہ ایسے اعمال میں جان و مال کا خطرہ ہوتا ہے اور راہنمائی اشد ضروری ہوتی ہے۔

قارئین "**تسخیر موکل ذاتی**" کا مکمل قاعدہ بیان کر دیا گیا ہے۔ کوئی دوست یہ پوچھنے کے لیے خط تحریر نہ کرے کہ کیا یہ قاعدہ مکمل ہے یا نہیں۔ یا آپ نے کچھ چھپا تو نہیں لیا۔ کچھ پوشیدہ تو نہیں ----- بالکل نہیں ------ یہ قاعدہ مکمل ہے۔ تاہم اگر پھر بھی کوئی بات جواب طلب ہو تو اس پرچے میں دیئے گئے "مفت ایک سوال" کا کوپن اپنے سوال کے ہمراہ ارسال کریں۔ ورنہ جواب سے معذرت۔

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

# اصول وقواعد عملیات

از: خالد اسحاق راٹھور۔

اس مضمون کی پہلی دو اقساط ماہ دسمبر ۲۰۰۰ اور ماہ جنوری ۲۰۰۱ء کے راہنمائے عملیات میں شائع ہو چکی ہیں۔

اس سلسلے کے دوسرے مضمون میں ذکر ہو رہا تھا حروف کا۔ سو یہاں چند مزید الفاظ اس امر پر تحریر کرنا چاہتا ہوں پھر اگلے موضوع پر آتے ہیں۔

## سعد و نحس حروف

حروف کا ذاتی طور پر سعد یا نحس ہونا بھی اہم ہوتا ہے۔ کل اٹھائیس حروف کی سعادت ونحوست کے حوالے سے ذیل میں حتمی تقسیم تحریر کر دی گئی ہے۔ تاکہ آئندہ جب عملیاتی قوتوں کے بیان میں ان کا ذکر آئے تو آپ اس کو باآسانی سمجھ سکیں۔

### جدول سعد و نحس حروف

| عنصر | سعد | نحس |
|---|---|---|
| آتشی | ا۔ہ۔ط۔م | ف۔ش۔ذ |
| بادی | د۔ی۔ص۔ت | ب۔ن۔ض |
| آبی | ک۔س۔ق۔ث | ج۔ز۔ظ |
| خاکی | د۔ح۔ل۔ع | ر۔خ۔غ |

## حروف نورانی و ظلمانی

کل حروف اٹھائیس ہیں۔ ان کو دو برابر حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ایک حصہ نورانی اور دوسرا حصہ ظلمانی کہلاتا ہے۔

درج ذیل حروف نورانی ہیں۔ یہ وہی حروف ہیں جن کو حروف مقطعات کہا جاتا ہے:-

ا۔ح۔ر۔س۔ص۔ط۔ع۔ق۔ک۔ل۔م۔ن۔ہ۔ی

درج ذیل چودہ حروف ظلمانی ہیں:-

ب۔ج۔د۔و۔ز۔ف۔ش۔ت۔ث۔خ۔ذ۔ض۔ظ۔غ

مندرجہ بالا تقسیم بہت اہم ہے اور میدان عملیات میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔ عمومی حوالے سے حروف نورانی تمام تر سعد مقاصد کے لیے زیادہ مجرب اور پُر اثر ہیں۔ جبکہ حروف ظلمانی نحس و غلط اور سختی لانے والے مقاصد کے لیے زیادہ مجرب و موثر ہیں۔ یہ ایسے پردے ہیں جو آہستہ آہستہ آنکھوں کے آگے سے ہٹتے ہیں۔ میری ذمہ داری ان علوم کو آپ تک پہنچانے کی ہے اور میں اس کو بااحسن طریقے سے ادا کرنے کی سعی کر رہا ہوں۔ ان رموز کو سمجھنا اور ذہن میں رکھنا اور پھر ان کو مناسب مواقع پر استعمال کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔

## حروف صوامت

وہ حروف جو بے نقطہ ہیں حروف صوامت کہلاتے ہیں اور تعداد میں تیرہ ہیں:-

ا۔ح۔د۔ر۔س۔ص۔ط۔ع۔ک۔ل۔م۔و۔ہ

یہ حروف عموماً بندش کے کاموں میں استعمال ہوتے ہیں۔

اس بیان کے ساتھ ہی حروف کا باب ختم ہوتا ہے اور موضوع کے حوالے سے دیگر امور کو زیر بحث لایا جاتا ہے۔ وہ دوست جو حروف کے سلسلے میں مزید علم کے طالب ہیں میری کتاب **"علم الحروف"** سے مدد حاصل کریں۔ اس کو پڑھنے سے آپ کو تازگی کا احساس ہوگا۔ دماغ روشن ہوگا اور وہ امور سامنے آئیں گے جو اب تک پردے میں تھے۔

## ھفتے کے اثرات

عملیات کے حوالے سے جب ہفتے کے اثرات کا ذکر کیا جائے تو اس سے مراد قمری ماہ کا ہفتہ (سات دن) ہے نہ کہ عیسوی ماہ کا

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

ہفتہ۔

قمری ماہ کا پہلا ہفتہ سعد مقاصد مثلاً محبت واتحاد

دوسرا ہفتہ نحس مقاصد مثلاً بندش

تیسرا ہفتہ نحس مقاصد مثلاً عداوت وفساد

چوتھا ہفتہ سعد مقاصد مثلاً صحت وغیرہ کے اعمال کے لیے موزوں ہیں۔

## عشرہ

قمری ماہ کے عشرے (دس دن) بھی اہم ہیں۔ ماہ میں تین عشرے ہوتے ہیں۔ بالترتیب ان کے اثرات یوں ہیں:۔

پہلا عشرہ کشائش کے لیے

دوسرا عشرہ تسخیر کے لیے

تیسرا عشرہ عداوت کے لیے

## قمری تاریخیں

مختلف قمری تاریخوں کو اثرات کے لحاظ سے بعض اعمال کے لیے موزوں اور بعض کے لیے ناموزوں سمجھا جاتا ہے۔ ذیل میں اس ہی کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔

قمری ماہ کی

26-22-19-15-12-9-5-2 سعد ہیں اور حب و تسخیر کے لیے موزوں ہیں۔

24-20-17-15-10-8-3-1 نحس ہیں اور بعض وعداوت کے لیے موزوں ہیں۔

24-25-21-18-14-11-4 سعد ہیں اور رزق، کاروبار، ملازمت کے لیے موزوں ہیں

## دن کے اثرات

ہر دن کے اپنے خاص اثرات ہوتے ہیں۔ ان دنوں اور ساعتوں کے اثرات میں ایک خاص مطابقت ہے۔ سو جب بھی کوئی عمل تیار کرنا ہو تو متعلقہ دن کے بارے میں بھی دیکھ لیں کیا حکم ہے؟

ہفتے کا دن زحل سے منسوب ہے۔ سو اس دن تفرقہ، عداوت، جدائی، طلاق، بیماری اور ہلاکت وغیرہ کے اعمال تیار کیے جاتے ہیں۔

اتوار کا دن شمس سے منسوب ہے سو اس دن عزت، وقار، حصول مرتبہ، شفا اور شہرت وغیرہ سے متعلق نقوش و اعمال تیار کیے جاتے ہیں۔

پیر کا دن قمر سے منسوب ہے اس دن کوئی بھی سعد عمل تیار کیا جاسکتا ہے۔ تاہم فتوح، سفر، رزق، کاروبار اور ملازمت سے متعلق امور کے بارے میں نقوش تحریر کیے جاتے ہیں۔

منگل کا دن مریخ سے منسوب ہے۔ سو اس دن کسی کو ہلاک، پریشان، مارنے یا نقصان پہنچانے کے اعمال کے علاوہ جدائی اور طلاق کے اعمال تحریر کیے جاتے ہیں۔

بدھ کا دن عطارد سے منسوب ہے۔ سو اس دن تعلیم، کاروبار اور زبان بندی وغیرہ سے متعلق اعمال تیار کیے جاتے ہیں۔

جمعرات کا دن مشتری سے منسوب ہے سو اس دن دولت، تسخیر، گمشدہ کی واپسی اور اتفاق وغیرہ کے لیے اعمال تیار کیے جاتے ہیں۔

جمعہ کا دن زہرہ سے متعلق ہے سو اس دن تسخیر، محبت، شادی، باہم اتفاق اور رجوع خلق وغیرہ سے متعلق اعمال تیار کیے جاتے ہیں۔

## سیاہی

نقش تحریر کرنے کے لیے جو سیاہی استعمال کریں۔ اس کے انتخاب میں خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔

سعد اعمال کے لیے نقوش زعفران اور آب زم زم یا سادہ پانی کے ملاپ سے تیار کریں۔

نحس اعمال کے لیے کالی سیاہی استعمال کریں۔

بعض عامل دوسروں کو تکلیف دینے، بیمار کرنے، تفرقہ ڈالنے یا تباہی کے لیے مردار یا جانور کے خون یا ناپاک خون سے عمل تحریر کرتے ہیں۔ یہ غلط ہے۔ خصوصاً وہ اعمال جو قرآنی آیت یا اسماء الحسنیٰ سے استخراج کیے گئے ہوں ان کا یوں تحریر کرنا حرام مطلق اور متبرک آیات اور اسماء کی بے حرمتی کے زمرے میں آتا ہے۔ ایسا بالکل نہ کریں۔

## قلم

کسی بھی اچھے، نیک یا سعد کام کے لیے قلم کسی بھی پھل دار

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

درخت، انار یا سرکنڈے سے تیار کریں۔

کسی کو سزا دینے، عداوت، بغض، ہلاکت اور جدائی وغیرہ کے اعمال کے لیے لوہے کی نب یا کسی کانٹے والے درخت کی قلم سے نقش تحریر کریں۔

## لباس

اعمال کی دو بنیادی اقسام یعنی سعد و نحس کی بنیاد پر لباس کی تقسیم میرے نزدیک یوں افضل ہے۔

اعمال سعد کے لیے سفید لباس یا جس کوکب کا عمل ہو اس سے منسوب رنگ کے مطابق لباس استعمال کرے۔

اعمال نحس کے لیے کالا لباس یا جس کوکب کا عمل ہو اس کے مطابق لباس استعمال کرے۔

## طریق نشست

یوں تو عملیات کے لیے مختلف ماہرین نے مختلف طریق نشست بیان کیے ہیں۔ تاہم یہاں اس طریق کا ہی ذکر مناسب خیال کرتا ہوں جو میرے اصفل و مجرب ہے۔

اعمال سعد کے لیے بطریق نماز بیٹھ جائے اور اعمال نحس کے لیے اس طریق کے علاوہ کسی بھی طریق بیٹھ جائے۔

## مقام نشست

عمل تحریر کرتے ہوئے جس جگہ بیٹھنا چاہیے یہ بہت اہم امر ہے۔ جب اعمال خیر و سعد کر رہے ہوں تو جگہ بھی صاف، سایہ دار، آرام دے اور مقام/نشست یا چوکی بھی اچھی اور پائیدار اور آرام دے ہو۔ لباس معطر ہو اور اگر ممکن ہو تو کوکب کے متعلق خوشبو کا استعمال کرے۔ سر پر کپڑا لے اور لباس ہر طور سے پاک و صاف ہو۔

عمل بد و نحس کرتے ہوئے مندرجہ بالا سے برعکس حالت ہو جگہ براہ راست دھوپ یا اندھیرے میں ہو (بامطابق عمل) یا اگر سایہ ہو تو کسی ایسے درخت وغیرہ کا ہو جو پھل دار اور خوبصورت نہ ہو یا کسی بوسیدہ دیوار کے سایے میں یا کھنڈر میں بھی بیٹھ سکتا ہے۔ لباس معطر نہ ہو اور سر ننگا ہو یا ضرورت ہو تو شکستہ کپڑا سر پر ہو۔ لباس گو اچھا نہ ہو مگر ہو پاک۔

## سمت

نقوش چار عناصر سے متعلق ہوتے ہیں۔ سو ان ہی کے مطابقت سے ان کی سمتیں مقرر ہیں۔

آتشی چال سے نقش تحریر کرے ہوئے منہ مشرق کی طرف کریں۔

بادی چال ہو تو مغرب

آبی چال ہو تو شمال اور

خاکی چال ہو تو جنوب کی طرف منہ کر کے نقش تحریر کریں۔

## خوشبو

جس وقت کوئی عمل کیا جاتا ہے تو اس دوران خوشبو کا استعمال ایک لازمی امر ہے۔ ذیل کی سطور میں کواکب اور ان سے منسوب خوشبو کو تحریر کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| قمر | گلاب |
| شمس | مشک |
| عطارد | گلاب مشک اکٹھا |
| مشتری | گلاب |
| زہرہ | سہاگ |
| زحل | کِگل |
| مریخ | تیز چبھنے والی |

جو بھی خوشبو استعمال کریں وہ عطر ہو نہ کہ آپ کل کے سپرے۔ ولائتی یا اس طور پر بنے مقامی سپرے یا خوشبو کی بوتلیں الکحول لیے ہوئے ہوتی ہیں۔ عملیات میں ان کا استعمال غلط ہے۔

## بخور

بخور سے مراد وہ خوشبو یا بدبو ہوتی ہے جو دوران عمل جلائی جاتی ہے۔ کئی بہت قیمتی جوہر اس عمل میں استعمال ہوتے ہیں۔ ان کا استعمال نقش یا لوح کی قیمت میں اضافے کا باعث ہوتا ہے۔ کم خرچ کرنا ہو یا رقم نہ ہو تو کم قیمت جوہر استعمال کر لیں۔ مختلف کواکب کے بخور یوں ہیں:-

| کوکب | بخور |
|---|---|
| قمر | لوبان، کافور |
| شمس | عود، ہلدی، مشک |



free copy
khalidrathore.com
UpTech Document Processing Solutions

| | |
|---|---|
| زہرہ | زعفران، صندل سرخ |
| عطارد | مصطگی، صندل سرخ |
| مریخ | سندروس مرچ سرخ |
| مشتری | حب الغار، صندل سرخ |
| زحل | میعہ سائلہ مرچ سیاہ |

## دھات

یوں تو نقوش و اعمال روحانی عموماً کاغذ پر ہی تیار کئے جاتے ہیں تاہم جب کوئی خصوصی عمل تیار کرنا ہو یا لوح تیار کرنے کی ضرورت ہو یا کسی کوکب کے شرف وہبوط سے فائدہ اٹھانا ہو یا مستقل نوعیت کا عمل تیار کرنا ہو تو پھر لوح کا تیار کرنا ہی احسن قدم ہے۔ ذیل میں ہر کوکب سے منسوب دھات بیان کی جارہی ہے تاہم عمومی طور پر تمام سعد مقاصد کے لیے آپ چاندی یا سونے کی دھات پر عمل تیار کر سکتے ہیں اور اعمال نحس کے لیے سکے پر۔ تاہم عام آدمی خود لوح تیار نہیں کر سکتا اس کام کو کرنے والے مخصوص لوگ ہوتے ہیں۔ کسی سونے کا کام کرنے والے کی مدد لینا پڑتی ہے یا کوئی اور فرد جو ایسا کام کرتا ہو۔ ذیل میں کواکب بمعہ منسوبی دھات کے تحریر ہیں:۔

قمر---چاندی

شمس---سونا

عطارد---ایلومینیم

مشتری---ٹن

زہرہ---تانبہ

زحل---سکہ

## غیر مسلم

کسی عیسائی، ہندوں یا غیر مسلم کو روحانی عمل تیار کر کے دینا ہو تو لازم ہے کہ حروف کو اعداد میں بدل دے۔ ایسا نقش یا لوح یا طلسم ہو جس میں آیات قران یا اسماء الٰہی براہ راست استعمال نہ ہوئے ہوں۔ صرف ان کے اعداد سے بنا نقش یا لوح وغیرہ غیر مسلم کو دیں تاکہ مقدس کلام و اسماء کی بے حرمتی کا کوئی خدشہ نہ رہے۔

باقی مضمون کے لیے دیکھیں ماہ مارچ کا پرچہ۔


# خزینہ اعداد

اگر یوں کہا جائے کہ انسانی حد تک یہ کتاب اعداد کے موضوع پر ایک جامع صحیفے کی شکل اختیار کر گئی ہے تو غلط نہ ہو گا۔ کتاب میں علم اعداد کے بنیادی امور پر بحث کرنے کے ساتھ ساتھ درج ذیل امور پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔

ہر عدد کی متفرق خصوصیات

سالانہ زائچہ

مدت العمر

مرکب اعداد کے احکام

سوالوں کے جواب معلوم کرنا بمعہ ذاتی قاعدہ

حالات زندگی

عددی ادوار برائے زندگی ماہ اور دن

واقعات کے وقوع میں آنے کا وقت۔

متفرق امور جس میں مختلف قواعد اور مختلف نمبروں کے استخراج پر بحث کی گئی ہے مثلاً مشترک نمبر، معاشی نمبر، آتشی نمبر، بادی نمبر، پیشے کا نمبر وغیرہ وغیرہ۔

قیمت: 50 روپے علاوہ محصول ڈاک

# اسباق دست شناسی

یہ کتاب 'پامسٹری' کے ہر طالب علم کی ضرورت ہے۔

یوں تو دست شناسی کے موضوع پر لاتعداد چھوٹی بڑی کتب بازار میں دستیاب ہیں۔ تاہم اس کتاب کو تحریر کرتے ہوئے اس بات کو مدنظر رکھا گیا ہے کہ قارئین دست شناسی کی دقیق اور فنی بنیادوں کو سمجھ سکیں۔ اس کو اسباق کے طرز پر تحریر کیا گیا ہے۔ اس کتاب کی مدد سے ہر فرد علم دست شناسی کو با آسانی سمجھ سکتا ہے۔ تعین وقت کے حوالے سے اس کتاب میں خصوصی بحث کی گئی ہے۔

قیمت 60 روپے علاوہ محصول ڈاک۔


free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# نظراتِ کواکب

خالد روحانی جنتری 2001 میں تمام سال کی نظرات تحریر کر دی گئی ہیں۔ راہنمائے عملیات میں صرف متعلقہ ماہ کی کوکبی نظرات بیان کی گئی ہیں ------ کس کام آتی ہیں؟ اس بارے میں مکمل تفصیل خالد روحانی جنتری 2001 میں درج ہے۔ مختصر سمجھ لیں سعد نظر متعلقہ کواکب کے حوالے سے اچھے کاموں یعنی شادی، منگنی، نیا کام شروع کرنے، کاروبار یا ترقی وغیرہ کے لیے کوشش کرنے کے لیے مفید ہوتی ہیں۔ جبکہ نحس نظرات دشمنی پیدا کرنے، رزق کی بندش اور نفاق وغیرہ کے لیے ہوتی ہیں۔

قمر کی نظر کا دورانیہ مختصر اور دیگر کواکب کا طویل ہوتا ہے۔ تاہم کوئی عمل نظر کے عین وقت سے آدھا گھنٹہ پہلے شروع کر کے آدھا گھنٹہ بعد تک مکمل کر لیں۔ زود اثر ہوگا

جدول کواکب وغیرہ کے لیے علامتی حروف تحریر کیے گئے ہیں ان کی تفصیل سمجھ لیں۔

پہلے کالم میں نظر واقع ہونے کی تاریخ درج ہے۔

دوسرے یعنی سیارگان کے کالم میں س سے مراد شمس --- ر سے مراد قمر --- د سے مراد عطارد ہے --- ہ سے مراد زہرہ --- خ سے مراد مریخ --- ی سے مراد مشتری --- ل سے مراد زحل --- لس سے مراد یورنس --- ن سے مراد نپچون اور ٹو سے مراد پلوٹو ہے۔

تیسرے یعنی نظر کے کالم میں س سے مراد تسدیس --- ث سے مراد تثلیث --- لہ سے مراد مقابلہ --- ع سے مراد تربیع اور ن سے مراد قران ہے۔ چوتھے یعنی وقت کے کالم میں نظر مکمل ہونے کا وقت فوجی انداز میں تحریر ہے۔ یعنی دوپہر کے ۲ بجے کو ۱۲+۲=۱۴ تحریر کیا گیا ہے۔

## فروری

| تاریخ | سیارگان | نظر | وقت |
|---|---|---|---|
| 1 | رن | ع | 7/28 |
| 1 | س ر | ع | 19/03 |
| 2 | رلس | ع | 8/51 |
| 2 | رخ | لہ | 14/06 |
| 2 | رل | ن | 15/32 |
| 3 | رہ | س | 2/04 |
| 3 | رد | ع | 2/57 |
| 3 | ری | ن | 4/15 |
| 3 | رن | ش | 13/25 |
| 3 | س ٹو | س | 18/07 |
| 4 | خ ل | لہ | 2/34 |
| 4 | رٹو | لہ | 3/31 |
| 4 | س ر | ش | 4/14 |
| 4 | رلس | ش | 13/14 |
| 4 | ہ ی | س | 14/27 |
| 5 | رد | ش | 6/01 |
| 5 | رہ | ع | 8/17 |
| 6 | رل | س | 20/11 |
| 6 | رخ | ش | 22/32 |
| 7 | ری | س | 7/41 |
| 7 | رہ | ش | 11/15 |
| 7 | رن | لہ | 15/59 |
| 8 | رٹو | ش | 4/48 |
| 8 | س ر | لہ | 12/13 |
| 8 | رلس | لہ | 14/02 |
| 8 | رل | ع | 19/34 |
| 8 | رخ | ع | 23/32 |
| 9 | رد | لہ | 2/26 |
| 9 | ری | ع | 7/04 |
| 9 | س لس | ن | 17/21 |
| 10 | رٹو | ع | 4/18 |
| 10 | دخ | ع | 7/59 |
| 10 | رل | ش | 19/29 |
| 11 | رخ | س | 1/19 |
| 11 | ری | ش | 7/31 |
| 11 | ہ ن | س | 13/09 |
| 11 | رن | ش | 16/10 |
| 11 | رد | لہ | 16/19 |
| 12 | رٹو | س | 5/47 |
| 12 | رلس | ش | 16/07 |
| 12 | س ر | ش | 21/23 |
| 12 | رد | ش | 22/32 |
| 13 | دل | ع | 4/26 |
| 13 | س د | ن | 5/18 |
| 13 | س ل | ع | 6/22 |
| 13 | رن | ع | 20/17 |
| 14 | رلس | ع | 22/17 |
| 15 | رد | ع | 00/26 |
| 15 | رل | لہ | 4/34 |
| 15 | س ر | ع | 8/25 |
| 15 | رخ | ن | 15/40 |
| 15 | ری | لہ | 18/46 |
| 15 | دلس | ن | 23/39 |
| 16 | رن | س | 4/35 |
| 16 | رہ | ش | 10/52 |
| 16 | رٹو | ن | 20/12 |
| 17 | رد | س | 5/44 |
| 17 | رلس | س | 8/31 |
| 18 | س ر | س | 00/23 |
| 19 | رہ | ع | 2/01 |
| 19 | خ ی | لہ | 6/58 |
| 20 | رل | ش | 4/04 |
| 20 | ری | ش | 19/40 |
| 20 | رخ | س | 21/04 |
| 21 | س ی | ع | 2/40 |
| 21 | رن | ن | 5/37 |
| 21 | رہ | س | 18/07 |
| 21 | رٹو | س | 21/40 |
| 22 | رد | ن | 00/03 |
| 22 | رلس | ن | 10/43 |
| 22 | رل | ع | 17/19 |
| 22 | س خ | ع | 18/12 |
| 23 | ری | ع | 8/54 |
| 23 | رخ | ع | 12/32 |
| 23 | س ر | ن | 13/22 |
| 24 | رٹو | ع | 10/02 |
| 25 | رل | س | 5/26 |
| 25 | ہ ٹو | ش | 13/31 |
| 25 | ری | س | 20/49 |
| 26 | زرخ | ش | 2/24 |
| 26 | دہ | س | 4/51 |
| 26 | رن | س | 5/46 |
| 26 | رٹو | ش | 20/49 |
| 26 | رد | ن | 21/23 |
| 26 | رہ | ن | 21/49 |
| 27 | رلس | س | 9/35 |
| 28 | رن | ع | 15/10 |
| 28 | س ر | س | 20/04 |

## مارچ

| تاریخ | سیارگان | نظر | وقت |
|---|---|---|---|
| 1 | رد | ع | 7/05 |
| 1 | رلس | ع | 18/00 |
| 1 | خ ن | س | 20/33 |
| 1 | رل | ن | 23/58 |
| 2 | ری | ن | 14/34 |
| 2 | رن | ش | 22/10 |
| 2 | رخ | لہ | 23/04 |
| 3 | س ر | ع | 7/04 |
| 3 | رٹو | لہ | 11/45 |
| 3 | رد | ش | 15/00 |
| 3 | رہ | س | 15/04 |
| 3 | دہ | س | 17/38 |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# راہنمائے علم نجوم

از: خالد اسحاق راٹھور

(گذشتہ سے پیوستہ)

ان ناموں سے یاد آیا کہ مسلم منجم اور تحقیق دان ثابت کرتے ہیں کہ مندرجہ بالا دونوں ادواروں کے نام ہی ہندی و سنسکرت زبان سے تعلق نہیں رکھتے بلکہ یہ فارسی الفاظ ہشت وصدی سے اشٹوتری اور فارسی ہی کے الفاظ بست وصدی سے بنشں وتری وجود میں آتے ہیں اور ظاہر کرتے ہیں کہ ان کا ماخذ کہیں اور ہے۔ یعنی مسلم منجموں ہی کا یہ نظریہ ہے جس کا نام بگاڑ کر ہندوؤں نے اپنی زبان میں مروج کر لیا ہے۔

کسی دوسرے طریقے پر تو نہیں البتہ ادوار کے نظام کو سیانہ طرز پر استعمال کرنے پر ہندی طریقہ کار کے داعی سخت اعتراض کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ اصل طریقہ کار کی روح کے منافی ہے اس لئے کیسے درست نتائج دے سکتے ہیں۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ہندی ماہرین ابتک خود حتمی طور پر اس بات پر اتفاق نہیں کر سکتے کہ یہ ادوار کس نے اور کس بنیاد پر اخذ کیے ہیں۔ اور کیا واقعی پاراشر خود ان ادوار کا خالق ہے بھی یا نہیں۔

**(5) سہائم:** نجومی احکام اور زندگی کے مختلف حالات و واقعات اخذ کرنے کے چار اہم اور زیادہ استعمال میں آنے والے طریقہ کار کو بیان کیا جا چکا ہے لیکن شاید مجھے قلبی اطمینان اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک میں ایک اور طریقہ کار جو واقعات کی مدت اخذ کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتا کو بیان نہ کر دوں۔

یہ طریقہ کار نجوم میں 'سہائم' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ عربی لغت سے یہ لفظ لیا گیا ہے اور مسلم ماہرین نجوم وہندسہ ہی کی تحقیقی کاوش کا نچوڑ ہے۔ یہ لاجواب طریقہ کار جس کو غیر مکمل طور پر اپنانے کے لیے تیار ہیں ہمارے ہاں شاید ہی استعمال ہوتا ہوگا۔ مسلم منجموں کی عظیم علمی قابلیت کا شاہکار ہماری لاپرواہی کا شکار ہے اور اس وقت کا انتظار کر رہا ہے۔ جب ایک دفعہ پھر اس کو فروغ حاصل ہوگا۔ اس بارے میں مزید تفصیل کتاب کے آخری باب میں بیان کی گئی ہے۔

## بروج

اب جبکہ علم نجوم کے بارے میں ایک خاکہ آپ کے ذہن میں ترتیب پا چکا ہے۔ علم نجوم کے ابتدائی امور کو بیان کیا جاتا ہے۔ ذیل میں جو معلومات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ان سے صرف نظر ہرگز مت کریں۔ یہ وہ امور ہیں جو ہر جگہ بنیاد کا کام دیتے ہیں اور جن کے بغیر نجومی قواعد کو سمجھنا آپ کے لئے ممکن نہ ہوگا۔ اس لئے آہستگی کے ساتھ آگے بڑھیں۔ مگر اعتماد رکھیں۔ تاکہ کامیابی حاصل کرنے میں دشواری نہ ہو۔

free copy

**بروج:** دائرۃ البروج کے عقب میں آسمان پر ستاروں کے بارہ گروہ پائے جاتے ہیں۔ ان ہی کو بارہ بروج کہا جاتا ہے۔ ہر برج تیس درجے کا ہوتا ہے اور کل بارہ بروج تین سو ساٹھ درجے پر مشتمل ہوتے ہیں۔ کیونکہ بروج کی ابتداء برج حمل سے ہوتی ہے۔ اس لئے پہلے تیس درجے برج حمل کو دیے جاتے ہیں۔ جدول نمبر 1 میں تمام بروج کو دیئے گئے درجات اور ان کا عرصہ حکومت ہر برج کا حاکم کوکب اور منسوبی حروف بیان کئے گئے ہیں دیا گیا ہے۔

khalidrathore.com

کواکب وبروج کی انفرادی واجتماعی خصوصیات ان کے باہمی تعلقات، ان کی تقسیم ان کی سعادت ونحوست وغیرہ ایسے امور ہیں جن کی اہمیت کسی بھی قاعدے میں کم نہیں ہوتی بلکہ یہ ہر جگہ بنیاد کا کام دیتے ہیں۔ اگر آپ بنیاد پر حاوی ہو گئے تو کوئی وجہ نہیں کہ عمارت کے خدوخال کو سمجھنا آپ کے لئے مشکل ہو۔

| نمبر شمار | بروج | عرصہ حکومت | درجات | حاکم کوکب | منسوبی حروف |
|---|---|---|---|---|---|
| 1- | حمل | 21 مارچ تا 20 اپریل | 0-30 | مریخ | ا، ل، ع، ی |
| 2- | ثور | 21 اپریل تا 20 مئی | 31-60 | زہرہ | ب، ذ |
| 3- | جوزا | 21 مئی تا 20 جون | 61-90 | عطارد | ک، ق |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 4- | سرطان | 21 جون تا 20 جولائی | 91-120 | قمر | ح ہ |
| 5- | اسد | 21 جولائی تا 20 اگست | 121-150 | شمس | م |
| 6- | سنبلہ | 21 اگست تا 20 ستمبر | 151-180 | عطارد | پ ڈ غ |
| 7- | میزان | 21 ستمبر تا 20 اکتوبر | 181-210 | زہرہ | ن ٹ ظ |
| 8- | عقرب | 21 اکتوبر تا 20 نومبر | 211-240 | پلوٹو مریخ | ظ ذ ض ڈ ن |
| 9- | قوس | 21 نومبر تا 20 دسمبر | 241-270 | مشتری | ف |
| 10- | جدی | 21 دسمبر تا 20 جنوری | 271-300 | زحل | ج خ گ |
| 11- | دلو | 21 جنوری تا 20 فروری | 301-330 | زحل یورانس | س ص ش ث |
| 12- | حوت | 21 فروری تا 20 مارچ | 331-360 | مشتری نیپچون | ذ چ |

یاد رکھیں جب تک آپ علم نجوم کی بنیاد سے واقفیت حاصل نہیں کریں گے۔ قدم قدم پر کتابوں اور راہنمائی کے محتاج ہونگے اور کبھی بھی وہ وقت نہیں آئے گا۔ جب آپ ممکن انسانی حد تک اس علم پر حاوی ہوسکیں۔

بطور مثال ایک معمولی سی بات ہے۔ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ برج حمل سے تعلق رکھنے والے تیز طرار عجلت پسند بے باک' گرم جوش قوت حیوانی سے بھرپور ہوتے ہیں۔ تو اس بات کی پشت پر کئی امور ہوتے ہیں جو برج حمل کو یہ شکل دیتے ہیں اور جو برج حمل کی ان خصوصیات میں کمی بیشی کا باعث ہوتے ہیں۔ مختصراً دیکھیں' عنصری لحاظ سے حمل' آتشی (آگ) برج ہونے کے باعث جوش و ولولہ دیتا ہے ماہیتی لحاظ سے حمل' منقلب (متحرک) برج ہونے کے باعث تیزی اور عمل پسندی کا رجحان عطا کرتا ہے مزید برج حمل بطور مذکر حاکمیت اور احساس برتری عطا کرتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ ایک نظر اس کے کوکب مریخ پر ڈالیں۔ جو کہ بذات خود مذکر ہے۔ سو حاکمیت اور احساس برتری کو بڑھانے کا باعث بنتا ہے۔ مریخ منسوب اسلحہ وغیرہ سے ہے۔ اسی وجہ سے (یعنی جوش و ولولہ سرگرمی + اسلحہ) حملی افراد فوج اور جاسوسی وغیرہ جیسے پیشوں میں کامیاب ہوتے ہیں۔ مزاج کی گرمی سردی کی وجہ سے حملی افراد' تپ' فشار خون و فساد خون اور بواسیر جیسے امراض کا شکار ہوتے ہیں۔ مزید دیکھیں تو مریخ کو گرم' سخت' خود غرضی' خرابی خون' تیز طراری سے منسوب کیا جاتا ہے۔

مفہوم اس تمام بات کا یہ ہوا کہ کسی بھی برج اور اس کے کوکب کی عنصری ماہیتی و جنسی طاقتی حالت وغیرہ اقسام ایسی ہیں جو متعلقہ برج کی خصوصیات (چاہے وہ منفی ہوں یا مثبت) کو تشکیل دینے اور کمی بیشی کا باعث بنتی ہیں۔

جدول نمبر 2

| ماہیت/عنصر | آتشی | بادی | خاکی | آبی |
|---|---|---|---|---|
| منقلب | حمل | میزان | جدی | سرطان |
| ثابت | اسد | دلو | ثور | عقرب |
| ذوجسدین | قوس | جوزا | سنبلہ | حوت |

**عنصری تقسیم:** آتشی بروج کے عنوان کے سامنے آپ کو تین بروج حمل اسد اور قوس کے نام لکھے ہوئے ملیں گے لیکن سوچنے اور ذہن میں رکھنے کی بات یہ ہے کہ کیا بلحاظ آتش عنصر تینوں بروج کی خصوصیات ایک جیسی ہیں یا نہیں؟ یاد رکھیں برج حمل میں آتشی عنصر کی خصوصیات انتہا پر ہوتی ہیں' برج اسد یعنی درمیانے برج میں متوازن اور برج قوس یعنی تیسرے برج میں آتشی عنصر کی خصوصیات مزید کم ہوتی ہیں اور متوازن سطح سے نیچے آجاتی ہیں۔

قوت کی کمی بیشی کا یہ کلیہ جو اوپر بیان کیا گیا ہے۔ ہر جگہ اسی طرح استعمال ہوتا ہے اس کو ذہن میں رکھیں امید ہے دوبارہ اس کو دہرانے کی ضرورت نہیں پڑے گی عنصری لحاظ سے بروج کی تقسیم پہلے بیان کی جاچکی ہے۔

**آتشی بروج:** مختصراً کہا جاسکتا ہے کہ آتش تکون سے تعلق رکھنے والے افراد پُرجوش' سرگرم' جوشیلے' تیز طرار' پیش آمدہ رکاوٹوں کو تہس نہس کرنے والے۔ بے باک' اپنی ڈگر پر چلنے والے' پوری توانائی اور نئی سوچ کے ساتھ کام شروع کرنے والے اور ذہین ہوتے ہیں۔ آتشی بروج سے منسوب افراد کی خصوصیات کو صرف ایک فقرے میں مقید کیا جاسکتا ہے۔ اگر ہم یہ کہیں کہ ان کی خصوصیات وہی ہیں جو آگ کی۔ "خیال رہے ہر تصویر کے دو رُخ ہوتے ہیں۔ ایک مثبت اور ایک منفی' آتشی بروج کا مثبت پہلو تو آپ نے دیکھا اب ذرا اس کی منفی پہلو کو بھی جان لیں۔ ان کی منفی خصوصیات میں اس کا سمجھے بوجھے بغیر کسی کام یا معاملے میں دخل اندازی' بے دھڑک ہو کر خطرناک اور تباہ کن امور میں مداخلت اور حصہ لینا' وقت بے وقت غیر ضروری شوخی اور زندہ دلی کا مظاہرہ کرنا شامل ہے۔ علم نجوم پر سلسلے وار اسباق جاری ہیں

free copy
khalidrathore.com
Unitech Document Processing Solutions

## بقیہ برج دلو

### برج دلو برج دلو کے ساتھ

### دلو مرد دلو عورت

دلو لڑکی کو قوس قزح سے تشبیہ دی جاتی ہے جس کے کئی روپ ہوتے ہیں۔ دلو خاتون محبت کے معاملے میں کسی مکر و فریب کا شکار نہیں ہوتی۔ اسے کسی معاملے میں قائل کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ وفا شعار' نیک طبیعت اور ہمدرد ہوتی ہے۔ اپنی زندگی خاص طریقوں پر گزراتی ہے اور یہ طریقے اپنی اولاد میں بہت اچھے طریقے سے منتقل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

### دلو عورت دلو مرد

دلو مرد کی سوچ بہت آگے کی ہوتی ہے۔ ان کی فطرت' محبت' ہوتی ہے۔ ذرا سی کوتاہی پریشان کن حالات پیدا کر سکتی ہے۔ لیکن یہ کیفیت عارضی ہوتی ہے۔ دلو مرد بہت فراخ دل' مہربان اور کامیاب و نامور ہوتے ہیں۔ دلو مرد کے منصوبوں اور تخلیقات پر تنقید کرنے کی بجائے اس کی حوصلہ افزائی کرنا دلو زوجہ کے لیے مفید ہوتا ہے۔

### برج دلو برج حوت کے ساتھ

### دلو عورت حوت مرد

حوت افراد جذباتی' سنجیدہ اور عملی ہوتے ہیں۔ ترقی و مالی استحکام کے لیے بہت خوب منصوبہ بندی کرتے اور اکثر کامیاب رہتے ہیں۔ دلو خواتین کے بہترین شریک حیات اور ان کی مدد کو سراہنے والے ہوتے ہیں۔ اثر و رسوخ حاصل کرنے میں حوت مرد کی کامیابیاں ان کی مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ جذباتی گہرائی' دوستی اور نت نئے خیالات سے دلو خواتین کی مدد کرتے ہیں۔ اور ان سے بھی یہی توقع رکھتے ہیں۔

### دلو مرد حوت عورت

حوت لڑکی کو اپنانے کے بعد دلو مرد کو یہ خیال رکھنا چاہیے کہ وہ ہر لمحہ محبت چاہتی اور اونچے اونچے خواب دیکھتی ہے۔ لیکن مرد کو کبھی تنگ کر کے خوشی حاصل نہیں کرتی۔ سلیقہ مندی' ذہانت اور خوبصورت موتیوں سے آراستہ حوت عورت دلو خاوند سے بہت محبت کرنے والی ہوتی ہے۔ خاندان میں ایک باوقار اور چاہے جانے والی شخصیت ہوتی ہے۔

## بقیہ پانسے

طور سے ایک اجنبی مددگار ثابت ہوگا۔

(۶) چھ عدد کسی کام میں نقصان ہوگا۔ روپے پیسے یا کاروباری معاملات میں گھاٹا رہے گا۔

(۷) سات عدد بڑی احتیاط کی ضرورت ہے کسی سکینڈل یا جھوٹے الزامات سے آپ پریشان ہو سکتے ہیں۔

(۸) آٹھ عدد بیرونی دباؤ مضبوط ہوگا۔ جھوٹا الزام اور ناانصافی سے آپ پریشان ہو جائیں گے۔

(۹) نو عدد جھگڑے کے بعد صلح ہو جائے گی۔ مخالف معافی مانگ لیں گے۔

(۱۰) دس عدد بچے کی پیدائش کی پیشن گوئی' گھریلو خوشی' ترقی اور کاروبار میں خوشی میسر آئے گی۔

(۱۱) گیارہ عدد قریبی دوست یا رشتہ دار سے علیحدگی ہو جائے گی۔ بیماری لاحق ہونے کا احتمال بھی ہوگا۔

(۱۲) بارہ عدد اچھی خبر ملے گی۔ جو خط یا فون کے ذریعہ معلوم ہوگی۔ جواب دینے کے لیے مشورہ کرنا ضروری ہوگا۔

(۱۳) تیرہ عدد مایوسی اور افسردگی گھیراؤ کریں گی۔ جو کہ لمبے عرصہ تک قائم رہیں گی۔

(۱۴) چودہ عدد ایک دوست آپ کی مدد کرے گا۔ آپ کو اجنبی شخص یا ایک دوست مددگار ثابت ہوگا۔

(۱۵) پندرہ عدد آپ کو احتیاط کرنے کی ضرورت ہوگی۔ مالی معاملات میں بے ایمانی پر کوئی آمادہ کرے گا۔

(۱۶) سولہ عدد یہ عدد سفر درپیش ہونے کی علامت ہے۔ سفر کا مقصد مفید ہوگا۔

(۱۷) سترہ عدد آپ کے معمول کے کاموں میں تبدیلی آئے گی جو کہ آپ کے کسی عزیز کے ذریعہ ہوگی۔ جو کسی دوسرے ملک میں قیام پذیر ہے۔

(۱۸) اٹھارہ عدد یہ عدد سب کے لیے بہترین ثابت ہوتا ہے۔ کامیابی خوشحالی اور خوشی میسر ہونے کی علامت ہے۔

free copy
khalidrathore.com

# آپ کی قسمت میں کیا ہے

خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے زیر اہتمام زائچہ سازی کا ایک خصوصی پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ آپ بھی زائچہ بنوا کر اپنے یا کسی بھی فرد کی زندگی کے مختلف پہلوؤں اور حالات زندگی کے بارے میں جان سکتے ہیں۔ زیر بحث زائچے میں عمومی طور پر زندگی کے پہلوؤں پر روشنی ڈالنے کے ساتھ ساتھ زائچہ پیدائش اور خوش قسمتی کے مختلف امور کو بیان کیا جائے گا۔

**زائچے میں جو امور زیر بحث آئیں گے ان کی تفصیل یہ ہے۔**

۱۔ زائچہ پیدائش بمعہ کواکبی حالت وطالع پیدائش وغیرہ
۲۔ مزاج و کردار
۳۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات
۴۔ محبت اور رومانس
۵۔ مشاغل
۶۔ صحت
۷۔ مالی حالت
۸۔ طریق زندگی
۹۔ کیریئر
۱۰۔ روزگار
۱۱۔ خوش قسمتی کا پتھر
۱۲۔ خوش قسمتی کی دھات
۱۳۔ خوش قسمتی کا رنگ

**آج ہی اپنا اپنے بیٹے / بیٹی شریک حیات یا کسی بھی پسندیدہ فرد کا زائچہ بنوائیں۔**

فیس صرف 400 روپے

زائچہ بنوانے کے خواہش مند فیس بذریعہ منی آرڈر درج ذیل پتے پر ارسال کریں۔ ساتھ ہی زائچہ بنوانے کے لیے ضروری کوائف یعنی نام، تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور مقام پیدائش خط کے ذریعے ارسال کریں۔

خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11 محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو، لاہور

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
UdTech Document Processing Solutions

# تسخیر ملکہ نجمہ

از: غلام قادر بلوچ، مسقط۔

قارئین اکرام: آج کی محفل میں آپ حضرات کی خدمت میں ایک نایاب عمل پیش کر رہا ہوں اس عمل کے ذریعے ملکہ نجمہ بنت الملک لاأحمر مسخر ہوتی ہے اور وہ تابع فرما ہو کر اپنے عامل کا حکم بجالاتی اور ہر کام خشم زدن کرتی ہے جس کا جی چاہے تجربہ کر کے دیکھ لیں۔

استخدام المملکۃ نجمہ:-

(۱) اس عمل کو کرنے کا جب ارادہ ہو تو خلوت اختیار کریں

(۲) نوچندی جمعرات سے اس عمل کا آغاز کریں

(۳) نماز پنجگانہ پابندی سے پڑھیں

(۴) عمل کے لئے آبادی سے دور کسی پاک صاف جگہ کا انتخاب کریں

(۵) دوران عمل پرہیز جلالی و جمالی رکھیں

(۶) حصار ضرور کریں تاکہ رجعت کا خوف نہ ہو

(۷) لباس احرامی زیب تن کریں

(۸) دوران عمل بخور صندل سُرخ استعمال کریں

(۹) اول یوم رجال الغیب کو پشت میں رکھیں

(۱۰) اکتالیس یوم کا عمل ہے

(۱۱) اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف اور عبارت عمل کو اکتالیس بار بعد نماز عشاء پڑھیں

(۱۲) پڑھائی شروع کرنے سے قبل ذیل خاتم کو اپنے سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھیں

جبرائیل　　میکائیل

| |
|---|
| انہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم الاتعالوعلی واتونی مسلمین |

اسرافیل　　عزرائیل

احضری یاملکۃ نجمۃ بنت الماک الحمر العجل الوحا الساعۃ

(۱۳) جب آپ یہ عمل پڑھنا شروع کریں گے تو دوران عمل بہت ساری ارواح مختلف شکلوں میں آئے گے اور وہ خوف دلائیں گے تاکہ آپ اپنا عمل جاری نہ رکھ سکیں لیکن آپ اپنا قلب قوی رکھیں اور اُن کی طرف توجہ نہ دیں پھر مختلف صورتوں میں عورتیں نظر آئیں گی اور طرح طرح کا لالچ دیں گی آپ ہرگز اُن کی باتوں میں نہ آئیں اور جو کچھ مشاہدات ہو کسی پر ظاہر نہ کریں۔

آخری یوم ملکہ نجمہ حاضر ہو گی اور وہ آپ سے حاجت دریافت کرے گی آپ اُن سے تابعداری کا عہد لیں۔ وہ اپنی چند شرائط پیش کرے گی لہذا آپ نہایت ہی سوچ سمجھ کر شرائط طے کریں بعد وہ ایک خاتم اپنی نشانی عنایت کرے گی۔

آپ دل و جان سے اس کی حفاظت کریں اور کسی پر اس کو ظاہر نہ کریں اور نہ ہی یہ راز افشا کریں کہ آپ نے ملکہ نجمہ مسخر کیا ہے۔ بوقت ضرورت اُس کے بتائے ہوئے طریقے پر حاضری کیا کریں۔

(۱۴) دعوۃ قسم مندرہ ذیل ہے:-

**بسم الله الرحمن الرحيم**

**أقسمت عليك يَا ملك سمسمائيلُ باللهِ العظيم القديم في أزليته الحكيم في حُكمه أقسمت عليك بحقِ فجشٍ نطخزٍ الفرد الجبار الشكور الثابت اظهير الخبير الزكي أُجب يا ملك سمسمائيلُ أنت وخدامك من الروحانية والأرضية بحقِ ماتلوته عليكم من أسماء الله العظام اشهيد الشكور الشديد العقاب علٰى من عصٰى أسماء أقسمت عليك يَا ملك سمسمائيل الملك الموكل بفلك المريخ بحق من له' الملك والكبرياء والعظمة الثنا' تبارك اللهُ أحسن الخالقين عالم الغيب والشهادة الكبير المتعال أجب يَا ملك سمسمائيل' بحقِ هذه الاسماء عليك وَتوكل بحضور الملكه نجمه أنتِ وأعوانك و خدامك بحقِ ماتلوته عليكم الطاعة لله ولأسمائه العجل الوحا الساعة بارك الله فيكم وعليكم۔**

free copy
khalidrathore.com

## نظرات کواکب
## شرف وہبوط قمر
# عملیات نادرہ
تحریر خالد اسحاق راٹھور

**کوئی بھی نقش تیار کرنے سے قبل ان ہدایات کو بغور پڑھ لیں**

**غلط طرز عمل:** راہنمائے عملیات میں درج تمام اعمال استفادہ عام کے لیے شائع کیے جاتے ہیں ان کا غلط استعمال کرنے والا نتائج کا خود ذمہ دار ہوگا۔

**وقت:** ان صفحات میں نظرات کے جو اوقات درج ہیں ان میں کسی شہر کے لیے کچھ جمع تفریق کرنے کی ضرورت نہیں۔ پاکستان میں ان اوقات کے مطابق کام کریں۔ ہاں ساعت کے اوقات ہر شہر کے لیے فرق ہوں گے۔

**رجال الغیب:** رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ رجال الغیب حرکت کرتے ہیں اور اس وجہ سے ان کی سمت تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ جب عمل کرنے بیٹھیں تو ان کی طرف منہ کر کے سلام کریں (السلام علیکم یا رجال الغیب) اور پھر ان کی طرف پشت کر کے عمل تحریر کریں۔ ذیل میں تحریر ہے کن تاریخوں میں یہ کس سمت ہوتے ہیں۔ مشرق -۷-۱۴-۲۲-۲۹--شمال مشرق -۶-۲۱- ۲۸ شمال ۸- ۱۵- ۲۳--۳۰-- شمال مغرب ۵-۱۳- ۲۰-- مغرب ۴-۱۲-۱۹-۲۷ -- جنوب مغرب ۲-۱۰-۱۷-۲۵ --جنوب ۳-۱۱-۱۸-۲۶ --جنوب مشرق ۱-۹-۱۶-۲۴۔

**حصار:** عمومی اعمال کے دوران حصار کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین دفعہ درود شریف پڑھیں اور پھر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور پھر تین دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر اچھی طرح پھونک لیں اور اپنے اردگرد جتنے حصے میں دوران عمل آپ نے حرکت کرنی ہے دائرہ بنا لیں۔ یہ دائرہ سادہ انگلی پھیرنے یا لوہے کی نوک دار شے سے بھی بنا سکتے ہیں۔

**صلوۃ حاجت:** عمل ختم کر کے دو رکعت صلوۃ الحاجت ادا کریں اور حصول مقصد کے لیے دعا کریں۔

**صدقہ:** نقش لکھنے کے بعد صدقہ ضرور دیں۔ ہر عمل کا صدقہ حسب حثیت الگ دیں ورنہ رجعت کا امکان رہتا ہے۔ صدقہ نقش لکھنے سے قبل تیار کر کے رکھیں۔ ایک دفعہ رجعت ہو جائے تو علاج مشکل ہوتا ہے یا کافی تکلیف اور پریشانی اٹھانا پڑتی ہے۔

**سیاھی:** سعد کاموں کے لیے نقش زعفران سے تحریر کریں۔ اور قلم کسی میٹھے پھل دار پودے کی شاخ کا بنا لیں۔ نحس کاموں کے لیے نقش کالی سیاہی سے تحریر کریں اور قلم لوہے کی نب والا لے لیں۔

**بخور:** سعد مقاصد کے لیے زعفران اور صندل کا بخور جلا لیں۔ نحس مقاصد کے لیے رال کا بخور جلائیں۔

**لباس:** نقش لکھتے وقت کپڑے پاک صاف ہوں۔ چاہے عمل نحس ہو، لباس پاک ہو۔

**چال:** نقوش کے ہمراہ چال بھی درج ہے۔ سو ہر نقش بمطابق چال تحریر کریں۔ وہ تمام نقوش جو چال کے مطابق نہیں ہوتے ان کے موثر ہونے میں شبہ ہے۔ بلا چال نقش غلط اور اصول عملیات کے خلاف ہے۔ نقش ہمیشہ چال کے مطابق لکھنا چاہیے۔ ورنہ فائدہ نہ ہوگا۔

**زکات / اجازت:** راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کو مضمون ہذا کے عملیات ذاتی مقاصد کے لیے تیار کرنے کی عام اجازت ہے۔ کسی قسم کی زکات دینے کی ضرورت نہ ہے۔ تاہم کسی دوسرے کے لیے تحریر کریں تو صاحب زکات ہونا ضروری ہے۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions


راہنمائے عملیات کو اپنے دوستوں، رشتے داروں اور علوم مخفی کے ماہرین سے متعارف کروائیں

## مریخ مقابلہ زحل

## دشمن کی املاک کو نقصان پہنچانے کے لیے

۴ فروری صبح ۲ بجکر ۴۴ منٹ

ان دونوں کواکب کی نظر مقابلہ کسی فرد کو جائداد و املاک سے بے دخل کرنے، جائداد و املاک کو نقصان پہنچانے اور تباہ کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے درج ذیل نقش کو بمطابق چال و شرائط مٹی کی پلیٹ یا لوح پر تحریر کر کے اس کو اس جائداد وغیرہ میں دفن کر کے۔ ساتھ ہی اسم الٰہی "یا قابض" کا ذکر مغرب کی نماز کے بعد اس فرد کو سزا دینے کی نیت سے نو سو تین دفعہ کریں۔ ایسے اعمال کرتے ہوئے جائز ناجائز کا خیال ضرور رکھیں۔ نقش بمعہ چال و عزیمت درج ذیل ہے۔

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۱۳ |
| ۶ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۶۲ | ۳۷۶ | ۳۷۳ | ۳۷۰ |
| ۳۷۴ | ۳۶۹ | ۳۶۳ | ۳۷۵ |
| ۳۶۸ | ۳۷۱ | ۳۷۸ | ۳۶۴ |
| ۳۷۷ | ۳۶۵ | ۳۶۷ | ۳۷۲ |

اللھم دمر فلاں بن فلان جائر ظلماً واخذلہ

## زہرہ تسدیس مشتری

## تسخیر، اعلیٰ احکام اور جنس مخالف کی

۴ فروری دوپہر ۲ بج کر ۲۷ منٹ

جب کسی اعلیٰ عہدے دار یا کسی حکومتی فرد کی تسخیر مطلوب ہو یا جنس مخالف خصوصاً عورت کی تسخیر مطلوب ہو تو یہ وقت موزوں ثابت ہوتا ہے۔ کسی حکومتی عہدے دار یا طاقت ور فرد یا سیاسی نمائندے وغیرہ سے کوئی مطلب ہو اور اس کی تسخیر مطلوب ہو تو عین اس نظر کے اوقات

میں درج ذیل نقش کو باشرائط مطابق چال تحریر کر لیں۔ جب متعلقہ فرد کے پاس جائیں تو اس کو سر پر رکھی ٹوپی یا پگڑی میں چھپا لیں۔ انشاءاللہ حصول مقصد ہوگا۔

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۷ | ۶ |
| ۹ | ۵ | ۱ |
| ۴ | ۳ | ۸ |

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹۹ | ۲۰۴ | ۲۰۳ |
| ۲۰۶ | ۲۰۲ | ۱۹۸ |
| ۲۰۱ | ۲۰۰ | ۲۰۵ |

## شادی کا عمل

جیسے کہ اوپر تحریر کیا۔ جنس مخالف اور شادی کے مطلب کے واسطے بھی اس وقت عمل تیار کیا جا سکتا ہے۔ کسی کی شادی کا مسئلہ درپیش ہو اور رکاوٹ ہو یا مطلوبہ جگہ نہ ہوتی ہو تو درج ذیل نقش کو لکھ کر سائل کو اپنے پاس رکھنے کے لیے دیں۔ انشاءاللہ حصول مقصد ہوگا۔

چال

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۵ | ۳ | ۳۴ | ۳۲ | ۶ |
| ۳۰ | ۸ | ۲۸ | ۲۷ | ۱۱ | ۷ |
| ۱۳ | ۲۳ | ۲۲ | ۲۱ | ۱۴ | ۱۸ |
| ۲۴ | ۱۷ | ۱۶ | ۱۵ | ۲۰ | ۱۹ |
| ۱۲ | ۲۶ | ۹ | ۱۰ | ۲۹ | ۲۵ |
| ۳۱ | ۲ | ۳۳ | ۴ | ۵ | ۳۶ |

نقش

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۶ | ۷۰ | ۳۸ | ۶۹ | ۶۷ | ۴۱ |
| ۶۵ | ۴۳ | ۶۳ | ۶۲ | ۴۶ | ۴۲ |
| ۴۸ | ۵۸ | ۵۷ | ۵۶ | ۴۹ | ۵۳ |
| ۵۹ | ۵۲ | ۵۱ | ۵۰ | ۵۵ | ۵۴ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴٧ | ٦١ | ۴۴ | ۴۵ | ٦۴ | ٦٠ |
| ٦٦ | ٣٧ | ٦٨ | ٣٩ | ۴٠ | ٧١ |

## عطارد تربیع زحل

## طرفین میں اختلاف، الگ الگ کرنا

۱۳ فروری صبح ۴ بجکر ۲۶ منٹ

جب ایسے حالات ہوں کہ ظالموں کے گروہ یا غلط لوگوں کے درمیان اختلاف پیدا کرنا یا ان کو باہم الگ الگ کرنا یا ان میں تفریق پیدا کرنا مقصود ہو تو درج ذیل عمل کریں۔

طرفین یا گروہ کے افراد کے نام بمعہ نام والدہ لے لیں۔ پھر درج ذیل حروف کے ساتھ ان ناموں کی بسط حروفی کر کے امتزاج دے۔ جتنے افراد کے درمیان اختلاف پیدا کرنا مطلوب ہو اتنے ہی دفعہ یہ سطر امتزاج الگ کاغذ پر سیاہ روشنائی سے تحریر کریں۔ خیال رہے عمل وقت سے پہلے استخراج کر لیں اور عین وقت پر بمطابق شرائط اس کو تحریر کریں۔ اگر وقت کی پابندی نہ کی تو پھر ان نقوش کے لکھنے کا فائدہ نہ ہوگا۔ بہر حال یہ نقوش تحریر کرنے کے بعد اس کو ایسی زمین میں دفن کر دیں جہاں یہ کاغذ جلد ہی گلنے سڑنے لگیں۔ بہت سخت اور چکنی مٹی نہ ہو۔ پتھریلی ہو تو دفن کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ رضا الٰہی سے ان لوگوں کے درمیان آہستہ آہستہ اختلاف پیدا ہوگا اور وہ ایک دوسرے سے الگ اور ناراض ہو جائیں گے اور اس طرح آپ کا مقصد حاصل ہو جائے گا۔

حروف جن سے سطر امتزاج بنانی ہے، یہ ہیں:۔

"ف۔ش۔ذ"

## شمس تربیع زحل

۱۳ فروری صبح ٦ بجکر ۲۲ منٹ

## مریخ مقابلہ مشتری

۱۹ فروری صبح ٦ بجکر ۵۸ منٹ

## اختلاف پیدا کرنے اور مخالف کو پریشان کرنے کے لیے

مندرجہ بالا دونوں نظرات کے دوران پر درج ذیل عمل کر سکتے ہیں۔

مٹی کا غیر استعمال شدہ برتن لیں جو ایسا ہو جن پر درج ذیل نقش تحریر ہو سکتا ہو۔ پھر عین وقت پر مطابق شرائط اس نقش کو مٹی اس برتن یا پلیٹ وغیرہ پر تحریر کر کے ایسی جگہ زمین میں دفن کر دیں جہاں سے نکل نہ سکتا ہو۔ بس آپ کا مقصد حاصل ہو جائے گا۔ نقش کے نیچے درج ذیل عبارت فریقین سے مکمل کر کے تحریر کر دیں۔ نقش بمعہ چال درج ذیل ہے۔

چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ١١ | ١۴ | ١ |
| ١٣ | ٢ | ٧ | ١٢ |
| ٣ | ١٦ | ٩ | ٦ |
| ١٠ | ۵ | ۴ | ١۵ |

نقش

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٢٢۵ | ٢٢٨ | ٢٣٢ | ٢١٨ |
| ٢٣١ | ٢١٩ | ٢٢۴ | ٢٢٩ |
| ٢٢٠ | ٢٣۴ | ٢٢٦ | ٢٢٣ |
| ٢٢٧ | ٢٢٢ | ٢٢١ | ٢٣٣ |

## شمس تربیع مریخ

## مخالفین کی تباہی، ناکامی، بربادی

۲۲ فروری شام ٦ بجکر ۲۲ منٹ

مندرجہ بالا مقاصد کے لیے جو اصحاب عمل کرنا چاہتے ہیں وہ درج ذیل سطور کو تسلی سے پڑھیں اور وقت سے قبل تمام انتظام کر لیں۔ ورنہ عین وقت پر تمام عمل کرنا ممکن نہ ہوگا۔

عمل یوں ہے کہ پہلے کسی بوسیدہ قبر سے مٹی لے آؤ اور عین وقت پر درج ذیل نقش تحریر کرو۔ نقش کی سیاہی کو خشک ہو لینے دو۔ اس کے خشک ہوتے ساتھ ہی اس کو چھوٹے چھوٹے لاتعداد پرزوں میں تبدیل کر دو۔ پھر ان پرزوں پر پانی کے چند قطرے اس طرح ڈالو کہ یہ معمولی نمی لیے ہوئے محسوس ہوں۔ پھر ان پرزوں اور مٹی کو باہم اچھی طرح ملا دیں۔

جب یہ کام مکمل ہو جائے تو اس تمام مواد کو مخالف کے گھر

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

کے احاطے وغیرہ میں ڈال دو۔ یہ عمل بھی عین نظر کے وقت میں کرنا ہے۔ اس عمل کو کرنے کے لیے اس جگہ کا انتخاب کریں جو آپ کے مخالف کے گھر کے قریب ہو تاکہ تمام عمل مخصوص وقت کے اندر اندر مکمل ہو سکے۔ تاہم اگر حالات کی وجہ سے اس عمل کا آخری حصہ عین نظر کے اوقات میں مکمل کرنا ممکن نہ ہو تو پھر اس کو بعد میں بھی کر سکتے ہیں۔ تاہم بہتر یہی ہے کہ ایک ہی وقت میں سب کچھ مکمل ہو جائے۔ نقش بمعہ چال یوں ہے۔

چال

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۹ | ۴ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۶ | ۱ | ۸ |

نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۹۹ | ۱۰۶ | ۱۰۱ |
| ۱۰۴ | ۱۰۲ | ۱۰۰ |
| ۱۰۳ | ۹۸ | ۱۰۵ |

## عطارد تسدیس زہرہ

## تحریر و تقریر میں کامیابی

۲۶ فروری صبح ۴ بجکر ۱۵ منٹ

وہ لوگ جن کا تعلق تحریر و تقریر سے ہے اور وہ اس سلسلے میں کچھ مشکلات محسوس کرتے ہیں۔ وہ اس وقت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ عین وقت پر بمطابق شرائط و چال درج ذیل نقش کو تحریر کر کے لاکٹ میں ڈال لیں اور یہ لاکٹ آپ کے گلے میں اس طرح ہو کہ تعویذ سینے پر آ کر رکے۔ انشاء اللہ تحریر و تقریر کے امور میں آپ کو حد درجہ کامیابی حاصل ہوگی۔ نقش اور چال درج ذیل ہیں۔

چال

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۶ | ۲۰ | ۱۴ | ۱ | ۴۴ | ۳۸ | ۳۲ |
| ۳۴ | ۲۸ | ۱۵ | ۹ | ۳ | ۴۶ | ۴۰ |
| ۴۲ | ۲۹ | ۲۳ | ۱۷ | ۱۱ | ۵ | ۴۸ |
| ۴۳ | ۳۷ | ۳۱ | ۲۵ | ۱۹ | ۱۳ | ۷ |
| ۲ | ۴۵ | ۳۹ | ۳۳ | ۲۷ | ۲۱ | ۸ |
| ۱۰ | ۴ | ۴۷ | ۴۱ | ۳۵ | ۲۲ | ۱۶ |
| ۱۸ | ۱۲ | ۶ | ۴۹ | ۳۶ | ۳۰ | ۲۴ |

نقش

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵۱ | ۴۵ | ۳۹ | ۲۶ | ۶۹ | ۶۳ | ۵۷ |
| ۵۹ | ۵۳ | ۴۰ | ۳۴ | ۲۸ | ۷۱ | ۶۵ |
| ۶۷ | ۵۴ | ۴۸ | ۴۲ | ۳۶ | ۳۰ | ۷۳ |
| ۶۸ | ۶۲ | ۵۶ | ۵۰ | ۴۴ | ۳۸ | ۳۲ |
| ۲۷ | ۷۰ | ۶۴ | ۵۸ | ۵۲ | ۴۶ | ۳۳ |
| ۳۵ | ۲۹ | ۷۲ | ۶۶ | ۶۰ | ۴۷ | ۴۱ |
| ۴۳ | ۳۷ | ۳۱ | ۷۴ | ۶۱ | ۵۵ | ۴۹ |

## پرندوں اور آبی جانوروں کی تسخیر

مندرجہ بالا نظر پرندوں اور آبی جانوروں کی تسخیر کے لیے عمل کرنے کے لیے مناسب ہے۔

اس مقصد کے لیے کرنا یوں ہوگا کہ درج ذیل نقش کو چاندی پر کندہ کروالیں یہ کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر دیں۔ خیال رہے اچھی طرح سے عمل کریں تاکہ پانی نقش کو خراب نہ کر سکے۔ یہ کام کرنے کے بعد کرنا آپ نے یہ ہے کہ اس لوح یا نقش کو کسی بھاری پتھر کے ساتھ باندھ کر دریا میں ڈال دو۔ بس عمل مکمل ہوا۔ انشاء اللہ حصول مقصد ہو گا۔ نقش بمعہ چال درج ذیل ہے۔

چال

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۷ | ۵ | ۱۳ | ۲۱ | ۹ |
| ۱۱ | ۲۴ | ۷ | ۲۰ | ۳ |
| ۱۰ | ۱۸ | ۱ | ۱۴ | ۲۲ |
| ۴ | ۱۲ | ۲۵ | ۸ | ۱۶ |
| ۲۳ | ۶ | ۱۹ | ۲ | ۱۵ |

نقش

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۱۲ | ۹۹ | ۱۰۷ | ۱۱۶ | ۱۰۳ |
| ۱۰۵ | ۱۱۹ | ۱۰۱ | ۱۱۵ | ۹۷ |
| ۱۰۴ | ۱۱۳ | ۹۵ | ۱۰۸ | ۱۱۷ |
| ۹۸ | ۱۰۶ | ۱۲۰ | ۱۰۲ | ۱۱۱ |
| ۱۱۸ | ۱۰۰ | ۱۱۴ | ۹۶ | ۱۰۹ |

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# آپ کا برج

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں۔

سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں ذیل میں کون سا برج آپ کا ہے۔

از: شہباز انجم

# ماہانہ حالات

## علم نجوم کی روشنی میں

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

وہ دوست جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنا لیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ عزیمت برائے رجعت ونحوست سیارگان یوں ہے۔ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَةِ الْكَوَاكِبِ وَ رُجُوْعِهٖ وَ وَبَالِهٖ وَ سُوْءِ نَظَرِهٖ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

## عددی جدول

| | |
|---|---|
| ا، ی، ق، غ | 1 |
| ب، پ، ک، گ، ر، ڑ | 2 |
| ج، چ، ل، ش | 3 |
| د، ڈ، م، ت، ٹ | 4 |
| ھ، ن، ث | 5 |
| و، س، خ | 6 |
| ز، ژ، ع، ذ | 7 |
| ح، ف، ض | 8 |
| ط، ص، ظ | 9 |

مثال: اکبر = ا ک ب ر
= ۷ = ۲ ۲ ۲ ۱

# برج حمل



21 مارچ تا 20 اپریل سیارہ۔۔ مریخ
حروف۔۔ ا، ل، ع، ی — پتھر۔۔ مرجان — دن۔۔ منگل
رنگ۔۔ سرخ — دھات۔۔ لوہا، تانبہ — عدد۔۔ 9

**1-6**

برج حمل کے تحت آنے والے افراد کے لیے یہ ہفتہ ان کی توجہ آسائشات کی طرف مبذول کرے گا۔ کام کرنے کی نسبت آرام کی طرف رجحان ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر ہونگے۔ سیارہ عطارد ۲ تاریخ کو برج حوت میں داخل ہوگا۔ جو لوگوں کی طرف سے آپ کی مخالفت لے کر آئے گا۔ اس لیے سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں۔

**7-14**

اس ہفتے میں گھریلو معاملات میں نشیب و فراز آئیں گے گھریلو جائیداد اور ذرائع آمدن زیر بحث آئیں گے۔ سیارہ عطارد کی رجعت آپکے لیے پریشانی کا باعث بنے گی۔ دوران ملازمت غیر متوقع حالات پیدا ہو جائیں گے ممکن ہے کہ آپ ملازمت کو تبدیل کرنے کے بارے میں کوئی قدم اٹھائیں۔

**15-21**


اس ہفتے سے آپ کی پریشانی میں کمی واقع ہونا شروع ہو گی۔ آپ کی توجہ بیرون ملک سفر کی طرف رہے گی۔ ۱۹ تاریخ کو شمس برج حوت میں جائے گا جو آپ کے کاروباری معاملات میں تبدیلی لائے گا۔ کاغذی کاروائی اور دیگر امور کو سرانجام دیتے وقت ماہرین سے مشورہ ضرور کریں۔

**22-28**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

۲۵ تاریخ کے بعد حالات مستحکم ہونگے صحت اور ملازمت کے امور میں بہتری آئے گی۔ قریبی رشتے داروں سے حالات بہتر ہونگے۔ ۲۶ اور ۲۷ تاریخوں کے دن آپ کے خیالات کو منتشر کریں گے۔ ۲۸ تاریخ کو آپ کو ذرائع آمدن سے خوشی نصیب ہوگی۔ اخراجات کی رفتار بھی خاصی تیز رہے گی اس لیے سوچ سمجھ کر خرچ کریں۔

## برج ثور



21 اپریل تا 20 مئی — سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ب، د — پتھر۔۔الماس — دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔نیلا — دھات۔۔پیتل، تانبہ — عدد۔۔6

**1-6**

برج ثور کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ہفتے میں کچھ تبدیلیاں رونما ہونگی۔ ۳ تاریخ کو زہرہ برج حمل میں داخل ہوگا۔ اخراجات کی رفتار میں تیزی آئے گی۔ صحت کے معاملات پر خاص طور پر توجہ دیں۔ ۲ تاریخ کو عطارد برج حوت میں داخل ہوگا۔ تعلیم و تربیت سے وابستہ امور اور اولاد کی جانب سے خوشی حاصل ہوگی۔

**7-14**

اس ہفتے میں آپ کے کاروباری حالات پھر سے مستحکم ہونا شروع ہو جائیں گے آپ کے دوست احباب آپ کے لیے فائدہ کا باعث بنیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنے کا موقع ملے گا اور ۷ تاریخ کا دن خاصہ مصروف گزرے گا۔ کاروباری اور بعض نجی معاملات زیر بحث آئیں گے۔ توجہ بٹی رہے گی۔


**15-21**

اس ہفتے ۱۵ تاریخ کو مریخ برج قوس میں داخل ہوگا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی وہ کاروباری افراد جو اپنی پارٹنرشپ کی وجہ سے پریشان تھے ان ان کی پریشانی ختم ہونا شروع ہو جائیگی۔ ۱۹ تاریخ کے بعد حالات اور سودمند ہونا شروع ہو جائیں گے اور خوشحالی آئے گی۔

**22-28**

اس ہفتے مریخ و شمس کی چوتھے گھر کی نظر بنے گی جو حالات میں کچھ منفی ردوبدل کرے گی اس لیے فیصلوں کو سوچ سمجھ کر کریں۔ کام کی زیادتی آپ کی صحت کے لیے پریشانی لیکر آئے گی۔ اس ماہ میں آپ کو اپنے جذبات پر قابو رکھنا ہوگا اس کے علاوہ دوران سفر اور ڈرائیونگ کرتے وقت احتیاط کریں۔ آپ کے لیے پریشانی آسکتی ہے۔

## برج جوزا



21 مئی تا 20 جون — سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔ک، ق — پتھر۔۔زمرد — دن۔۔بدھ

رنگ۔۔زرد، سرخی مائل — دھات۔۔پیتل، تانبہ — عدد۔۔5

**1-6**

برج جوزا کے تحت آنے والے افراد کے لیے یہ ماہ خاصی مصروفیت والا ہوگا کاروباری افراد اس ہفتے میں اپنے کاروبار میں تبدیلی لے کر آئیں گے۔ ۲ اور ۳ تاریخیں تبدیلیوں کی مظہر ثابت ہونگی۔ ۱ تاریخ کو بھی ماہ کی ابتدا اخراجات سے شروع ہوگی اس لیے سوچ سمجھ کر اخراجات کریں۔

**7-14**

اس ہفتے میں ۸ اور ۹ تاریخ کو قمر برج اسد میں ہوگا۔ اندرون ملک سفر کرنے میں فائدہ نصیب ہوگا جبکہ ۱۴ تاریخ کے دن سفر نقصان دہ ثابت ہوگا اس دوران بیماری اور صحت کی خرابی ملازمت کی طرف سے پریشانی آئے گی۔ اس ہفتے میں گھریلو امور اور دوستوں کے ساتھ وقت زیادہ گزرے گا۔

**15-21**


وہ جوزا افراد جو شادی کے خواہشمند ہیں ۱۵ تاریخ کے بعد سیارہ مریخ اپنے اثرات دینا شروع کردے گا۔ کاروباری افراد کوئی جگہ پارٹنرشپ کرنے کا موقع بھی مل سکتا ہے۔ لیکن سیارہ عطارد کی رجعت آپ کو جلد بازی کی طرف مائل کرے گی۔ اس دوران ڈاکومینٹس کو اچھی طرح دیکھ بھال کر سائن کریں۔

**22-28**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

اس ہفتے میں شمس آپ کی عزت وقار میں اضافے کا باعث بنے گا۔ لوگوں کے درمیان آپ کا اثر ورسوخ بڑھے گا۔ البتہ ازدواجی معاملات میں لڑائی جھگڑا ہو سکتا ہے۔ اس لیے شریک حیات کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔ ۲۵ تاریخ کے بعد حالات میں یکسر تبدیلی آنا شروع ہو جائے گی۔

## برج سرطان



21 جون تا 20 جولائی سیارہ۔۔قمر
حروف۔۔ح، ہ پتھر۔۔موتی دن۔۔پیر
رنگ۔۔سفید، ہلکا نیلا دھات۔۔ٹن عدد۔۔2

**1-6**

برج سرطان کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ہفتے سے پریشانیاں ختم ہونا شروع ہو جائیں گی۔ ۲ اور ۳ تاریخ کا دن حالات میں یکسر تبدیلیاں لے کر آئے گا اور ذہنی پریشانیاں کم ہونا شروع ہوں گی۔ قریبی جاننے والوں اور رشتے داروں کے ساتھ حالات مثبت انداز میں بدلیں گے۔

**7-14**

اس ہفتے میں ۷ تاریخ کو سیارہ عطارد برج دلو میں داخل ہوگا اور رجعت میں ہونے کی وجہ سے آپ کے اندر منفی سوچ کو پیدا کرے گا۔ ایسی صورتحال میں آپ کو اہم کام سرانجام دیتے وقت احتیاط کرنی چاہیے۔ ۸ اور ۹ تاریخ کا دن ذرائع آمدن میں اضافہ کا باعث بنے گا۔

**15-21**

وہ سرطان افراد جو ملازمت کی تلاش میں تھے اس ہفتے میں ۱۵ تاریخ کے بعد اُن کی ملازمت کے روشن امکانات ہیں کسی اچھی جگہ ملازمت مل سکتی ہے۔ ۱۹ تاریخ کو شمس برج حوت میں داخل ہوگا اور عرصہ دراز سے ذرائع آمدن پر چھائی نحوست ختم ہو جائے گی۔

**22-28**

اس ہفتے میں ۲۵ تاریخ کو سیارہ عطارد حالت استقامت میں آئے گا ۲۵ تاریخ کے بعد حالات سازگار ہونا شروع ہونگے اور لوگوں کی طرف سے تنقیدی رویہ ختم ہو جائے گا اور عزت وقار میں اضافہ ہوگا۔ لیکن صحت کے بارے میں تشویش لاحق ہوگی۔ کسی چوٹ، حادثے کی نشاندہی ہوتی ہے لہذا احتیاط کریں۔

## برج اسد



21 جولائی 20 اگست سیارہ۔۔شمس
حروف۔۔م پتھر۔۔یاقوت دن۔۔اتوار
رنگ۔۔سنہرا، اورنج دھات۔۔سونا عدد۔۔1

**1-6**

برج اسد کے تحت آنے والے افراد کو اس ماہ میں کچھ پریشانیاں آئیں گی۔ اس لیے اس ہفتے میں زندگی کے اہم فیصلہ جات کو سوچ سمجھ کر کریں۔ کاروباری افراد کو اس ہفتے میں کسی نئی جگہ پارٹنر شپ/انوسٹمنٹ کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ اس ہفتے کی ۲ اور ۴ تاریخیں آپ کے لیے نحس ہیں۔

**7-14**

وہ اسد افراد جن کے ازدواجی حالات کچھ عرصہ کے لیے صحیح ہوئے تھے۔ ۷ تاریخ کو عطارد جب برج دلو میں داخل ہوگا تو دوبارہ پھر حالات میں منفی تبدیلیاں رونما ہونگی۔ آپ کی عمر سے بڑے افراد ہی آپ کے لیے مخالفت پیدا کرنا شروع کر دیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ کو ذہنی کوفت ہوگی۔

**15-21**

تعلیم سیر وتفریح کی طرف توجہ ۱۵ تاریخ کے بعد بڑھے گی۔ وہ افراد جو کسی نئی جگہ پر ایڈمیشن وغیرہ لینے کے بارے میں سوچ رہے ہیں اُن کو ۱۵ تاریخ کے بعد ایڈمیشن لینا چاہیے۔ ۱۹ تاریخ کے بعد کاروباری افراد کے لیے بہتر پوزیشن ہوگی کہ وہ انوسٹمنٹ، سرمایہ کاری اور لوگوں سے قرضہ جات کی وصولی کریں۔


**22-28**

شادی شدہ افراد کے لیے یہ ہفتہ خوشخبری لے کر آئے گا شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر ہونگے باہم پیار ومحبت بڑھے گا۔ عرصہ دراز سے چھائی رنجشیں ختم ہونگی اور حالات نئے سرے سے ایک



free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

ڈگر چلنا شروع ہو جائیں گے۔ ۲۵ تاریخ کے بعد حالات اور سازگار ہونا شروع ہو جائیں گے۔



## برج سنبلہ

21 اگست تا 20 ستمبر سیارہ۔۔عطارد

حروف۔۔پ،غ پتھر۔۔لاجورد دن۔۔بدھ

رنگ۔۔گہرا زرد دھات۔۔ٹن عدد۔۔5

### 1-6

برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد کو کچھ مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا لیکن جہاں تک ازدواجی معاملات کا تعلق ہے تو یہ ماہ بڑا اہم ہوگا۔ وہ سنبلہ افراد جو رشتہ کے خواہشمند تھے۔ اس ماہ میں اُن کی امیدیں پوری ہونگی۔ ۲ اور ۳ تاریخ خاصی اہم ہوگی کسی جگہ سے رشتہ آئے گا۔

### 7-14

اس ہفتے میں سیارہ عطارد صحت کی خرابی کا باعث بنے گا اور رجعت میں ہونے کی وجہ سے آپ کے لیے ذہنی پریشانی کا باعث بنے گا اس دوران آپ جذباتی فیصلہ نہ کریں۔ دوران ملازمت بھی آپ کو کسی منفی صورتحال سے واسطہ پڑے گا اس لیے اپنے افسران کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں۔

### 15-21

کاروباری افراد کے لیے یہ ہفتہ شراکتی امور زیر بحث لے کر آئے گا کسی نئی جگہ پر اشتراک کاروبار کا موقع ملے گا۔ شادی شدہ افرد کے لیے یہ ماہ صبر آزما حالات پیدا کرے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ان بن ہو سکتی ہے۔ ۱۵ اور ۱۹ تاریخیں تبدیلی کے لحاظ سے اہم ہونگی۔

### 22-28

۲۳ اور ۲۴ تاریخیں حالات میں نشیب و فراز پیدا کریں گی۔ جبکہ ۲۵ تاریخ کا دن حالات کو مثبت انداز میں بدلے گا۔ عزت وقار میں اضافہ ہوگا۔ کاروباری حالات بہتر ہونگے۔ لوگوں کی طرف سے بھرپور تعاون حاصل ہوگا۔ کسی نئے پراجیکٹ پر کام کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ فائدہ حاصل ہوگا۔



## برج میزان

21 ستمبر تا 20 اکتوبر سیارہ۔۔زہرہ

حروف۔۔ر،ت،ط پتھر۔۔سنگ دودھیا، ہیرا دن۔۔جمعہ

رنگ۔۔ہلکا گلابی، نیلا دھات۔۔تانبہ، پیتل عدد۔۔6

### 1-6

برج میزان کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ہفتے میں صحت کے مسائل قابل غور رہیں گے۔ وہ میزان افراد جو ملازمت کے حصول کے لیے کوشاں ہیں اُن کو اس ماہ میں کسی کے توسط سے روزگار میسر آئے گا۔ ۲ اور ۳ تاریخ کا دن خاصی اہمیت کا حامل ہوگا۔

### 7-14

اس ہفتے میں ۹ اور ۱۰ تاریخ کو آپ کو اخراجات سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ شادی شدہ افراد کو شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کا موقع ملے گا۔ وہ میزان افراد جو رشتہ، منگنی اور نکاح کے لیے پریشان تھے اُن کو اس ماہ میں کامیابی نصیب ہوگی۔

### 15-21

اس ہفتے کی ۱۵ اور ۱۹ تاریخیں خاصی اہمیت کی حامل ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو ترقی، عہدہ اور کامیابی نصیب ہوگی وہ ملازمت پیشہ افراد جو ملازمت کو تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ اُن کو ۱۹ تاریخ کے بعد ملازمت تبدیل کرنے کے مواقع میسر آئیں گے لہٰذا اس موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔

### 22-28

اس ہفتے میں آپ کی زیادہ تر توجہ ذرائع آمدن اور صحت کے امور کی طرف مبذول رہے گی۔ ذہنی پریشانی ۲۵ تاریخ کے بعد ختم ہونا شروع ہو جائے گی۔ اور اخراجات کی رفتار میں بھی کمی واقع ہوگی۔ ۲۶ اور ۲۷ تاریخ کا دن ازدواجی معاملات اور شریک حیات کے حوالے سے اہم ہوگا۔

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions



## برج عقرب

21 اکتوبر تا 20 نومبر  سیارہ۔۔پلوٹو

حروف۔۔ذ، ز، ض، ظ، ن  پتھر۔۔مرجان، عقیق سرخ  دن۔۔منگل

رنگ۔۔گہرا سرخ  دھات۔۔لوہا، تانبہ  عدد۔۔9

**1-6**

برج عقرب کے تحت آنے والے افراد اس ہفتے کے شروع میں کچھ نامناسب تبدیلیوں کی وجہ سے پریشان رہیں گے۔ وہ عقرب افراد جو تعلیمی امور ایڈمیشن وغیرہ لینا چاہتے ہیں اُن کو اس ہفتے میں خاصے مواقع میسر آئیں گے اور وہ کامیابی کی طرف گامزن ہونگے۔

**7-14**


اس ہفتے میں وہ کاروباری افراد جن کو تعاون کی مکمل یقین دہانی دوسروں کی طرف سے تھی اُن کو ۷ تاریخ کے بعد منفی صورتحال سے واسطہ پڑے گا۔ رقم کے لین دین کے تنازعات سامنے آئیں گے۔ ۱۱ اور ۱۲ تاریخ کا دن غیر یقینی صورتحال پیدا کرے گا کسی طرف سے تنازعات ابھریں گے۔

**15-21**

ذرائع آمدن کے حوالے سے یہ ہفتہ خاصا اہم ہوگا۔ ۱۵ تاریخ کے بعد روزگار میں بہتر آئے گی۔ دوران ملازمت کسی جگہ سے کوئی ایڈیشنل فائدہ ملے گا۔ وہ عقرب افراد جو ملازمت کو تبدیل کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں اُن کو مواقع میسر آئیں گے۔ صحت کے حوالے سے اس ہفتے میں پریشانی آئے گی۔

**22-28**

اس ہفتے میں ۲۵ تاریخ کے بعد حالات یکسر بدلنا شروع ہو جائیں گے۔ سینئر افراد سے آپ کو فائدہ ملے گا۔ گھریلو افراد کے ساتھ تنازعات ختم ہونا شروع ہو جائیں گے۔ بعض جگہ سے آپ کو اتفاقی ذرائع سے بھی آمدن حاصل ہوگی۔ تقریبات میں شرکت کے مواقع میسر آئیں گے۔ ۲۶ اور ۲۷ تاریخوں کے دن خرابی صحت کے حوالے سے اہم نظر آتے ہیں لہٰذا احتیاط کریں۔



## برج قوس

21 نومبر تا 20 دسمبر  سیارہ۔۔مشتری

حروف۔۔ف  پتھر۔۔پکھراج  دن۔۔جمعرات

رنگ۔۔ہلکا ارغوانی  دھات۔۔ٹن، سونا، چاندی  عدد۔۔7

**1-6**

برج قوس کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں گھریلو امور خاصے اہم رہیں گے۔ ۲ تاریخ کو سیارہ عطارد برج دلو میں داخل ہوگا جو کہ ذمہ داریوں میں اضافے کا باعث بنے گا اس ہفتے میں ۲، ۳ اور ۴ تاریخیں تبدیلیوں کا مظہر ثابت ہونگی۔

**7-14**

یہ ہفتہ آپ کی مصروفیات میں اضافے کا باعث بنے گا۔ کاروباری معاملات کے حوالے سے کافی اہمیت کا حامل ہوگا۔ ۱۲ اور ۱۳ تاریخ کا دن اولاد اور دوستوں کی جانب سے غیر خوشگوار واقعات لے کر آئے گا اس دن بعض لوگ آپ کے توقعات پر پورا نہیں اتریں گے اور آپ کو مایوسی لاحق ہوگی۔

**15-21**

اس ہفتے میں ۱۵ تاریخ کو سفر کرنا آپ کے لیے موزوں نہیں ہے۔ ۱۶ اور ۱۷ تاریخ آپ کو روزمرہ زندگی میں تبدیلیاں لانے پر مجبور کرے گی۔ ۱۹ تاریخ کو شمس کی برج حوت میں موجودگی گھریلو افراد کے ساتھ سنجیدہ موضوع زیر بحث لائے گی۔

**22-28**

اس ہفتے میں آپ کی پریشانیوں میں کمی واقع ہوگی۔ ۲۵ تاریخ کے بعد سیارہ عطارد کی استقامت حالات میں مثبت تبدیلی لے کر آئے گی۔ گھریلو حالات بہتر ہونگے عمر سے بڑے افراد آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہونگی اور خوش قسمتی آپ کا مقدر بنے گا۔

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

## برج جدی



21 دسمبر تا 20 جنوری　سیارہ۔۔زحل

حروف۔۔ج، خ، گ　پتھر۔۔نیلم گاؤمیدک　دن۔۔ہفتہ

رنگ۔۔گہرا نیلا، سلیٹی　دھات۔۔سونا، پلاٹینم　عدد۔۔8

1-6

برج جدی کے تحت آنے والے افراد کے لیے یہ ماہ آمدن کے حوالے سے خاصا اہم رہے گا اور اس ہفتے میں آپ کے ذرائع آمدن میں اضافے کے امکانات واضح ہیں۔ ۲ اور ۳ تاریخ کے بعد ذرائع آمدن میں واضح تبدیلیوں کے امکانات ہیں اس لیے روپے پیسے کے لین دین میں احتیاط کریں۔

7-14

اس ہفتے میں ۸ اور ۹ تاریخ کا دن آپ کے لیے پریشانیوں کا باعث بنے گا۔ آمدن کے حوالے سے بھی خاصا اہم ہے۔ ۹ اور ۱۰ تاریخیں آپکے لیے فائدہ کا باعث بنیں گی۔ اس دوران بیرون ملک سفر کے لیے کی گئی کوششیں آپ کو فائدہ دیں گی۔ ۱۴ تاریخ کا دن سفر کے حوالے سے غیر موزوں ہوگا۔ دوران سفر احتیاط کریں۔

15-21

اس ہفتے میں سیارگان کی بدلتی ہوئی پوزیشن آپ کے حالات میں مثبت تبدیلی لائے گی اور ممکن ہے کہ رشتے داروں اور قریبی افراد سے آپ کو فائدہ ہو۔ اسی دوران ۱۵ اور ۱۹ تاریخیں آپ کے لیے اندرون ملک سفر کا سبب بھی بنیں گی۔

22-28

ملازمت کے حوالے سے جو غیر یقینی صورتحال تھی وہ بہتر ہو جائے گی۔ ۲۵ تاریخ کے بعد حالات میں مثبت تبدیلی آنے کے امکانات ہیں۔ دوران ملازمت بھی بہتری آئے گی۔ صحت کے معاملات میں بہتری آئے گی۔ پرموشن وغیرہ حاصل ہوگی اور خوشحالی آئے گی۔

## برج دلو



21 جنوری تا 20 فروری　سیارہ۔۔یورانس/زحل

حروف۔۔س، ش، ث　پتھر۔۔عقیق یمنی، نیلم　دن۔۔ہفتہ

رنگ۔۔سیاہ　دھات۔۔پلاٹینیم　عدد۔۔4

1-6

برج دلو کے تحت آنے والے افراد کے لیے اس ماہ میں برج اسد کے تحت آنے والے افراد بہت فائدے مند ثابت ہونگے۔ اس ہفتے میں آپ کے کسی اپنی ہی فیصلے کی وجہ سے حالات میں بہتری پیدا ہوگی اور آپ کے حالات بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ ۲ اور ۳ تاریخیں تبدیلی کے لحاظ سے خاصی اہم ہیں۔

7-14

یہ ہفتہ ذرائع آمدن اور ذہنی تبدیلیوں کے اعتبار سے خاصا اہم ہوگا۔ ۶ اور ۷ تاریخ کا دن ملازمت کے حوالے سے کچھ غیر یقینی صورتحال پیدا کرے گا۔ اس کے علاوہ سیارہ عطارد کی رجعت آپ پر منفی طریقے سے وار کرے گی۔ اور آپ کے تعلیمی امور میں پریشانی لے کر آئے گی۔ اولاد اور دوستوں کی طرف سے پریشانی آئے گی۔


15-21

اس ہفتے کی ۱۵ تاریخ کو سیارہ مریخ برج قوس میں داخل ہوگا اور آپ کے کاروباری حالات میں کوئی تبدیلی رونما ہوگی اس لیے دوستوں کے ساتھ معاملات طے کرتے وقت کسی دوسرے فرد سے مشورہ ضرور لیں تاکہ آپ کو بعد میں پریشانی نہ ہو۔ شمس ۱۹ تاریخ کے بعد آپ کو غیر متوقع ذرائع سے آمدن دلائے گا۔

22-28

اس ہفتے کی ۲۳ اور ۲۴ تاریخیں مصروفیت کے حوالے سے خاصی اہم رہیں گی۔ آمدن میں اضافہ ہوگا۔ ۲۵ تاریخ کو سیارہ عطارد حالت استقامت میں آئے گا اور حالات میں بہتری آئے گی۔ دوستوں کی طرف سے مثبت رویہ ملے گا اور تعلیمی امور میں کامیابی حاصل ہوگی اور یہ آپ کی روزمرہ زندگی میں تیزی لائے گا۔

free copy
khalidrathore.com
LupaTech Document Processing Solutions



# برج حوت

**21 فروری تا 20 مارچ سیارہ۔۔ نیپچون/ مشتری**

حروف۔۔ ذ، چ پتھر۔۔ لاجورد، پکھراج دن۔۔ جمعرات

رنگ۔۔ تیز سبز دھات۔۔ ایلومینیم عدد۔۔ 3

**1-6**

برج حوت کے تحت آنے والے افراد کے لیے برج ثور کے تحت آنے والے افراد خاصے فائدہ مند ثابت ہونگے۔ اس ہفتے میں آپ کو ذہنی پریشانیاں ہی لاحق رہیں گی۔ ماضی کے کیے ہوئے فیصلہ جات آپکو ذہنی کوفت دیں گے اور لوگوں کی طرف سے آپکو تنقیدی رویے کا سامنا ہوگا۔

**7-14**

اس ہفتے میں وہ حوت افراد جو پارٹنر شپ کے تحت کاروبار کر رہے ہیں اُن کو غیر یقینی صورتحال سے واسطہ پڑے گا۔ سیارہ عطارد کی رجعت ۷ تاریخ کے بعد اپنا اثر دکھانا شروع کرے گی۔ اس لیے کاروباری حوالے سے سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں۔ ازدواجی معاملات یعنی شریک حیات کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنائیں۔

**15-21**

یہ ہفتہ آپ کے حالات میں خاصی تبدیلیاں لے کر آئے گا۔ کسی کام میں آپ کو شہرت ملے گی۔ کاروباری معاملات میں نئی تبدیلیاں آئیں گی۔ بلکہ کسی نئے کاروبار میں آنے کا بھی موقع ملے گا۔ آپ کسی نئے کام میں آئیں گے۔ اور زندگی کا کوئی اہم فیصلہ سر انجام دیں گے جس کی وجہ سے آپ کو فائدہ ہوگا۔

**22-28**

یہ ہفتہ ذرائع آمدن کے حوالے سے اہم ہوگا۔ ۲۳ اور ۲۴ تاریخ کا دن ذہنی نشیب و فراز اور دوستوں کے ساتھ وقت گزارنے پر مجبور کرے گا۔ کسی دوست کی جانب سے آپکو بھرپور فائدہ حاصل ہو گا۔ ۲۵ تاریخ کو پارٹنر کے ساتھ حالات معمول پر آئیں گے۔ شادی شدہ افراد کو شریک حیات سے سکون ملے گا اور تعلقات مزید بہتر ہونگے۔


## پرائز بانڈز، ریس اور لاٹری کے نمبر

جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے یہ کتاب مختلف انعامی سکیموں میں کامیابی کے حصول کے لیے راہنمائی دینے کا باعث ہے۔

اس کتاب میں بالکل آسان طریقے سے اعداد، نجوم، سناعات، جفر، استخارہ، رمل اور فالنامے وغیرہ کے ذریعے انعام حاصل کرنے کے مختلف قواعد کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ ایک آسان فہم کتاب ہے عام قاری بھی اس کے قواعد کو با آسانی سمجھ سکتا ہے۔

قیمت 100 روپے علاوہ محصول ڈاک

## 10 سالہ جنتری

اس جنتری میں 2001 سے لے کر 2010 تک یونانی حساب سے کواکب کی روزانہ رفتار دی گئی ہے۔ ہر نجومی اور عامل کے پاس اس کا ہونا بہت ضروری ہے۔

اس میں قمر کی پوزیشن صبح پانچ بجے کے علاوہ اضافہ طور پر رات پانچ بجے کی بھی دی گئی ہے۔ اس کو ہندی حساب کے لیے بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

قیمت 115 روپے علاوہ محصول ڈاک


free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

# روحانی ونجومی مشورہ

ہر لحاظ سے مخلص، حقیقی اور درست ترین راہنمائی کے لیے آپ ایڈیٹر راہنمائے عملیات خالد اسحاق راٹھور کے 25 سال سے زائد تجربے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

☆ آپ پریشان ہیں اور منزل کھو چکے ہیں؟

☆ آپ کو کوئی مسئلہ درپیش ہے؟

مجھے لکھیں، میں آپ کا خصوصی زائچہ بنا کر آپ کی مکمل راہنمائی کروں گا۔

یقین رکھیں، آپ کے مسئلے کے ہر ہر پہلو کو زیر بحث لایا جائے گا۔

مکمل اعتماد اور رازداری کے یقین کے ساتھ رجوع کریں۔

ایک وقت میں صرف ایک معاملہ مکمل تفصیل کے ساتھ زیر غور لایا جاتا ہے۔

تاکہ تمام روحانی، وجدانی اور علمی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے آپ کے مسئلے میں آپ کی موزوں ترین راہنمائی کی جا سکے۔

آپ کے اس مسئلے کے بارے میں جتنے بھی سوال ہوں گے۔ ان کا جواب اسی فیس میں دیا جائے گا

اس مقصد کے لیے آپ کو ادا کرنے ہوں گے صرف پانچ سو روپے۔ (بیرون ملک کے لیے یہ فیس 20 ڈالر ہوگی)

**طریقہ کار:** اپنا مسئلہ ایک الگ صفحے پر صاف ستھرا تحریر کر کے ہمراہ فیس اور کوائف مجھے ارسال کر دیں۔ ایک ہفتے کے بعد رجسٹرڈ ڈاک سے آپ کو جواب مل جائے گا۔ (فیس درج ذیل پتے پر ذاتی طور پر یا بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں)

**کوائف:** سوال کے ہمراہ سوال لکھنے کا وقت، تاریخ اور مقام۔ پیدائش کا وقت، تاریخ اور مقام بمعہ نام والدہ تحریر کریں۔

**منی آرڈر اور رابطہ:** منی آرڈر اور خط درج ذیل پتے پر ارسال کریں۔

**خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر ۲، گلی نمبر ۱۱، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو لاہور**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زائچہ شادی | زائچہ کاروبار | زائچہ روزگار | زائچہ اولاد | زائچہ صحت | زائچہ سحر | زائچہ خوش قسمتی | زائچہ مقدمہ |

ہر امر پر مکمل اور تفصیلی جواب کے لیے الگ زائچہ بنوائیں اور اطمینان بخش جواب حاصل کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# برج دلو

از: سمعیہ اسحاق راٹھور۔

| | |
|---|---|
| عرصہ | 21جنوری تا 19فروری |
| حروف | س،ش،ث،ص |
| حاکم کوکب | زحل/یورنس |
| عنصر | بادی |
| ماہیت | ثابت |
| حصہ جسم | ٹخنا |
| خاصہ | پرعزم،ہمدرد،خودمختار،اختراع کرنے والے |
| موافق نگینہ | نیلم، پکھراج، حجر القمر، عقیق |
| موافق دن | ہفتہ |
| موافق نمبر | 4 |
| موافق رنگ | بنفشی، سبز، ہلکا نیلا |
| موافق پھول | نرگس آبی |
| موافق شریک کار | اسد |
| موافق افراد | حمل، قوس |
| ناموافق افراد | جوزا، قوس |
| بایو کیمک نمک | نیٹرم میور |
| دھات | یورنیم اور پلاٹینم |

## ظاہری شخصیت

یہ بات تو طے ہے کہ فطری حسن کی تلاش میں ہر کوئی سرگرداں رہتا ہے۔ بعض لوگ اپنی شخصیت کو خود متاثر کن بناتے ہیں اور کچھ لوگ فطری طور پر سحر انگیز شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ دلو افراد کا شمار بھی ایسی ہی سحر انگیز شخصیتوں میں ہوتا ہے۔ دلو افراد دوسروں کو مخاطب کرتے وقت بھی اپنائیت کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا یہ عمل ان کی شخصیت کو چار چاند لگا دیتا ہے۔ خوبصورت جسامت کا حامل ہونے کے ساتھ ساتھ یہ باتوں کا ہنر بھی بہت خوب جانتے ہیں۔ اپنے سامنے والے کو باتوں باتوں میں متاثر کر لینے اور غلبہ حاصل کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہوتے ہیں۔ کسی معاملے پر بحث کرنے سے گھبراتے نہیں۔ ایک ہی نظر میں دوسرے کی شخصیت کو بھانپ لیتے ہیں۔ اپنی رائے کا برملا اظہار کرتے اور تجاویز قبول کرنے میں بے عزتی محسوس نہیں کرتے۔

## زندگی کے متعلق نقطہ نظر

زندگی کے متعلق دلو افراد کا نقطہ نظر بہت روشن ہوتا ہے۔ یہ لوگ خود اپنی زندگی بنانے کے قائل ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر لمحہ آگے بڑھنے کی خواہش تقویت پاتی رہتی ہے۔ مشکل سے مشکل حالات بھی انہیں مقصد سے نہیں ہٹا سکتے۔ ان کی مسلسل محنت، ثابت قدمی اور بیداری ان کی زندگی سے ثبات و جمود کے الفاظ مٹا دیتی ہے۔ ویسے دلو افراد ذہنی طور پر بھی ہر مسئلے کو نت نئے طریقے سے حل کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں لیکن ناکامی کی صورت میں اپنی شکست سے آنکھیں نہیں چراتے۔ شکست کو انا کا مسئلہ بنائے بغیر ماضی کے تجربات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نئی منصوبہ بندی کے تحت اگلا قدم اٹھاتے ہیں۔ عام طور پر دلو اجتماعیت پسند ہوتے ہیں۔ خود غرضی کی بجائے دوسروں کی مدد کر کے ذہنی آسودگی حاصل کرتے ہیں۔ مل کر کام کرنے میں لطف حاصل کرتے ہیں۔ اردگرد کے لوگوں سے ملنے اور ان کے مسائل حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

بنا سوچے سمجھے حالات سے ٹکر لینے کی بجائے حالات سے مطابقت پیدا کر کے حکمت عمل سے بہتر تبدیلی پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ گویا تمام حالات سے ذہنی ہم آہنگی پیدا کرنا ان کے ذہین ہونے کا ثبوت ہے۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ لوگ تخلیقی ذہانت کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنا پیٹ تو خالی رکھ سکتے ہیں ذہن نہیں۔ گویا دلو افراد زندگی کو گزارتے ہیں زندگی انہیں نہیں گزارتی۔

## راست گو

دلو افراد سادگی اور راست گوئی سے کام لیتے ہیں۔ اپنی ذات کے ہر پہلو پر بے جھجک بات کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔ دوسرے لوگوں کی طرح ان کے ظاہر اور باطن میں تضاد نہیں ہوتا۔ اور بذات خود ایسی کیفیت کے شکار لوگوں سے نفرت کرتے ہیں۔ اپنے مفادات کی پرواہ کئے بغیر بعض اوقات حیرت انگیز کام کرگزرتے ہیں اور دوسرے لوگوں کے لئے بھی یہی جذبات رکھتے ہیں کہ ہر ایک کو خود اپنی زندگی گزارنے کا اختیار حاصل ہے۔ جس میں کسی کو مداخلت کا حق حاصل نہیں ہے۔

## تخلیقی صلاحیتیں

جیسا کہ پہلے بھی ذکر کیا گیا ہے کہ دلو تخلیقی ذہانت کے حامل ہوتے ہیں۔ ایک ہی جیسے طرز زندگی سے تنگ آجاتے ہیں۔ جو بھی کام کرتے ہیں یہ سوچ کر کرتے ہیں کہ کیسا کر رہے ہیں؟ معاوضے سے قطع نظر کام کی نوعیت کے مطابق عمل کو اہمیت دیتے ہیں۔ مختصراً یہ کہ کم معاوضے پر بھی بہترین تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال ان کا نقطہ نظر ہوتا ہے جس سے کہ وہ اپنی ذات کو منوا سکیں۔ لیکن ایک بات اس سلسلے میں بہت اہم ہے کہ یہ کام بہت کم وقت میں اور بہت عمدگی سے کرتے ہیں بشرطیکہ وہ کام ان کی طبع کے مطابق ہو۔ اس دوران ساتھ کام کرنے والوں میں سے کوئی ان کی رفتار کے مطابق ساتھ نہ دے تو وہ خود کو اس سے بہت اچھے طریقے سے الگ کر لیتے ہیں۔

## فکر انگیز پہلو

کام کی زیادتی انسان کو ذہنی و جسمانی طور پر بیمار کر دیتی ہے۔ اس سلسلے میں دلو افراد جہاں انتہائی عمل پسند واقع ہوئے ہیں وہاں ان کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ حد سے زیادہ دباؤ کا شکار نہ ہوں۔ اور اس صورتحال سے فوراً نجات حاصل کرنے کی کوشش کریں کیونکہ یہ اعصابی کشیدگی ان کے لئے بہت زیادہ نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ لوگوں سے ملیں۔ تفریح وغیرہ سے دل بہلائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا خیال رہے کہ دوسروں سے ملنے میں آپ اپنی ذات کو بالکل بھول ہی نہ جائیں۔ اس سے آپ کی انفرادیت کو ٹھیس پہنچنے اور آپ کی اپنی ذات کے مدغم ہوجانے کا خدشہ ہوتا ہے۔ نت نئے خیالات دلو کو ایک جگہ ٹھہرنے نہیں دیتے اس لئے وہ ایک جاری کام کو چھوڑ کر دوسرے کام کی طرف راغب ہوتے ہیں۔ جس وجہ سے پہلے کام میں ناکامی کا امکان پیدا ہوجاتا ہے۔ ایسی صورت میں گردوپیش کے لوگوں اور خاص طور پر جوان کے خیال میں ان کی ناکامی کا باعث ہوں سخت مزاحمتی رویہ اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ سوچے بغیر کہ اس سے انہیں نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ تاہم لچکداری کا مظاہرہ اور حقائق سے سمجھوتہ کرنا ایک فطری اور مثبت ردعمل ہے۔ جس کی دلو افراد کو بہت ضرورت ہوتی ہے۔

دلو افراد کو اپنی غذا کا بھی خیال رکھنا چاہئے۔ میوہ جات، مرغی، مچھلی، گندم اور سلاد وغیرہ استعمال کریں۔ ورزش پابندی سے کریں۔ اس سے آپ سدا جواں وصحت محسوس کریں گے۔

## دلو خواتین

دلو خواتین کا مزاج عام خواتین سے مختلف ہوتا ہے۔ بہت پُرکشش ہوتی ہیں۔ نیلا رنگ اور گولڈن جیولری ان کی شخصیت کو منفرد بناتی ہیں۔ اپنے جذبات پر بہت مہارت سے قابو پانے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ کسی بھی ناپسندیدہ عمل پر اظہار خیال نہیں کرتیں۔ اس لئے انہیں سمجھنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ جو بھی فیصلہ کریں اس پر قائم رہتی ہیں۔ انتہائی اصول پسند ہوتی ہیں۔ سماجی تعلقات کو اہمیت دیتی ہیں لیکن اصولوں پر سودے بازی دلو خواتین کا شیوہ نہیں۔ ان کے قریب رہنے، ساتھ کام کرنے والے اور شریک حیات بننے والے لوگ اگر ان سے بہترین تعلقات قائم کرنا چاہتے ہیں تو ان سے وفادار اور بااعتماد رہیں کیونکہ دلو خواتین کو دھوکہ دینا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اور ایک بار ان کی نظروں سے گر جانے والا انسان دوبارہ کبھی پہلے جیسا اعتماد اور مقام حاصل نہیں کر پاتا۔

بہ حیثیت زوجہ دلو خواتین جبر اور مداخلت کو پسند نہیں کرتیں۔ شخصی آزادی کی قائل لیکن شریک سفر پر بھرپور اعتماد کا مظاہر کرتی ہیں۔ حساس طبیعت کی مالک ہوتی ہیں۔ مزاجاً خوش وخرم اور شگفتہ مزاج ہوتی ہیں۔ کوئی بھی انتہائی قدم بنا ٹھوس وجہ کے نہیں اٹھاتیں۔ دوسرے کو صفائی کا بھرپور موقع دیتی ہیں اور اگر شریک زندگی بہتری کی کوئی کوشش نہ کرے تو باہمی تعلق ختم کرنے کی کوشش کرتی ہیں اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو وہ اپنے رویے میں سرد مہری پیدا کر لیتی ہیں۔



free copy
khalidrathore.com

جوزا اور میزان برجوں کے تحت پیدا ہونے والا مرد دلو خاتون کو خوش رکھ سکتے ہیں۔

دلو خواتین کو گھر اور معاشرے میں تعاون فراہم کیا جائے تو وہ بہت سی تبدیلیاں پیدا کرتی ہیں۔ بہ حیثیت ماں دلو خواتین بچوں سے دوستی کی قائل ہوتی ہیں۔ بچے ماؤں سے کوئی بات چھپانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ بچوں کی زندگی میں مداخلت کی بھی قائل نہیں ہوتیں۔ اور ہمیشہ بچوں کو شکایت کا موقع نہ دینے کی کوشش کرتی ہیں۔

## دلو مرد

بنیادی طور پر دلو مرد میں تجسس کا مادہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ کھوج لگانے کا عمل اسے نئی نئی تخلیقات کے لئے ابھارتا ہے۔ کسی بھی چیز سے جلد مطمئن نہیں ہوتے۔ ہمیشہ اپنے آپ کو اور اپنے ارادوں و خواہشات کو دوسروں سے پوشیدہ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس بنا پر کبھی بھی وہ کھل کر لوگوں کے سامنے نہیں آتے۔ نتیجۃً دوسرے لوگ بھی انہیں مکمل طور پر سمجھنے سے قاصر رہتے ہوئے ان سے ایک فاصلے پر رہتے ہیں۔ جو دلو افراد کو تنہا کرنے کا ایک سبب بنتا ہے۔ جس کی ایک وجہ حالات میں ہمہ وقت تبدیلی اور ہر بات میں تنقیدی پہلو تلاش کرنا ہے۔ کیونکہ دلو افراد ہمیشہ اپنی پسند کے مطابق ہر چیز دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ سماجی و نجی زندگی میں یہ رویہ لوگوں کے لیے بہتر نہیں ہوتا۔

بہ حیثیت خاوند دلو افراد ایسی خواتین کو پسند کرتے ہیں جو اپنی زندگی ایک راز کی طرح گزارتی ہیں اور انہیں کھوجنے میں دلو فرد کی متجسس فطرت کو سکون ملتا رہے۔ حوت عورت دلو مرد کی کمزور ہوتی ہے۔ اگر دلو افراد کو من پسند جیون ساتھی مل جائے تو انہیں چاہیے کہ وہ اسے اپنی ملکیت نہ سمجھیں حالانکہ ان کی خواہش ہمیشہ یہی ہوگی کہ ان کی رفیق سفر کا ہر عمل ان کی خواہش کے مطابق ہو۔ اگر بیوی اپنی آزادی و خواہشات قربان کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو تو کسی نہ کسی طرح اس مقدس رشتے کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتی ہے۔ ورنہ محبت کا یہ تعلق بحران کا شکار ہو جاتا ہے۔ ایسی صورتحال سے نپٹنے کے لیے عام طور پر دلو مرد دیر سے بہت سوچ سمجھ کر جیون ساتھی کی انتخاب کے بعد شادی کرتے ہیں۔

ایک دلو باپ حکمرانی کا قائل ہوتا ہے اور دلو ماں کی طرح بچوں سے دوستی کا رشتہ استوار کرتا ہے اور بچوں کی من پسند شخصیت ہوتا ہے۔

## دلو بچے

دلو بچے لوگوں کے ساتھ مخلصانہ اور دوستانہ رویے سے ملتے ہیں۔ وہ باتیں سمجھنا ان کے لئے زیادہ مشکل نہیں ہوتا جوان کے ہم عمر بچے سمجھ نہیں پاتے۔ اس لئے بڑے بعض اوقات انہیں بزرگ کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ تنہائی پسند واقع ہوتے ہیں۔ کھل کر ہر بات کا اظہار نہیں کرتے۔ اس لئے ہمعصر بچوں میں بڑے بڑے دکھائی دیتے ہیں۔ والدین کے بہتر رویے کے نتیجے میں دلو بچہ اطاعت گزاری کا رویہ اپناتے ہیں۔ والدین کی حوصلہ افزائی انہیں تقویت دیتی ہے۔ وہ کم عمری ہی سے یہ سوچنا شروع کر دیتے ہیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔ ذہین ہونا ایک خوبی، لیکن بہ حیثیت طالب علم دلو بچے پابندی سے کتابوں اور ہوم ورک میں دلچسپی نہیں لیتے۔ لیکن اگر انہیں ان کی ذہنی سطح کے مطابق اور ان کی آزادانہ طبیعت کو مدنظر رکھتے ہوئے درس تدریس کی ضرورت سے آگاہ کر دیا جائے تو وہ حصول علم کی پابندی برداشت کر لیتے ہیں۔

## برج دلو کے دوسرے بروج کی ساتھ تعلقات

### برج دلو برج حمل کے ساتھ

### دلو عورت حمل مرد

دلو کو محتاط رہنا ہے کیونکہ حمل کو گلے کے ہار کی نہیں بلکہ معاملات میں مفید مشورے اور توجہ دینے والی بیوی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور اگر ایسا ہو جائے تو وہ پھر کسی دوسری عورت میں دلچسپی نہیں لیتے۔ دیگر معاملات میں تو وہ بالادستی کا خواہش مند ہے۔ لیکن مہربانی کر کے ان کے لباس کا دلو خود خیال رکھے۔ اسے چیلنج مت کریں۔ بلکہ پرسکون و آرام دہ گھر دے کر خوش و خرم زندگی گزارنے کا سامان پیدا کریں۔

### دلو مرد حمل عورت

حمل کی ذہانت اور جذبہ حاکمیت آپ کی عجلت پسندی و سستی ٹکرا سکتے ہیں۔ لیکن حمل ہمیشہ آپ کی تعاون و مدد کی طلب گار رہے گی۔ حمل پر کبھی کوئی پابندی عائد نہ کریں۔ اور وقتاً فوقتاً اس کی

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

تعریف کرتے رہیں اور تحفے تحائف دیتے رہیں ایک دوسرے کی اچھائیاں اور برائیوں کو سمجھ کر زندگی گزارنے کی کوشش کریں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

## برج ثور برج دلو کے ساتھ

### دلو عورت ثور مرد

دلو کو ثور کا شریک سفر بننے کے بعد متحمل مزاجی کا دامن تھامنا ہوگا۔ ثور بذات خود ہر قدم پھونک پھونک کر رکھتے ہیں۔ دلو ان پر حکومت کے خیال سے دور ہی رہے تو بہتر ہے۔ اس کا دل پیٹ کے راستے جیتا جاسکتا ہے۔ گھر کو خوبصورت و پرکشش بنائیں کیونکہ یہ ثور کی خواہش ہے۔

### دلو مرد ثور عورت

آپ خوش نصیب ہیں کہ آپ کو ہواؤں میں اڑنے والی شریک حیات نہیں ملی۔ اسے دلو کا دوسری عورتوں کے ساتھ بات تک کرنا ناپسند ہے۔ وہ آپ کو صرف اپنا دیکھنا چاہتی ہے۔ ثور کو سچی محبت کا یقین دلائیں تو وہ آپ ہی کی ہو کر رہ جائے گی۔ دلو کی محبت کو ہمیشہ کے لئے جیت لیتی ہے۔ اور وہ ہر قسم کے حالات میں دلو کے ساتھ ہوتی ہے۔

## برج دلو برج جوزا کے ساتھ

### دلو عورت جوزا مرد

جوزا افراد کو دوسرے برجوں کے تحت پیدا ہونے والی خواتین کی نسبت دلو خواتین زیادہ جلد اپنی طرف متوجہ کرسکتی ہیں۔ جوزا مرد دلو خواتین کی صورت، ذہانت اور گھریلو امور میں دلچسپی پر ان کے قائل ہوجاتے ہیں۔ بہت اچھے منصوبہ ساز ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ دوہری شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ اچھے باپ اور اچھے خاوند ثابت ہوتے ہیں۔

### دلو مرد جوزا عورت

زندگی گزارنے کے اصول دونوں کے کافی حد تک ایک جیسے ہوتے ہیں۔ لوگ جوزا اور دلو کی جوڑی پر رشک کرتے ہیں۔ اور جوزا خاتون بذات خود صدق دل سے دلو مرد کی ہو کر رہتی ہے۔ وہ اس کے دوستوں اور حلقہ احباب سے مل کر خوش تو ہوگی لیکن خود دوستی صرف ان لوگوں سے رکھنے کی قائل ہے جن کی ذات اس کے لئے باعث دلچسپی ہو۔

## برج دلو برج سرطان کے ساتھ

### دلو عورت سرطان مرد

سرطان مرد ایک پل میں کچھ اور دوسرے پل میں کچھ ہوتا ہے یہ درست ہے کہ وہ اپنی بیوی کی ہر قسم کی ضروریات پوری کرے گا لیکن معمولی سی بات بھی اس کے ذہن میں خلش پیدا کرسکتی ہے۔ اس لئے دلو خواتین کو بہت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ سرطان مرد ہر لمحہ ہر عمل سے باخبر رہتے ہیں۔ بیگم کی برتری کو پسند نہیں کرتے۔ ہاں ماں کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ اس سلسلے میں ان کی بیگم کو سوچ سمجھ کر ہر بات کرنی چاہیے۔

### دلو مرد سرطان عورت

دلو مرد کے لئے سرطان خواتین کو سمجھنا بہت مشکل ہوتا ہے اپنی تعریف سننا اچھا لگتا ہے۔ نہایت کفایت شعار اور پوجنے کی حد تک محبت کرنے والی بیوی ثابت ہوتی ہے۔

## برج دلو برج اسد کے ساتھ

### دلو عورت اسد مرد

اسد مرد جارحانہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ اگر انہیں قابو میں کرنا آجائے تو دلو خواتین بہت خوش قسمت سمجھی جاتی ہیں۔ اگر ان کا بس چلے تو اپنی شریک سفر کی جھولی ہیرے جواہرات سے بھر دے۔ اس کی تنگ مزاجی کی بناء پر دلو عورت کو ہمیشہ محتاط رہنا چاہیے۔ اگر دلو خاتون اسد مرد کو اپنے قابو میں کرنا سیکھ لے تو اس سے زیادہ محبت کرنے والا کوئی نہیں ملتا۔

### دلو مرد اسد عورت

اس بیوی کا حسن عروج پر ہوتا ہے۔ وہ ہمیشہ دوسروں کو اپنی طرف متوجہ رکھنے کا فن بہت خوب جانتی ہے۔ لوگ اسی بناء پر دلو کے دل میں اسد عورت کے خلاف حسد کے جذبات پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ لیکن دلو کو ایسا کرنے سے گریز کرنا چاہئے۔ میٹنگ اور گفتگو وغیرہ میں اسد بیوی کی موجودگی آپ کو فتح سے ہمکنار کرسکتی ہے۔ اس بات کا دھیان رہے کہ گھر یا کاروبار میں کسی قسم کے اخراجات

free copy khalidrathore.com

کا اختیار بیگم کو نہ دیں ورنہ آپ کنگال ہو جائیں گے۔

## برج دلو برج سنبلہ کے ساتھ

### دلو عورت سنبلہ مرد

سنبلہ مرد شرمیلے، ٹھنڈے مزاج کے حامل ہوتے ہیں۔ دل محبت سے چور لیکن زبان سے اظہار کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ دلو خواتین کے لئے ضروری ہے کہ وہ سنبلہ مرد کے ساتھ زندگی گزارتے ہوئے ہر قسم کی صفائی، توازن اور گھریلو امور کی بہترین ادائیگی پر بھرپور توجہ دے۔

### دلو مرد سنبلہ عورت

دلو مرد کے لئے سنبلہ عورت کو سمجھنا ایک مشکل کام ہوتا ہے۔ سنبلہ ہر کام سکون واطمینان سے کرنے کی عادی ہوتی ہے۔ خاوند کے نام کے ساتھ کسی دوسری عورت کا نام سننا پسند نہیں کرتی۔ جذبات کے اظہار سے اجتناب کرتی ہے۔ سو دل پھینک واقع نہیں ہوتی اور ہمیشہ وفادار رہتی ہے۔

## برج دلو میزان کے ساتھ

### دلو عورت میزان مرد

میزان مرد عورتوں کو سمجھنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ اور دلو خواتین بھی ان کی رفاقت میں پرسکون رہتی ہیں۔ بے جا حسن کی تعریف نہیں کرتے۔ قوت فیصلہ کی کمی ہونے کے باعث زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے جھوٹ بولنے سے گریز نہیں کرتے۔ اور مجموعی طور پر پرسکون اور ہمدرد وایماندار ہوتے ہیں۔

### دلو مرد میزان عورت

میزان عورت کی سوچ سطحی نہیں ہوتی۔ گھرداری میں بھی قابل تعریف ہوتی ہے۔ تنہائی یا محفل میں دلو مرد خاوند کے متعلق برائی برداشت نہیں کرتیں۔ انتہائی ذہین اور بہترین متکلم ہوتی ہیں۔ ان کو خوش رکھنے کے لئے دلو مرد کو ان کی تعریف پر توجہ دینی چاہیئے۔

## برج دلو برج عقرب کے ساتھ

### دلو عورت عقرب مرد

دلو عورت کے لئے عقرب مرد کے ساتھ رہنا انتہائی صبر آزما مرحلہ ہے۔ کیونکہ عقرب پہلی نظر میں تو دلو پر فریفتہ ہوں گے لیکن دوسرے ہی لمحے تلخ وترش باتیں سننے کو ملیں گی۔ ان کی دل فریفتگی کی عادت خواتین کو ان کی طرف مائل تو کرتی ہے لیکن پھر بعد میں انہیں پچھتانا پڑتا ہے۔ انہیں ہر کام کی جلدی اور کامیابی کی امید ہوتی ہے۔ لیکن ناکامی کی صورت میں وہ آگ بگولہ ہو جاتے ہیں۔ گھریلو امور سے کنارہ ہی کرتے ہیں۔

### دلو مرد عقرب عورت

عقرب خواتین جذبات کی ملکہ ہوتی ہیں۔ لیکن تصنع و بناوٹ کو اہمیت نہیں دیتیں۔ بہت وفادار اور راز داں ہوتی ہیں۔ لیکن اگر اسے ناانصافی یا دھوکہ دہی کا خطرہ ہو تو اس سے زیادہ برا انتقام اور کوئی نہیں لے سکتا۔

## برج دلو برج قوس کے ساتھ

### دلو عورت قوس مرد

قوس کسی لمحہ سکون سے نہیں بیٹھ سکتے اور آگے سے آگے بڑھنے کی کوشش میں مصروف رہتے ہیں۔ زیادہ تر وقت گھر سے باہر گزارتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ دلو کی ان کے معاملات میں دخل اندازی نہ کرنے کی عادت بھی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ اور قوس اسے ہر طرح کی آزادی فراہم کرتا ہے۔

### دلو مرد قوس عورت

قوس کی صاف گوئی دلو کو بہت سے دوستوں سے محروم کر سکتی ہے۔ اسے کبھی قید کرنے کا سوچیں بھی مت۔ دیانتدار اور قابل اعتماد ہے۔ دلو قوس کو سیر و تفریح اور تحفوں سے خوش رکھ سکتا ہے۔ قوس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ اپنی غلطی کا اعتراف فوراً کر لیتی ہے۔

## برج دلو برج جدی کے ساتھ

### دلو عورت جدی مرد

بظاہر سنجیدہ و خاموش نظر آنے والے جدی کے اندر ایک سیلاب موجزن ہوتا ہے۔ لیکن جب تک وہ اطمینان کر کے کسی صحیح انتخاب تک پہنچ سکے۔ اپنی بات اپنی ذات دوسروں سے چھپانے کی کوشش کرتا ہے۔ پیشے کے لحاظ سے دلو بے فکر ہے۔ جدی ہر لمحہ آڑے وقت کے لئے کچھ نہ کچھ بچا کر رکھتا ہے۔

### دلو مرد جدی عورت

جدی عورت کسی سست و جامد مرد کو پسند نہیں کرتی۔ بذات خود آگے سے آگے کی تلاش میں سرگرداں۔ آئیڈیل خاوند ملنے پر وہ وفا کی دیوی ثابت ہوتی ہے۔ خوشگوار ماحول کا انحصار اس بات پر ہے کہ دلو جدی کے آباؤ اجداد میکے وغیرہ کے لئے دلی جذبات کا اظہار کرے۔ ان کے خلاف کوئی بھی بات اسے ناراض کر سکتی ہے۔


اس سلسلے کی پہلی قسط ماہ جنوری کے شمارے میں شائع ہو چکی ہے

# سحر الہنود


**عداوت کے لئیے:** یہ نقش جمعرات کو آفتاب نہ نکلنے پائے اس وقت لکھے اور جس گڑھے میں وہ دونوں پانی پیتے ہوں ڈال دے فوراً جدائی ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| الله | عسجحه | الله |
| ۱۴۳ | | ۱۴۳ |

**دیگر:** اس تعویذ کو لکھ کر پرانی قبر میں ڈال دے۔ انشاء اللہ جدائی ظہور میں آ وے گی۔ وہ تعویذ موصوف یہ ہے۔



**دیگر:** یہ نقش لکھ کر دوپہر کے وقت آگ میں جلائے۔ لکھنے سے پہلے تین بار یا قہار کہے اور نیب کے پتے منہ میں رکھے۔ یہاں تک کہ دونوں میں جدائی ہو۔ اور ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکیں وہ یہ ہے۔



**دیگر:** یہ نقش لکھ کر اس کے گھر میں ڈال دے

۱۱ ہ ۱۱ ۱۱ ۱۱۱۸ ۱ ۱ عہ


فوراً جدائی کامل ہو جائے۔ وہ یہ ہے۔

۱۱ ۹ عہ ۲۱ ۱۱ ۱۱ دعه ۱۱۸۸ کس

**دیگر:** یہ تعویذ جو کی روٹی پر لکھ کر گڑ ملا کے کالی کتی کو کھلا دے۔ جلد جدائی ہو۔ وہ یہ ہے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| حاس | ملح | وعید | | عف |
| مادالھما | اعتا | ودعج | بسلیم | بصال |


**دیگر:** واسطے ہلاکی دشمن کے یہ طلسم بدھ کے دن کاغذ پر مع نام اُس شخص کے جس کو ایذا دینی منظور ہو اس کی ماں کے نام سمیت لکھ کر مینڈک کے منہ میں رکھے۔ اور ڈورے سے باندھے اور مرگھٹ میں اس کو گاڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس روز کے اندر مطلب پورا ہوگا۔



**دیگر:** کاغذ پر لکھ کر آگ میں جلا دے انشاء اللہ تیسرے روز جدائی ہو جائے وہ یہ ہے۔ رح رح خح ق ق ق بھی فی الانسادھم فلاں بن فلاں۔

**دیگر۔** واسطے ہلاک ہونے اور دور ہونے دشمن کے یہ نقش مجرب ہے۔ اس کے جلانے کے وقت دھونی دینی چاہئیے۔ اس کا اثر استعمال کرنے سے معلوم ہوگا وہ یہ ہے۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions





**دیگر:** اگر کوئی شخص آپ کی جان کا دشمن ہو تو اس نقش کو لکھ کر دشمن کے چوکھٹ کے نیچے گاڑ دے۔ دشمن جلد فنا ہوگا۔ وہ یہ ہے۔

طلحا لصصی عصصلحا لحلصا لحجا لحجا لحجا لحجا۔

**زبان بندی کے واسطے:** گیہوں کے تین دانے لے کر ہر ایک پر تین بار الم نشرح پڑھ کر پھونکے اور نیت کرے کہ کلام و زبان فلاں کا میں نے باندھا جب تک میں نہ کھولوں اور کوئی دوسرا نہ کھولے وہ دانہ مرغوں کے آگے ڈال دے۔ فوراً زبان بند ہوگی۔ آزمودہ ہے۔

**دیگر:** کنواری لڑکی کے ہاتھ کا سوت لے کر اس پر ستر بار گرہ دے۔ ہر ایک گرہ پر ایک بار سورہ یٰسین پڑھ کر پھونکے۔ اپنے یا اس کے دروازے پر دفن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زبان بند ہوگی کوئی کلمہ برخلاف نہ بولے گا۔

**خواب بندی کے لیے:** اس تعویذ کو جمعرات کے دن بعد نماز صبح کے لکھ کر مسجد یا خانہ مطلوب میں دفن کرے۔ خواب مطلوب کا بند ہو گا۔ یعنی جب تک مطلوب طالب کے پاس نہ آوے۔ بیقرار رہے اور تعویذ کے نیچے اپنا نام اگر مرد ہو معہ والد کے اور نام مطلوب کا اگر عورت ہو معہ والدہ کے لکھے۔ اس طرح سے کہ فلاں بن فلاں بستم خواب فلاں بن فلاں علی حب بستہ گردد۔ وہ تعویذ یہ ہے۔



**دیگر:** جو اس نقش کو اتوار کے روز لوبان کی دھونی دے کر گوشہ زمین میں دفن کرے اور اس پر ایک لوہے کی میخ گاڑ دے اور تعویذ کے نیچے رکھ دے اور زبانی بھی کہے کہ خواب اور آرام فلاں بن فلاں یا فلاں بنت فلاں کا بستہ ہو۔ اور میرا مبتلا۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| • | ۷۷ | ع ع | ۲ | ع ع ع |
| • | ۸۴۹ | مح مح مح | ۴ | ع ع ع ع |
| • | ۵۵۴ | ۴۴ | • | مرہ ص |
| • | • | • | ۲ | سح سح |
| • | • | • | ۱۰ | ۷ ع |

**تسخیر:** اگر کسی کو مسخر و مبتلائے الفت کرنا چاہے تو یہ دعا نو چندی جمعرات کو ایک سو ایک بار پڑھے۔ اور بالوں سے دھونی دے اور مثل عطر و پھول خوشبودار وغیرہ اپنے پاس رکھے۔ پھر جب ضرورت کے وقت اگر سات بار پھول یا خوشبو پر دم کر کے جس کسی کو سنگھائے فریفتہ ہو جاوے۔ اگر حاکم ظالم یا دشمن کے پاس اپنے اوپر تین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے جاوے انشاء اللہ تعالیٰ مہربان ہو جاوے اور سات مرتبہ شیرینی پر دم کر کے کسی کو کھلاوے وہ اس پر ہزار جان عاشق ہو جاوے دعا یہ ہے ایضاً

**سراطیاً اجیبونی و اعیتبونی بامرکم بحق الوہا ہنگیو وساستن باذن اللہ کرم نے طرب بلند جوگی عوارے عمارے مشتاری مامیرلوہ سیلمان کشمیری بحق احمدادہم۔ بحق التورات والانجیل**



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

**والزبورو الفرقان مہر محمد رسول اللہ صلعم۔**

بارہا آزمایا درست پایا۔

**دیگر:** یہ اسم ایک سو بار ایک بر جوع قلب عشا کے وقت پڑھے اور اول آخر درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ اگر یہ عمل جنگل میں پڑھے بہتر ہے ورنہ مکان خالی میں پڑھے۔ پڑھنے سے پہلے ذائقہ کے لیے شیرینی کھانی چاہیے۔ چالیس دن تک یہی عمل کرے وہی اثر دے گا جو اوپر بیان کیا گیا ہے۔ نعین الہم اجعلی محبوب فی قلبی یا بدوح یا بدوح یا بدوح۔

## تیسرا باب

## منتر ھائے سابری اور طرح طرح کی طلسماتیں

تسخیر کے لیے یہ منتر نہایت درست ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے کہ منگل کے دن پیشتر برآمد ہونے آفتاب کے غسل کرے اور آتش پاچک وشتی قریب رکھ کر لوبان کی دھونی دے اور ایک جفت لونگ بھی اس میں پھوڑ دے اور آگ کے گرد صندل و عطر مع لوبان و کافور و گل خوشبودار اور اگر و غیرہ موجود رکھے۔ اس وقت اکیس مرتبہ یہ منتر پڑھے۔ اگر پانچ یا سات سہ شنبہ عمل کرے عامل ہو جاوے پھر جب چاہے یہ منتر پھول پر پڑھ کر دم کرے اور جس کسی کو چاہتا ہو اُس کی پشت پر وہ پھول مارے وہ شخص ہمراہ ہو گا لیکن حرام سے ورنہ پھر اثر جاتا رہے گا۔ منتر یہ ہے رُد دیس سے آئی کچھا دیبی جہاں بسی اسمٰعیل جوگی۔ اسمٰعیل جوگی کی لاگی پھلواڑی جہاں بسے لونا چماری جہاں جائے ہمارے پھولوں کی باس سو سو آوے پاس دوہائی لونا چماری کی' بہت مجرب ہے۔

**دیگر:** آدھا سیسی کے درد کو مند ہے۔ یہ منتر نو چندی جمعرات کو ایک سو بار پڑھے اور پھر بیمار کے سر پر تین بار پڑھ کر پھونکے آرام ہو۔ وہ منتر یہ ہے 'بن میں جائے باندری جو آدھا پھل کھائے۔ کھڑے محمدؐ بانگ دیں آدھا سیسی جائے'۔

**دیگر:** بچھو کا زہر دور کرنے کے لیے یہ منتر اکسیر ہے 'اونک سنو سوری کائی کنکل مالو سانپ سیر بیٹھی والو ہر دیلیو پلیو اوتری تو اوتار دوں نہیں تو نہ ہو کنھ دھرنے کاروں شبدُ سانچا جوتی یا نیب کی ٹہنی سے سات بار پڑھ کر جھاڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زہر اثر نہ کرے گا۔

**دیگر:** زہر اترنے کا منتر گنگا گوری یہ دورانی۔ ٹانکر مار کر دیکھ۔ گنگا بانٹے گورو اٹھارہ یا دزکھ ہوئے۔ کردکی شکتی میری بھکتی بھرو منتر ایشر و باچا۔ اس منتر کو اتوار کے دن سات سیاہ مرچ پر پڑھ کر مار گزیدہ کو کھلاوے۔ زہر دفع ہو جائے۔ بارہا آزمایا خوب فائدہ مریضوں نے اٹھایا۔

**طلسمات سحر:** محبت کے لیے جس جگہ مردہ یہودی چلا گیا ہو شب پنجشنبہ یا یکشنبہ کو وہاں کی خاک لا کر لعاب دہن آب منی میں اس خاک کو ملا کر اُس عورت کے بدن پر لگا دے فریفتہ ہو جاوے یا کھلا دے۔

**نوع دیگر:** یکشنبہ کو چوراہے کی خاک اور پتہ طاؤس وہدہد کا اور اپنا انزال ایک جگہ کر کے گولیاں بنا کر جس کو وہ گولی کھلا دے وہ شخص اس کا عاشق ہو جائے۔

**دیگر:** سہ شنبہ کے دن خواہ یکشنبہ کو ایک لونگ اپنے تخم میں تر کر کے جس عورت کو کھلا دے۔ عاشق ہو جاوے علیٰ ہذا۔ اگر عورت سپاری اپنے تخم میں تر کر کے سہ شنبہ یا یکشنبہ کو مرد کو کھلائے تو مرد عورت کا فرمانبردار ہو جائے۔

**دیگر:** اگر عورت کے سر کے بال جو شانہ کرنے سے گرتے ہیں۔ ان کو جلا کر اس کی خاک اپنے تخم میں ملا کر قضیب پر طلا کر کے اسی عورت سے ہم جفت ہو تو وہ دیوانہ اور فریفتہ ہو جائے۔

**دیگر:** سہ شنبہ کو بوقت طلوع آفتاب بیسوں ناخن اپنے تراش کر احتیاط سے چھپا رکھے اور علی الصبح اول ناخن کو مشک اور گلاب اور زعفران میں تر کر کے سات مرتبہ اس پر بسم اللہ پڑھ کر دم کرے اور اس کو آگ میں جلاوے وہ خاک جب کبھی کسی معشوق کو کسی چیز میں ملا کر کھلا دے محبت میں مبتلا ہو۔

**دیگر:** سیاہ کوے کی زبان اور ناک مدفن یعنی مسان کی اور بیسوں ناخن اپنے پنجشنبہ کو جلا کر رکھے اور زبان زاغ اتوار کو صبح کے وقت الگ جلا کر اس میں اپنا انزال مع لعاب دہن اور خون انگشت عنصر خود جو کہ سب سے چھوٹی انگلی ہے نکال کر ہر ایک چیز اس میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا کر جس کسی کو ان میں سے ایک گولی کھلا دے اس قدر

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

فریفتہ ہو کر اس سے عقب گذار دشوار ہو جاوے۔

**نوع دیگر۔** بغض کے لیے چوہے اور بلی کے سر کے بال اور کوے کے گونسلے کی لکڑی جو اکثر نیب یا کیکر کے درخت پر ملتی ہے۔ اس کو شنبہ کے دن کہہ آؤ کہ میں تجھ کو کل لے جاؤنگا۔ اور یکشنبہ کے دن لا کر تینوں چیزوں کو خاک کرے اور جہاں کہیں خاک ڈال دے وہیں جنگ و جدل ٹھہرے کہ پھر آشتی ہونا محال ہو جائے۔

**دیگر:** اگر خوک کی چربی یک شنبہ یا سہ شنبہ کو دشمن کے مکان میں رکھ دے۔ باشندوں میں عداوت درپیش ہو۔

**دیگر:** اُلو اور کوے کے خون میں دونوں آدمیوں کا کپڑا تر کر کے چودس بدی کو جلا کر اس کی خاک دونوں کو سر پر ڈالے عداوت کامل پیدا ہو۔

**دیگر:** الو اور کوے اور چیل کے پر ان سب کو جلا کر ان کی خاک دونوں کے سر پر ڈالے اگر اتوار کی رات ہو جلاوے ضرور عداوت ہو مجرب ہے۔

**دیگر:** چوہے کی مونچھیں اور بلی کی مونچھیں موم میں ملا کر دشمن کے گھر دفن کرے عداوت ہو۔

**نوع دیگر۔** کیک یعنی پسو کا نصف پائیں بدن جس عورت کو کھلایا جائے حیض جاری ہو مگر نصف اوپر کا با احتیاط رکھ چھوڑے۔ کیونکہ اس کو کھانے سے بند ہوتا ہے ورنہ اور کسی چیز میں بند ہونا ممکن نہیں اور بھی تاثیر کٹھل کی ہے۔

**دیگر:** اگر کوئی چاہے کہ مجھ پر فلاں عورت عاشق ہو جائے تو چاہیئے کہ یکشنبہ یا سہ شنبہ کو ایک لکڑی انجیر کی لا کر اس لکڑی سے مادہ سگ یعنی کتیا کو مارے اور اس لکڑی کو جلا کر اپنے پیشاب میں گولیاں بنا کر یکشنبہ کو جس عورت کو وہ گولی مارے اُس پر شیدا ہو۔ محبت کے لیے پتا جانور کوئیل کا اور اپنی منی ملا کر اس کی گولیاں بنا دے جس عورت کو تابعدار کرنا منظور ہو۔ وہ گولیاں اُس کو کھلا دے تابعدار بن جائے۔ اگرچہ لوگوں نے اس کی بدولت مزے اڑائے۔

**شعبدات عجب:** آکھ کے دودھ سے ہاتھ پر لکھے اور خشک راکھ یا مٹی اس پر ملے تو حروف سیاہ معلوم ہوں گے۔

**دیگر:** شیرہ دودھ میں نوشادر ملا کر اس سے کاغذ پر لکھیں حروف ناپید ہوں گے مگر آگ دکھانے سے خط سیاہ ظاہر ہوگا۔

**دیگر:** آب پیاز و ہلدی و نیل و مازد۔ و مجیٹھ و بجی ملا کر اس سے لکھیں آگ دکھانے سے خط سبز ظاہر ہوگا۔

**دیگر:** آب پیاز نوشادر شیرا گھرے وہیں سرخ رنگ معلوم ہو۔ دیگر آب لیموں سے لکھ کر آگ دکھانے سے زرد ظاہر ہوگا۔

**دیگر:** آب نارنج سے سرخ دیگر مارو و یارا کھ سرخ سے لکھیں تو ناپید ہوگا۔ پانی میں بھگونے سے خط سیاہ ظاہر ہوگا۔

**دیگر:** عورت کے دودھ میں پھٹکری ملا کر لکھیں تو پانی میں گر جانے سے تر نہ ہوگا۔

**دیگر:** اسپند کو تین روز پانی میں تر رکھ کر اس سے لکھیں تو خط سرخ ہوگا۔

**دیگر:** رائی اور خرمانی اور ہندی پانی میں پیس کر اس سے لکھیں اور دھوپ دکھائیں حروف سرخ معلوم ہونگے۔

**دیگر:** پیاز کے عرق میں خرمانی ہندی گھسکر لکھے اور دھوپ دکھاوے تو حرف زرد معلوم ہونگے یہ شعبدے درست ہیں۔

**شیشہ چبانے کی ترکیب:** شیشے کو آگ میں ڈال دیا جائے جب شیشہ آگ کی مثال ہو جائے تو اُس کو ادرک کے عرق میں غوطہ دے جب ضرورت پڑے چبا جاؤ۔

**دیگر:** اگر مردہ مچھلی پر روغن بھلادہ کی مالش کر کے پانی پر چھوڑ دے زندہ مچھلی کی طرح تیرتی معلوم ہوگی۔

**دیگر:** لاجونتی۔ جوک۔ کافور شنگرف۔ چاروں چیزوں کو پیس کر ہاتھوں میں لگاوے۔ پھر جس عورت کو مٹھی دکھاوے۔ فوراً اس کی چھاتی غائب ہو جائے گی یوں بھی ایک جگہ لکھا ہے کہ ہاتھ پھیرنے سے چھاتیاں غائب ہو جائیں گی۔ جس وقت مٹھی کھول دی جائے گی۔ پھر بعینہ پستان معلوم ہونگے۔ اس سے خوب کیفیت رہتی ہے۔ کئی بار آزمایا ٹھیک پایا۔

## نوع دیگر: زن برہنہ کی ترکیب۔

کنواری لڑکی کے ہاتھ کا کتا ہوا سوت سات تار لے کر منگل یا سنیچر یا اتوار کے روز جس وقت کہ چڑیا یعنی کنجشک جفتی کرتا ہو۔ اس وقت ہر جفتی میں ہر مرتبہ ایک ایک گرہ دے جب سات گرہ ہو جائیں کام میں



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

لائیں اور ہر گرہ پر یہ منتر پڑھ کر گرہ دے۔ اونگ برہما باسدیو اس دھاگہ کو راستہ میں ڈال دے۔ جو عورت کہ اس پر سے ہو کر جائے اس کا آزار بند ٹوٹ جائے اگر عورت کو بازو پر باندھے تو محبت زیادہ ہو جائے۔

**دیگر:** ترنج میں سوراخ کر کے سیماب و نوشادر بھرے اور اس کے سوراخ کو رومی مصطگی سے بند کر کے آگ میں رکھ دے۔ اچھلنے لگے گا۔

**دیگر:** لیموں میں سوراخ سوئی سے کر کے سیماب دو ماشہ یا نیلہ تھوتھا اس سوراخ میں بھر کر سوراخ کو موم سے بند کر کے پانی گرم میں ڈالے تو اس وقت لیموں کو چھوڑ دے۔ کودنے لگے گا۔

**دیگر:** ایک درم رانگ مرغ کے گلے میں باندھ دے تو مرغ آواز نہ دے سکے گا آواز بند ہو جائے گی۔

**دیگر:** شیر کی چربی یا پیاز جہاں رکھیں وہاں سے سانپ بھاگ جائیں گے۔

**دیگر:** تخم نرگس عاقر قرحا۔ گندھک پانی میں پیس کر جس گھر میں چھڑکیں وہاں مکھیاں نہ رہیں گے۔

**دیگر:** مادہ گاؤ کا دانت چھاچھ پیس کر جس گھر میں چھڑکیں وہاں مکھیاں نہ رہیں گی۔ **دیگر:** اونٹ کے داہنے ہاتھ کا ناخن لے کر جس گھر میں جلاویں وہاں سے چوہے بھاگ جاویں۔

**دیگر:** سمندر کھار آٹے میں ملا کر چوہوں کو ڈالیں سب بھاگ جاویں۔

**دیگر:** چراغ پر اس کے استعمال سے پتنگ نہ آویں۔ چراغ میں پیاز کا ٹکڑا ڈالیں کوئی پروانہ اس کے پاس نہ آوئے گا۔

**دیگر:** گندھک کی دھونی چارپائی کے نیچے دینے سے کھٹمل دور ہو جائیں گے۔

**دیگر:** گیہوں کو شہد میں رکھے بعد خشک ہو جانے کے جانوروں کو ڈالے تو کھاتے ہی بیہوش ہو جائیں گے۔ گرم پانی ڈالنے سے ہوش میں آجاوینگے۔

**دیگر:** تھوہر کے دودھ میں پیش کر گولی بنا دے۔ اس کو جو جانور کھائے بیہوش ہو جائے گرم پانی ڈالنے سے پھر ہوش میں آجاویں گے۔

**دیگر:** موتی اور پھٹکری لے کر پانی میں پیس کر جس کسی کو شراب کا نشہ بہت ہو گیا ہو تو اس کو پلا دے۔ فوراً نشہ رفع ہو جائے اور ہوش میں آجاوئے۔

**دیگر:** بیضہ مرغ کو سرکہ انگوری خالص میں رکھے۔ بعد تین روز کے جب بیضہ نرم و خورد ہو جائے تو اس کو شیشہ میں اتار لیں۔ تھوڑی دیر میں پانی ڈال دیں۔ وہ بیضہ بڑا اور سخت مثل سابق کے ہو جاوئے گا۔ پھر جب نکالنا منظور ہو تو وہی ترکیب کریں۔

**دیگر:** چاردن کا اگر تپ ہووے فوراً جاتا رہے الو کا پر اور گل سیاہ کپڑے میں ڈال کر بتی بناوے اور اس کا کاجل اتار کر آنکھوں میں ڈالے بخار جاتا رہے۔

## چوتھا باب

## تعویذات شفائے امراض اور استخارہ و فالنامہ و سفر نامہ اور شگون جلپاسہ و آواز زاغ و چھینک اور نقشہ دریافت تنہائی ہندی میں کہ مدہ کونسی تاریخ کہاں ہو گا؟

**درد سر کے لیے:** قولہ رب الشر هل والصدری وایشدلی و امری احلل عقدتن من السانی یفقھو قولی)۔ اس آیت کو سات بار پڑھ کر سر پر دم کرے۔ انشاءاللہ درد سر جاتا رہے گا۔

**دیگر:** جب کوئی شخص بیمار ہو تو اسم (یاسلام) کو اس ترکیب سے پڑھے کہ اس اسم کو ایک لاکھ پچیس ہزار بار ایک جلسہ میں طاق آدمی پڑھیں اور فاتحہ دیکر شیرینی تقسیم کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیمار بیماری میں کتنا ہی مبتلا کیوں نہ ہو بہت جلد آرام پائے گا مجرب ہے۔

**دیگر:** جو کوئی اس رباعی کو اول آخر درود شریف کے پڑھے تو خدا کے فضل سے آرام پاوے۔

### رباعی

اے در وصف ذات تو حیراں کہ دمہ — وز ہر دو جہانخدمت درگاہ تو بہ
ملت تو نشانی دشفا ہم بدہے — یارب بفضل خویش بستان دیدہ

**دیگر:** یہ تعویذ بیس مدد کا ہے بیس نقش تین گولیاں بنا کر دریا میں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

چالیس روز تک ڈالے جب عامل ہو جاوئے تو واسطے درد نیم سر کے لکھ کر سر پر باندھے۔ درد ضرور جاتا رہے گا۔ بہت لوگوں نے اس سے فیض پایا ہے۔

۷۸۶

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۵ | ۶ | ۷ | ۲ | ۵ |
| ۷ | ۲ | ۵ | ۶ | ۲ |
| ۲ | ۷ | ۶ | ۵ | ۷ |
| ۶ | ۵ | ۲ | ۷ | ۶ |

**دیگر:** تپ ولرزہ کے لیے۔ یہ نقش لکھ کر گردن میں مریض کے باندھے اور ایک نقش روز دھو کر پلا دیں بحکم اللہ صحت کلی حاصل ہو۔ مجرب ہے وہ یہ ہے

۷۸۶

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۷ | ۸۵۷ | ۷۶۰ | ۸۶۴ | ۸۵۰ |
| ۱ | ۹۳ | ۸۵۱ | ۲۵۶ | ۱۶۱ |
| ۱۱ | ۱۸۳ | ۸۶۶ | ۲۵۸ | ۸۵۵ |
| ۱ | ۸۵ | ۸۴۴ | ۸۸۲ | ۸۶۵ |

**دیگر:** درد اعضاء کے لیے یہ اسم کاغذ پر لکھ کر نیب یا انار کے درخت پر چسپاں کرے اور جس جگہ درد ہو مطابق اشجار ذیل کے اسی حرف پر لوہے کی میخ ٹھوک دے درد فوراً دور ہوگا۔ وہ یہ ہے۔ بحق یا اللہ سعونی والتعالی مجرب ہے۔

**دیگر: درد سر کے رباعی:**

درد سر دریا بزن دندان بسین۔ میم را درحلق زن بھی عشبین
ہم سر ورعین زن ہمدرد گوش۔ بہر تپ درتا بزن فارغ نشین

پڑھے اور پڑھتے ہوئے میخ ٹھونکتے وقت بیمار سے وعدہ کرالیوے۔ مگر وعدہ کم ہو۔ جب وہ وعدہ پورا نہ ہوگا اس وقت تک وہاں درد نہ ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

**دیگر:** یہ شعر لکھ کر دردزہ والے مریض کو دھو کر پلانا چاہیئے۔

شعر

بہر یک قطرہ آبے جگرت بشگافند۔ ای صدف تشنہ بمیر وصوئے نیساں منگر

بہت جلد دردزہ دفع ہوگا۔

**نوع دیگر: مرض دریافت کرنے کے لیے:** ایک سکورا لے کر اس پر یہ نقش لکھ کر سات مرتبہ مریض پر سے اُتارے۔ پھر آگ میں ڈالے اُن کو یلوں کی آگ کو پنکھے سے روشن کرے۔ اگر حرف آس کے سفید ہوں۔ سحر ہے۔ اگر سرخ ہوں اسیب چڑیل ہے اور اگر حروف غائب ہوں اسیب پری ہے اور اگر بدستور رہیں تو مرض بدنی ہے وہ یہ ہے

۱۱ ۸۳ ، ۶ ، ۹ح ، ۴ ، ۱۲ ۱۱ ۴۱ ۳

**دیگر: استخارہ نظام دین اولیاء کا:** اس کی ترکیب یہ ہے کہ بعد طہارت اور وضو کے ہزار بار لا الہ الا اللہ پڑھے اور اس مثلث کو لکھ کر سرہانے رکھ لے اور جو کچھ مدعا دلی ہو۔ اس پر خیال کر

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۲ | ۶۰ | ۵۱ | ۵۸ |
| ۶۱ | ۵۷ | ۵۵ | ۵۳ |
| ۵۶ | ۵۲ | ۵۱ | ۵۴ |

کے سو رہے مگر عدد اکیاون سے لکھے بہت درست ہے۔

**فالنامہ واسطے دریافت کرنے حال مریض کیے۔** معالج کو چاہیئے کہ جب مریض کو علاج کرنے کے لیے ہاتھ لگائے تو اس کو لازم ہے کہ پہلے اس کی زندگی دریافت کرے۔ کتنی عمر باقی ہے۔ اگر باقی ہو تو معالجہ شروع کر دے۔ ورنہ جواب دے دے۔ ترکیب یہ ہے کہ مریض اور اس کی ماں کے نام کے عدد بحساب ابجد جمع کرے اور حاصل جمع پر سات اور زیادہ کر کے تیس پر تقسیم کرے جو باقی رہے لوح حیات وممات میں دیکھ کر نیک بد کا حال اس کا معلوم کر لے وہ یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳ | ۲ | ۱۰ | لوح حیات |
| ۱۵ | ۳ | ۸ | ۴ |
| ۲۰ | ۱۹ | ۱۷ | ۶ |
| ۲۵ | ۲۶ | ۲۳ | ۲۲ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷ | ۶ | ۵ | لوح حیات |
| ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ |
| ۲۴ | ۲۱ | ۱۸ | ۱۴ |
| ۳۰ | ۲۹ | ۲۸ | ۲۵ |

اس شکل کو جس بیمار کے گلے میں ڈالے شفا پائے۔



**دیگر:** برائے تپ لرزہ کے ان اسماء کو کوری ٹھیکری پر لکھ کر مریض کے داہنے ہاتھ میں باندھے اول روز یا محیط دوسرے روز یا محیط تیسرے روز یا محیطط اگر پہلے روز نہ آؤ تو پھر نہ باندھے۔ ورنہ سات روز تک یہ عمل کرے۔

**دیگر:** درد سینہ کو مجرب ہے الم نشرح پڑھ کر ایک مرتبہ دم کرے۔ بفضلہٖ، آرام ہوگا۔ **دیگر:** مصروع کو ایک نقش لکھ کر پلا دے یا ایک گلے میں ڈالے پھر کبھی صرع نہ ہوئے۔ تعویذ مجرب ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | د | ط | ۳ |
| ۰ | ۷ | ء | ۳ |
| ۶ | ۱۱ | ۷۷ | ء |
| ۲۰ | ۲ | ۳۰ | ۱۳ |

**دیگر:** آدھا سیسی کے واسطے ۷ مرتبہ سورہ کوثر جس پر پھونک دے درد موقوف ہو جاویگا۔

**دیگر:** جس گھر میں اس کا فتیلہ بنا کر جلا دے۔ آسیب کبھی نہ آوے۔

| | |
|---|---|
| ۱۱۱ | ۷۸ |

**دیگر:** ایک آبخورہ آب براسیدہ کے ۶۳ ٹکڑے کرکے ہر ٹکڑے پر ایک مرتبہ سورہ تبت بغیر بسم اللہ کے پڑھے اور دشمن کے گھر میں ڈالے تباہ ہو جاوئے۔

**دیگر:** اگر کوئی حاکم کسی سے ناراض ہو جاوے تو جس وقت اس کے سامنے جاوے اس نقش کو کلہ یا دستار میں رکھے مہربان ہو جاوے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲ | ۸ | ۱ | ۶ |
| د | ح | ا | د |
| د | . | ح | د |
| ح | د | | ا |
| ا | د | د | ح |

**دیگر:** اس طلسم کو نیچے زبان کے رکھے۔ دشمن کی زبان بند ہو جاوے

۱۳۱۱۹۱۵۸۱7 ۱۴ ۷ء ۱۱ ۱۱


**دیگر:** جس شخص کی خواب بندی منظور ہو۔ اس طلسم کو لکھے اور اس کے سرہانے رکھ دے

۲۰ ۵ ـہ ۵۳ ۸۶۲ ءعد ۱۱۷

النوم النوم النوم

**دیگر:** اگر کسی کا عزیز کہیں چلا گیا ہو تو اس نقش کو لکھ کر پتھر کے نیچے دے دے اور جب وہ آ جاوے تو اسکے ہم وزن شیرینی لا کر حضرت شیخ فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ کی نذر دے کر معصوم بچوں کو دیوے اور اس کو بند کر کے لکھے۔ شیخ فرید شکر گنج۔

**دیگر:** جب کوئی دشمن تلوار مارے گا کبھی اثر نہ کرے گی اول بکری پر امتحان کرے۔




**دیگر:** اس عزیمت کو لکھ کر کنوئیں کے ڈول میں رکھ ڈالے۔ اگر آواز ہنسنے کی آوے ضرور زندہ ہے اگر رونے کی آوے مر گیا ہے۔

۵ ۱۲ ۹ ۱۱۷ ۱۴ ۱۱

۱۲ ۹ ۱۱۷ ۴ ۱۱

**دیگر:** جو کوئی چاہے کہ چور کا نام دریافت کرے۔ جن جن پر شبہ ہو ان کے نام لکھ کر گولیاں بنا کر اپنے پاس رکھے اور صبح کے وقت ایک طشت کے نیچے مرغ بند کرے اور ۷ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اس طشت پر ہاتھ رکھے اور جن لوگوں پر گمان ہے ان سے اس طشت پر معہ گولی ہاتھ رکھواویں جس کے پاس ہوگی مرغ آواز دے گا۔

**دیگر:** درد کمر کے واسطے مجرب ہے اس کو سیاہ ڈورے میں باندھ کر کمر میں رکھے۔

لحجحجحج
لحجحجحج
یاعفاج یاج یاج

**دیگر:** اگر کسی آدمی یا جانور کا پیشاب بند ہو جاوے تو چاروں ہاتھوں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

اور پیروں پر ان اسماء کو لکھے فوراً پیشاب آ جاوے۔
عیطش عیطوش عیطوش عشت۔

**دیگر:** جب تک یہ عزیمت منہ میں رکھے گا جب نکالے گا۔ منزل ہو جاوے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| طسہا | طسہا | طسہا |
| طسہا | طسہا | طسہا |
| طسہا | طسہا | طسہا |

## فالنامہ

طریق یہ ہے کہ اول فاتحہ پڑھے اور اسکا ثواب حضرت پیران پیر دستگیر کی روح پرفتوح کو پہنچاوے بعدہٗ مطلب دل میں رکھے اور آنکھ بند کر کے انگشت شہادت فالنامہ پر رکھے درست ہو۔



**لقمان۔** اگر سفر کا ارادہ ہے کامیاب ہو۔ فرزند کی آرزو ہے پوری ہوگی۔ جو شئے گم ہے ملے گی۔ **ادریس۔** صاحب فال ارادہ سے ہفتہ بھر ہٹ جائے تو بہتر ہے۔ اگر اس وقت کام شروع کرے گا۔ ضرر پہنچے گا۔ **صدیق۔** لالع بخش ہے۔ کتنی ہی تدبیر کرے کام انجام نہ ہو۔ **شیث۔** کام پورا ہو۔ سفر میں کامیابی ہو۔ دشمن مقہور ہو۔ **عزیز۔** ارادہ دلی پورا ہوگا۔ مگر جس کے واسطے دل چاہتا ہے۔ وہ شئے ذرا دیر سے دستیاب ہو۔ **زکریا** کام تیرا ایک ماہ بعد ہوگا اور جو فرزند کی آرزو ہو۔ نوکری کی خواہش ہو جلدی پوری ہوگی۔ **یوسف۔** مقصد دلی سے نامرد ہو۔ **داؤد۔** کچھ نقصان پہنچے گا۔ بہتر ہے کہ ارادہ سے باز آ۔ **(فالنامہ از دانیال)**

## باب دوم

## منقسم بدو فصل ویک خاتمہ

**فصل اول:** در تدارک عملیات سفلی۔ **فصل دوم۔** در نسخہ جات مجربہ ہر قسم خاتمہ کتاب۔ **فصل اول۔** در تدارک عملیات علم سفلی۔

**اول۔** جس شخص کا دوکان یا کسب بند کیا ہو چاہیئے کہ ہر روز بوقت صبح صادق بعد نماز فجر کے ۱۲۵ بار **فتحنا ابواب السماء بما منهم** ؕ اول آخر درود شریف۔ **اللھم صلی علی محمد و علی ال محمد و اصحاب محمد و بارك وسلم علیهم** ؕ

**دیگر:** جس شخص کی ترکاری یعنی پھل ہر قسم اور ہر موسم بند کیا ہو۔ اور ترکاری کے پھل اور پھول اور پتے جلنے لکھیں۔ اور پانی دینے سے سر سبز نہ ہوں تو چاہیئے کہ سیر بھر بالو جو تازے کنوئیں سے نکلا ہو۔ اس پر سورہ فاتحہ شریف ۴۱ مرتبہ معہ بسم اللہ پڑھ کر دم کر کے اس تمام کھیت میں چھڑک دیوے۔ بعدہ پانی دیوے۔ بحکم خدا اسی روز وہ کھیت سرسبز اور ہرا بھرا نظر آئے گا۔ مگر سوا پاؤ شیرینی پر فاتحہ خیر پڑھ کر اس کا ثواب جناب بروح پرفتوح بناب حضرت صدیق اکبرؓ گزارے۔ مگر بچہ گان خورد سالہ کو تقسیم کر دے۔

**دیگر:** جس شخص کے مکان میں کسی دشمن نے مسان یا رکھ مرگھٹ یا خاک قبر کہنہ یا از قسم جادو یا مٹھ چلا نا یا تعویذ بنا بر بربادی گاڑا ہو۔ چاہیئے کہ کچھ قدرے راکھ خواہ کسی درخت کی لکڑی کی ہو اس پر معوذتین ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے اپنے تمام مکان میں چھڑک دیوے اور کچھ تھوڑی سی راکھ دریا کے پانی میں ملا کر جس قدر مرد مان اس مکان میں رہتے ہوں۔ ہر ایک کو پلا دیوے۔ بحکم اللہ خواہ کوئی کسی طرح کی تکلیف میں مبتلا ہوگا فوراً شفا پاوے گا۔

**دیگر:** جس کا کسی نے گھی یا دودھ باندھا ہو۔ چاہیئے کہ کچھ دانے چکی میں سے نکال کر ان پر ۵ مرتبہ سورہ فاتحہ شریف معہ بسم اللہ پڑھے۔ اور پانچ مرتبہ **اللھم انی اعوذبك من شر نفسی و من شر کل شیطن مرید و من شر کل جبار عنید** ؕ پڑھ کر دم کر کے گھلتے دودھ میں ڈال دے۔ باذن اللہ اسی روز گھی دودھ اپنی اصلیت پر آ جاوے گا۔

**دیگر:** جس آدمی یا حیوان یا بچہ کو عارضہ ڈائن کا ہو چاہیئے کہ جملہ حروف مقطعات قرآن مجید اور ہر دو معوذتین اور آیت مندرجہ بالا



free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

۱۱-۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر دے اور اُس کو آنکھیں بند کر کے سُلا دیوے۔ جب نیند آ جاوے گی انشاء اللہ شفا کلی ہو جاوے گی۔

**دیگر:** بعض عورتیں آپس میں ایک دوسرے پر افسون کر دیتی ہیں جس سے رخساروں پر چھایاں اور چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے چاہیئے کہ جو کا آٹا گوندھ کر اور الصمد پڑھ کر دم کر کے چہرہ پر ہر روز ملے۔

## فصل دوم در نسخہ جات مجربہ ہر قسم

**عرق آتشک۔** پھلی ببول۔ بہٹ کٹائی معہ بیخ و برگ و بار و چھال۔ نیب چھال۔ کچنال چھال۔ بہر بیری۔ ہر یک۔ سہ آثار جو کوب نمودہ در آب بجوشانند تا ربع بماند۔ پاؤ صبح بنوشانند غذا پلاؤ۔ قورمہ بخورد۔ نبات ایک درم کھاوے۔

**برائے بادی:** کلونجی، اجوائین، اجمود، تخم میتھی ہلیلہ سیاہ، سہ سہ ماشہ کوفتہ بیختہ وقت شب بخورد۔ تا زیست مرض قریب نیاید۔

**برائے حصاۃ گردہ و مثانہ خاکستر عقرب کا طریقہ۔** بیضہ مرغ از زردی و سفیدی خالی نمودہ اندرونش کژدم سیاہ زندہ داخل نمودہ گل حکمت نمودہ در پاچک دشتی آتش دہند تا سوختہ گردد۔ پس سائیدہ نگہ دارند۔

**تلذذ۔** خون خرگوش با شہد آمیختہ جوش کند۔ وقت جماع قدرے بر آلہ تناسل نماد کند۔ لذت زیادہ شود۔ و شہوت زیادہ گردد۔

**برائے جریان عجیب و غریب است۔** چھال جہر بیری چھال ڈہاک۔ چھال مولسری۔ چھال بیخ کر۔ چھال پیپل۔ گوند پیپل۔ موصلہ سنبھل۔ مجیٹھ۔ گوند ببول۔ گوند ڈھاک۔ گوند درخت گولر تال مکھانہ۔ سمندر سوکھ۔ موصلی سفید و سیاہ۔ تخم اونٹگن۔ سپستان۔ برم ڈنڈی۔ مروڑ پھلی۔ تج۔ میدہ لکڑی۔ پھلی ببول۔ خامگو کہرو۔ کوفتہ بیختہ باشکر خالص سہ چند آمیختہ سفوف سازند۔ ۷ ماشہ باشیر گاؤ برائے جریان و آب بند کشاء مجرب است۔

**برائے سوزاک۔** کباب چینی، یک تولہ۔ سنگ جراحت یک تولہ۔ کتھ سفید ۶ ماشہ، کافور قیصوری سائیدہ با آب زلال برابر سہ روز بخورند۔ از جملہ سہ کند یک حصہ روز بخورد۔

**برائے فتق۔** گل منڈی۔ گل بٹو۔ گل بابونہ۔ گلوئے خشک خطمی یک یک تولہ۔ در آب بجوشانند و بخور گیرند۔ پس ازاں باشیں ضماد و سازند مجرب است۔

**برائے برص مجربہ بازو مریض۔** مرچ سرخ کلاں۔ باشیر گاؤ کہ اول زائیدہ باشد۔ برداشتہ تا جملہ شیر جذب شود۔ در سایہ دارد۔ ومر چہار برآوردہ در شیر بز تازہ سائیدہ باغبہائے سفید طلا کند۔

**برائے وجع المفاصل۔** سم الفار سفید ۶ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ بیر بوٹی ۶ ماشہ۔ جند بیدستر ۲ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ ہر یک سائیدہ در روغن ملیش ۳ تولہ بپزند۔ دبدارند۔ و مالش کند۔

**برائے بواسیر۔** گوگل۔ مویز منقی چھ چھ ماشہ۔ سائیدہ حب بقدر کنار دشتی بستہ یک حب ہر روز بخورند۔

**دھوئی مسّئہ بواسیر۔** گوگل۔ گاؤزبان۔ کٹیہ بالو۔ ہر سہ ۳ را دھونی دھند۔ و نمک در گوش بچکانند۔

**نسخہ طلا برائے نامردمی۔** خراطین خشک ایک عدد۔ زاد ایک عدد۔ بیر بوٹی در مسکہ لیش چہار یا تیں ساعت کھرل کردہ طلا نمائیدہ بالائش پان بنگلہ بندد۔

**نسخہ برائے مانع حمل۔** زنجبیل۔ عقرقرحا۔ مساوی الوزن با عسل مقوم آمیختہ بر ذکر ضماد نمائیدہ۔ ہمیں اثر کند۔ ولذت دہد۔

**دیگر:** صید کردن چوپایہ و پرندو شیر وغیرہ۔ جو شخص چاہے کہ میں کسی جانور کا شکار کروں تو یہ کرنا چاہیئے کہ پارہ انگوتیرہ ہر دو را در آب سائیدہ سحق کند۔ حتے کہ خشک شود قدرے شہد آمیختہ ازاں گندم تر کند۔ بعد ہشت پاس جانور را بخوراند ہر کہ خورد بیہوش شود۔ و بعد ازاں صیدی کردہ روغن را در دہن انداختہ در ہوش آرد۔

تمت بالخیر۔

قارئین راہنمائے عملیات اس امر کے ساتھ ہی کتاب سحر الہنود جس کے مصنف مشتاق احمد صاحب تھے کا خاتمہ ہوتا ہے۔ انشاء اللہ آئندہ ماہ اسی طرز پر ایک اور کتاب آپ محبوب پرچے کی زینت ہوگی۔

**ایڈیٹر راہنمائے عملیات**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# لوح خوش قسمتی

آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر راہنمائے عملیات سے خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کے شرف، اوج، سعد نظرات اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کروالیں۔

free copy
khalidrathore.com

**ھدیہ!** یہ لوح چاندی پر تیار ہوگی اور اس کا ھدیہ 1700 روپے ہوگا۔ ھدیہ بذریعہ منی آرڈر درج ذیل پتے پر ارسال کریں۔ اپنے کوائف یعنی نام اور نام والدہ بھی ارسال کریں۔

**مکمل اطمینان اور یقین کے ساتھ رجوع کریں**

**رابطہ!** خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور

# قرآن کی سورتوں کی برکتیں

از: علامہ محمد اشرف عطاری۔

ہر عمل ہر دعا اور ہر وظیفہ پڑھنے کے دوران بدن اور کپڑوں کی پاکی اور صفائی کا خاص خیال رکھیے بلکہ ظاہر پاکی کے ساتھ ساتھ اپنے اخلاق و کردار اور گناہوں کی گندگی سے صفائی کا بھی اہتمام کیجئے۔

اللہ عزوجل کی بارگاہِ عالیشان میں بار بار دعا مانگتے رہیں۔

ہر وظیفہ کے اول و آخر درود شریف پڑھیں۔

## بسم اللہ الرحمن الرحیم کی برکت

اس آیت مبارکہ کے خوائص اور برکتیں بہت ہیں ان میں سے چند فوائد یہاں تحریر کیے جاتے ہیں۔

☆ بسم اللہ ۷۸۶ بار پڑھ کر مخالف کو پلا دو تو ان شاء اللہ عزوجل وہ مخالفت چھوڑ دے گا اور محبت کرنے لگے گا اور اگر موافق کو پلا دو تو محبت بڑھ جائے گی۔ (فیوض قرآنی)

☆ جس درد یا مرض پر تین روز تک ۱۰۰ مرتبہ بسم اللہ شریف حضور دل سے پڑھ کر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ عزوجل اسی سے آرام ہو جائے گا۔ (فیوض قرآنی)

☆ جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو وہ ایک کاغذ پر ایک سو ساٹھ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھوا کر اس کا تعویذ بنا کر ہر وقت پہنے رہے تو انشاء اللہ عزوجل اس کی اولاد زندہ رہے گی۔ (فیوض قرآنی)

☆ جس کو بخار ہو سات بار یہ دعا پڑھے اگر مریض خود نہ پڑھ سکے تو کوئی دوسرا نمازی آدمی سات بار پڑھ کر دم کر دے۔ یا پانی پر دم کر کے پلا دے۔ انشاء اللہ بخار اُتر جائے گا۔ ایک مرتبہ میں بخار نہ اُترے تو بار بار یہ عمل کریں:۔

دعا: بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ ط (فیوض قرآنی)

☆ آسیب زدہ مریض پر یہ پڑھا جائے انشاء اللہ عزوجل آسیب نکل جائے گا اور پھر نہ آئے گا پڑھنے والے میں تقویٰ اعتقاد کامل اور روحانی قوت ہونی چاہیے اور حضور قلب کے ساتھ پڑھے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم المص طه طسم کهیعص یس والقران الحکیم حمعسق ق ن والقلم ومایسطرون

☆ اگر رات کو سوتے وقت اکیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ لو تو انشاء اللہ مال و اسباب چوری سے محفوظ رہیں گے۔

☆ حضرت علیؓ کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی خطرہ میں پڑ جائے تو یہ پڑھے انشاء اللہ اس کی برکت سے خطرہ ٹل جائے گا:۔

بسم اللہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم

☆ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ ایک شخص نے بسم اللہ الرحمن الرحیم کو بڑی عمدگی اور خوبی سے پڑھا اس کی بخشش ہوگی۔ (فضائل قرآن)

☆ ایک دوسری روایت میں ہے کہ جو عمدہ شکل میں اسے تحریر کرے گا اللہ تعالیٰ اسے بخش دے گا۔

☆ حضور ﷺ نے فرمایا جب استاد بچے سے کہتا ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم کہو تو استاد' بچے اور اس کے والدین کے لئے جہنم سے نجات لکھ دی جاتی ہے۔ (فضائل قرآن)

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

☆ ہر مشکل مہم کے لیے ۷۸۶ مرتبہ پڑھے پھر ۱۳۲ مرتبہ درود شریف پڑھے انشاء اللہ مشکل دور ہوگی۔

## سورہ فاتحہ کی برکت

☆ سورہ فاتحہ میں ہر بیماری کی دوا ہے (مشکوۃ)

☆ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے انھوں نے بیان فرمایا ہم نے ایک سفر میں ایک جگہ پڑاؤ کیا ہمارے پاس ایک لڑکی آئی اس نے کہا ہمارے قبیلے کے سردار کو سانپ نے ڈس لیا ہے۔ آپ میں کوئی جھاڑ پھونک جانتا ہے چنانچہ ہم میں سے ایک شخص گیا اور سورہ فاتحہ پڑھ کر اسے پھونکا اور وہ ٹھیک ہو گیا۔

☆ سرکار مدینہ ﷺ نے فرمایا سورہ فاتحہ ہر زہر کا علاج ہے۔ کسی صحابیؓ کا ایک مرگی زدہ شخص کے پاس سے گذر ہوا۔ انہوں نے اس کے کان میں سورہ فاتحہ پڑھ دی بس وہ شفاء یاب ہو گیا۔

☆ جس نے کسی گھر میں سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی پڑھ لی تو اس گھر والوں کو اس دن کسی انسان یا جن کی نظر نہ لگے گی۔ (فضائل قرآن)

☆ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی سونے کے لیے بستر پر جائے اور سورہ فاتحہ اور قل ھو اللہ احد پوری پڑھ لے تو پھر موت کے علاوہ ہر چیز سے تمہیں امان مل گئی۔

☆ سورۃ فاتحہ پڑھنے والے کی ضرورت کو اللہ تعالیٰ پورا فرما دیتا ہے۔

☆ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ مدنی مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا جو اپنے گھر پر پہنچتے وقت الحمد للہ سورہ اور قل ھو اللہ احد سورہ پڑھتا ہے اللہ عزوجل اس سے محتاجی دور فرما دیتا ہے۔ اور اس گھر کی خیر و برکت بڑھ جاتی ہے یہاں تک کہ اس کا فیض پڑوسیوں کو بھی پہنچتا ہے۔

☆ مدنی مصطفیٰ ﷺ کے زمانہ مبارکہ میں ایک صحابیؓ کا گزر ایک دیوانہ کے پاس سے ہوا۔ اس کے گھر والوں نے ان سے دریافت کیا آپ کے پاس اس کا کوئی علاج ہے۔ یہ صحابی بیان کرتے ہیں کہ میں نے تین دن تک صبح و شام اس کے اوپر دو دو بار سورۃ فاتحہ پڑھ دی اور وہ ٹھیک ہو گیا۔

☆ پاک پیالے میں سورہ فاتحہ لکھ کر روغن گل سے دھو کر کان میں ٹپکائیں کان کا درد دور ہو جائے گا۔

## سورہ البقرہ کی برکت

☆ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ تم اپنے گھروں میں سورہ بقرہ کی تلاوت کرو۔ اس سے شیطان اس گھر میں داخل نہیں ہوتا جس میں سورہ بقرہ پڑھی جاتی ہے۔

## آیۃ الکرسی کی برکت

☆ مدنی مصطفیٰ ﷺ کا فرمان عالیشان ہے کہ جو فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھتا ہے اس کی روح بذات خود اللہ عزوجل قبض فرماتا ہے اور وہ اس شخص کی طرح ہوتا ہے۔ جس نے اللہ عزوجل کے نبیوں علیہم السلام اور رسولوں علیہم السلام کی طرف سے جنگ کی ہو اور وہ اس میں شہید ہو گیا ہو۔

☆ پیارے مصطفیٰ ﷺ کا پیارا پیارا فرمان ہے کہ قرآن کی سب سے عظیم آیت آیۃ الکرسی ہے جو اسے پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجتا ہے یہ فرشتہ اس وقت سے آنے والے کل تک اس کی نیکیاں لکھتا ہے اور برائیاں مٹاتا ہے۔

☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ایک شخص مدنی مصطفیٰ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے شکایت کی کہ گھر کے اندر کی چیزوں میں برکت نہیں ہے۔ مددگار آقا ﷺ نے فرمایا کہ تم آیۃ الکرسی نہیں پڑھتے جس کھانے اور سالن پر تم آیۃ الکرسی پڑھو گے اللہ عزوجل اس کھانے اور سالن میں برکت دے گا۔

☆ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ مدنی مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھتا ہے اسے اللہ عزوجل شکر گذار بندے کا ثواب صدیق کا عمل اور انبیاء علیہم السلام کا ثواب عطا فرماتا ہے اور اس کے اوپر اپنا دست رحمت پھیلاتا ہے اور وہ انتقال کرتے ہی جنت میں داخل ہوتا ہے۔

☆ حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو رات اور دن میں دس بار قل ھو اللہ احد پوری اور آیۃ آلکرسی پڑھنے کی پابندی کرے گا وہ اللہ عزوجل کی سب سے بڑی رضا و خوشنودی اپنے لیے حاصل کرے گا اور وہ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہوگا اور شیطان سے

محفوظ ہوگا۔

☆ جو رات سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھ لے اس کا مال چوری سے اور شیطان سے محفوظ رہے گا۔

☆ حضرت ابن مسعودؓ روایت سے ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ مجھے کسی ایسی چیز کی تعلیم دیں جس سے اللہ عزوجل مجھے نفع دے مدنی مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا تم آیۃ الکرسی پڑھا کرو اس سے تمہاری اولاد، تمہارا گھر بلکہ تمہارے گھر کے آس پاس والے بھی محفوظ ہونگے۔ (فضائل قرآن)

## سورہ انعام کی برکت

☆ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور سراپا نور ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن جنت سے ایک پکارنے والا پکارے گا "اے سورہ انعام کے پڑھنے والے سورہ انعام اور اس کی تلاوت سے محبت رکھنے کے بدلے تم جنت میں آجاؤ"۔

## سورہ رعد کی برکت

☆ حضرت جابر بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انتقال کرنے والے کے پاس نزع کے عالم میں سورہ رعد پڑھنا مستحب سمجھا جاتا تھا اس سے مرنے والے کی سختیاں کم ہوتی ہیں اور اس کی روح نرمی اور آسانی سے قبض کی جاتی ہے۔ (فضائل قرآن)

## سورہ کہف کی برکت

☆ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رحمت والے مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا میری امت پر صرف سورہ کہف کا آخر حصہ نازل ہوتا اور کچھ نازل نہ ہوتا تو میری امت کے لئے یہی کافی ہوتا۔

☆ حضرت ابودرداءؓ سے روایت ہے کہ حضور تاجدار مدینہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے سورہ کہف کی ابتدائی دس آیتیں حفظ کر لیں وہ دجال کے فتنے سے محفوظ ہوگا۔ (فضائل قرآن)

☆ سرکار مدینہ ﷺ نے فرمایا تم اپنی اولاد کو اصحاب کہف کے نام سکھاؤ کیونکہ ان کا نام اگر کسی گھر کے دروازے پر لکھ دیا جائے تو وہ گھر نہ جلے گا کسی سامان پر لکھ دیا جائے تو وہ چوری نہ ہوگا اور اگر کسی کشتی پر لکھ دیا جائے تو وہ ڈوبنے سے محفوظ ہوگی۔ اصحاب کہف کے نام یہ ہیں:-

(۱) یملیخا (۲) مکسلمینا (۳) مرطونس
(٤) بیتونس (٥) سارنیونس (٦) ذونوانس
(٧) کشفیط (٨) طنونس (خازن: خزائن العرفان)۔

## سورہ یٰسین کی برکت

☆ حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا پورا قرآن اہل جنت کے سامنے رکھا جائے گا۔ وہ سورہ طٰہٰ و یٰسین کے علاوہ کوئی حصہ نہ پڑھیں گے بلاشبہ جنت والے جنت میں یہ دونوں سورتیں پڑھیں گے۔

☆ گمشدہ چیز کے ملنے کا عمل ۴۰ بار سورہ یٰسین سات دن تک پڑھے۔

☆ جو اپنی حاجت برآوری کے لئے سورہ یٰس پڑھے گا اس کی ضرورت پوری ہوگی۔

☆ جس کے اندر سخت دلی پیدا ہو جائے اسے چاہیے کہ ایک پیالے میں گلاب اور زعفران سے سورہ یٰسین والقرآن الحکیم لکھے۔ پھر اسے دھو کر پی لے۔

☆ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ پیارے پیارے مصطفیٰ ﷺ کا ارشاد پاک ہے کہ جو یٰسین سنے گا۔ اس کا ثواب اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کئے جانے والے بیس دینار کے برابر ہوگا اور جو اسے لکھ کر پی لے گا۔ اس کے سینے میں ایک یقین، ایک ہزار نور، ایک ہزار برکتیں ایک ہزار رحمتیں اور ایک ہزار رزق (روزی وحصہ) داخل کرے گا۔ اور ہر طرح کا کینہ اور مرض اس سے دور ہو جائے گا۔

حضور سراپا نور ﷺ کا فرمان عالی شان ہے کہ تم سورہ یٰسین پڑھو بلاشبہ سورہ یٰس میں دس برکتیں ہیں۔

(۱) اسے کوئی بھوکا پڑھے تو آسودہ ہوگا۔
(۲) کوئی پیاسا پڑھے گا سیراب ہوگا۔
(۳) کوئی ننگا پڑھے گا وہ لباس پہنے گا۔
(۴) کوئی بے بیوی والا پڑھے گا اس کا نکاح ہو جائے گا۔
(۵) کوئی خوفزدہ پڑھے گا اس کا خوف جاتا رہے گا۔
(٦) کوئی قیدی پڑھے گا اسے قید سے رہائی مل جائے گی۔
(۷) کوئی مسافر پڑھے گا اس کو سفر میں تعاون ملے گا۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

(۸) کوئی قرض دار پڑھے گا وہ قرض ادا کر دے گا۔
(۹) وہ شخص پڑھے گا جس کی کوئی چیز گم ہو گئی ہے اس کی گم شدہ چیز مل جائے گی۔
(۱۰) جب یہ سورہ کسی انتقال کرنے والے کے پاس پڑھی جائے گی اس کی روح آسانی سے قبض کی جائے گی۔

☆ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ مدنی مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ہمیشہ ہر رات سورہ یٰس پڑھتا ہے پھر وہ مرتا ہے تو وہ شہید (کی موت) مرتا ہے۔ گویا پابندی سے جو شخص ہر شب سورہ یٰس پڑھتا ہے وہ درجہ شہادت پاتا ہے۔

☆ حضرت ابوبکر صدیقؓ سے روایت ہے رسول اکرم نور مجسم ﷺ نے فرمایا جو ہر جمعہ کو اپنے والدین کی قبر پر یا ان میں سے کسی ایک کی قبر پر حاضر ہو اور ان کے پاس سورہ یٰس پڑھے اس کے لئے اس سورہ کی ہر حرف کے شمار سے بخشش ہوگی۔

## سورہ صافات کی برکت

☆ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ سرکار مدینہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن سورہ یٰس اور سورہ صافات پڑھے گا پھر اللہ عزوجل سے (کسی چیز کا) سوال کرے گا تو اللہ عزوجل اس کی مانگی ہوئی چیز عطا فرمائے گا۔

☆ مدنی مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر نماز کے بعد تین بار یہ پڑھے گا وہ بھرپور پیمانہ سے اجر لے گا۔

سبحن ربك رب العزة عما یصفون وسلم علی المرسلین والحمد الله رب العلمین

اور قیامت کے دن بھرپور پیمانہ سے ناپ کر (ثواب) ہے اس کو مجلس سے اٹھنے کے وقت یہ آیتیں پڑھنی چاہیے (جو اوپر گزر گئی)۔

ہمارے آقا مدینے والے مصطفیٰ ﷺ یہ آیتیں تلاوت فرماتے تھے۔

## سورہ حم دخان کی برکت

☆ اس سورت کا جمعہ کی شب پڑھنا افضل ہے۔
☆ جو شب جمعہ پڑھے گا اس کی بخشش ہوگی۔
☆ جو کسی رات حم دخان پڑھے گا وہ صبح اس عالم میں ہوگا کہ اس کے لئے ستر ہزار فرشتے استغفار کریں گے۔

## سورہ واقعہ کی برکت

☆ جو ہر رات سورۃ واقعہ پڑھے گا وہ کبھی بھی فاقہ کا شکار نہ ہو گا۔

☆ سرکار مدینہ ﷺ نے فرمایا سورہ واقعہ بے نیاز کر دینے والی سورہ ہے۔ اس لئے تم اسے خود بھی پڑھو اور اپنی اولاد کو بھی اس کی تعلیم دو۔

☆ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اپنے بچوں کو اسے ہر رات پڑھنے کا حکم دیتے تھے۔

## سورہ حشر کی برکت

☆ حضور نبی کریم رؤف رحیم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص رات یا دن میں سورہ حشر کی آخری آیتیں پڑھے گا اور اسی دن یا رات میں اس کی روح قبض ہوگی تو وہ یقیناً اپنے لئے جنت لازم کرلے گا۔

## سورہ ملک کی برکت

اس سورہ کے فضائل بہت ہیں جن میں سے مختصراً لکھے جاتے ہیں۔

☆ کتاب اللہ کی ایسی سورہ ہے جس میں صرف تیس آیتیں ہیں اس نے ایک شخص کی شفاعت کی کہ اس کی بخشش ہوگئی یہ ہے تبارک الذی بیدہ الملك یعنی سورہ ملک۔

☆ ایک صحابیؓ نے ایک قبر پر خیمہ نصب کیا اور انھیں اس کا علم نہ تھا کہ یہ قبر ہے یکایک اس میں ایک انسان سورہ ملک پڑھ رہا ہے اور اس نے پوری سورہ پڑھ ڈالی وہ صحابی حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ کو اس کی خبر دی حضور ﷺ نے فرمایا یہ سورہ (عذاب سے) بچانے والی اور نجات دالی ہے اپنے پڑھنے والے کو عذاب الٰہی سے نجات دے گی۔

☆ پیارے پیارے مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا میری خواہش ہے کہ سورہ ملک ہر مومن کے دل میں رہے۔ (فضائل قرآن)

☆ ۴۱ بار پڑھے جملہ مشکلات اس کے لئے حل ہوں اور حاجت پوری ہو۔

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

## سورہ قدر کی برکت

☆ جو کسی رات میں سورہ قدر پڑھے گا یہ سورہ قرآن کے چوتھائی حصہ کے برابر ہوگی اور جو اذازلزلت پڑھے گا تو یہ سورہ نصف قرآن کے برابر اور قل یاایھا الکفرون' قرآن کے چوتھائی حصے کے برابر اور قل ھواللہ احد قرآن کے تیسرے حصہ کے برابر ہوگی۔

## سورہ تکاثر کی برکت

☆ الھکم التکاثر پوری سورہ پڑھنے سے ایک ہزار آیتیں پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

## سورہ عصر کی برکت

☆ اس کو پڑھنے سے غم دور ہو جاتا ہے۔ مصیبت زدہ پر سات مرتبہ اس سورہ کو پڑھ کر دم کردو۔

## سورہ فیل کی برکت

☆ دشمن کے شر سے حفاظت کے لیے اس سورہ کو ایک سو بار پڑھ کر دعا مانگو۔

☆ جب کوئی مشکل پیش آئے ہر روز ۲۰ بار ۷ دن پڑھے۔ اللہ عزوجل غیب سے اس کا کام پورا فرمائے گا۔

## سورہ قریش کی برکت

☆ جان کی حفاظت اور فاقہ سے امن کے لئے روزانہ اس سورہ کو ستائیس مرتبہ پڑھنا مجرب ہے۔

## سورہ کوثر کی برکت

☆ اس کو روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھے تین ماہ تک پڑھنے کے بعد انشاء اللہ حمل قرار پا جائے اور آدمی صاحب اولاد ہو جائے گا۔

## سورہ کافرون کی برکت

☆ جو ضرورت مند اتوار کے دن طلوع آفتاب کے وقت دس بار اس سورہ کو پڑھے گا اُس کا کام بن جائے گا۔

## سورہ اخلاص کی برکت

☆ حضرت جریرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت قل ھواللہ احد پڑھتا ہے تو یہ سورہ اس گھر والوں کی اور پڑوسیوں کی غربت وافلاس دور کر دیتی ہے۔

☆ جو کوئی رات یا دن میں تین بار قل ھواللہ احد پڑھے گا یہ پورے قرآن کے برابر ہے۔

☆ جو کوئی بات کئے بغیر پہلے مغرب اور پھر دو رکعت پڑھے گا پہلی رکعت میں الحمد اور قل یاایھا الکفرون اور دوسری میں الحمد اور قل ھو اللہ احد پڑھے گا وہ اپنے گناہوں سے اس طرح الگ ہو جائے گا جیسے سانپ اپنے کینچلی سے نکلتا ہے۔

☆ سرکار مدینہ ﷺ کا گزر ایک ایسے شخص کے پاس سے ہوا جو قل ھو اللہ احد پڑھ رہا تھا حضور ﷺ نے فرمایا اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے جنت لازم فرمادی۔

☆ جو نماز فجر پڑھے اور بات کرنے سے پہلے دس بار قل ھواللہ احد پڑھے اس دن اس سے کوئی گناہ سرزد نہ ہوگا اور وہ شیطان سے بچا رہے گا۔

## سورہ فلق اور ناس کی برکت

☆ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ہر رات میں جب اپنے بستر پر تشریف لے جاتے تھے اپنے ہاتھ جمع کر کے ان پھونکتے۔ جن میں سورہ اخلاص' سورہ فلق اور سورہ ناس پڑھتے پھر جسم کے جس حصہ تک ہو سکتا وہ ہاتھ پھیرتے اپنے سر مبارک اور چہرے پاک کے سامنے والے حصہ سے شروع فرماتے یہ تین بار فرماتے تھے۔ (فضائل قرآن)

☆ جن بچوں کو ان دونوں سورتوں کا تعویذ پہنا دیا جائے۔ وہ جن وشیطان اور تمام زہریلے جانوروں سے محفوظ رہیں گے۔ (جنتی زیور بحوالہ فیوض قرآنی)

## ہر بیماری سے شفا

آیات شفاء پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پلائیں

آیات شفاء یہ ہیں:-

وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ ○ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ ○ يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ ط وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ○ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ○ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ ○

## ہر مشکل کو دور کرنے کا اہم نسخہ

امام نسفیؒ نے فرمایا جو شخص تمام آیات سجدہ ایک مجلس میں پڑھے اور ہر ایک کے لئے سجدہ کرے اللہ اسے مشکلات میں کفایت فرمائے گا۔ (نور الایضاح)

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

# خوش قسمتی کیسے حاصل ہوگی

## شادی صحت روزگار اور دوسرے امور کو جاننے کے لیے زائچہ بنوائیں

ذیل کی سطور میں بیان کیا گیا ہے کہ اس زائچے میں آپ کو کیا معلومات فراہم کی جائیں گی۔

زائچہ

زائچہ

### تفصیل زائچہ

طالع پیدائش، قمری زائچہ، شمسی زائچہ، کواکب کے درجات، کون سا کوکب کس برج میں ہے، کواکب کی رجعت و استقامت، کواکب کا شرف و ہبوط، نظرات کواکب، ادوار کوکب (دشا) دور اکبر، دور اصغر اور دور صغیر (ساٹھ سال کے)۔

### تفصیل احکام / پیشن گوئی

خوش قسمتی کا پتھر، خوش قسمت رنگ، خوش قسمت دھات، نام کا عدد، شمسی طالع کے اثرات، قمری طالع کے اثرات، طالع پیدائش کے اثرات، شمس، قمر، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل، یورنس، نیچون اور پلوٹو کے زائچے کے مختلف گھروں میں اثرات، شمس، قمر، عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری، زحل، یورنس، نیچون اور پلوٹو کے برجوں میں اثرات، کواکب کی حالت شرف و ہبوط کے اثرات، تمام کواکب کی رجعت کے اثرات، تمام اہم کواکبی نظرات کے اثرات، تمام آئندہ ادوار اکبر کے اثرات واحکام، آئندہ پانچ سال کے ادوار اصغر کے اثرات واحکام کے علاوہ زندگی کے نو اہم معاملات (۱) مزاج و کردار (۲) زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات (۳) طریق زندگی (۴) کیرئیر (۵) روزگار (۶) صحت (۷) مشاغل (۸) محبت رومانس (۹) مالی حالت بھی عمومی طور پر زیر بحث لایا جائے گا۔

### آپ کی قسمت میں کیا ہے؟

اپنی، اپنے بچوں، شریک حیات، بہن بھائیوں اور دوستوں کی قسمت مزاج اور کردار کو جاننے کے لیے زائچہ بنوائیں۔

زائچہ

کوائف (نام، وقت تاریخ اور مقام پیدائش) بمعہ پیشگی فیس مبلغ دو ہزار روپے ارسال کریں۔

زائچہ

زائچہ آپ کو اردو میں ٹائپ اور لیزر پرنٹ میں مہیا کیا جائے گا۔ یہ قریبا 50 سے زائد صفحات پر مشتمل ہوگا۔ سو اس کی تیاری میں کم از کم ایک ماہ کا وقت درکار ہوگا۔ یہ آپ کو جلد کروا کر رجسٹرڈ ڈاک سے ارسال کیا جائے گا۔

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ جس پر آپ کا پتا تحریر ہو ارسال کریں

**رابطہ!** خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، نزد جامعہ نعیمیہ، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

کا قاصد تھا۔ وہ قرآن کی ایک سورت بھول گئے تھے۔ جنات نے اس کو میرے پاس پوچھنے کے لئے بھیجا تھا"۔

حضرت جابر فرماتے ہیں پھر ہم ایک گاؤں میں پہنچے گاؤں والے حضور کی خدمت میں ایک مجنون لڑکی جو چاند کا ٹکڑا تھی لے کر حاضر ہوئے یہ لڑکی آسیب زدہ تھی۔ حضور علیہ الصلوۃ والتسلیم نے فرمایا کہ "میں اللہ کا رسول ہوں اس کو چھوڑ دے۔ وہ لڑکی پھڑ پھڑائی اور اس نے حیا کی اور بالکل تندرست ہو کر لوٹی"۔

### حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کی خوراک مقرر فرمائی

ابو نعیم ابن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ جنات کے ایک وفد نے حضور کے پاس چند یوم قیام کیا جب یہ وفد اپنے شہر جانے لگا تو انہوں نے حضورؐ سے کھانے کی درخواست کی حضور علیہ السلام نے فرمایا "جاؤ جس ہڈی کو تم پاؤ گے اس پر تمہارے لئے تازہ گوشت پیدا ہو جائے گا اور گوبر تمہارے لئے کھجوریں بن جائیں گی"۔

امام ابو نعیم حضرت ابو ہریرہ سے راوی ہیں کہ ہم ایک سفر میں حضور کے ہم رکاب تھے راستہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا۔ استنجے کے لیے پتھر تلاش کرو۔ لیکن ہڈی اور گوبر نہ لانا۔ ابو ہریرہ نے عرض کیا حضور ہڈی اور گوبر کا کیا حال ہے فرمایا "میرے پاس جنات کا وفد آیا تھا۔ انہوں نے مجھ سے خوراک کے متعلق سوال کیا تو میں نے ان کے لئے دُعا فرما دی کہ ہڈی اور گوبر پر ان کے لئے کھانا موجود ہو جائے"۔

ابو نعیم زبیر ابن عوام سے روایت کرتے ہیں کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا "جناب نے مجھ سے اپنی خوراک کے متعلق سوال کیا تو میں نے ہڈی اور گوبر ان کی خوراک مقرر کر دی۔

### حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کے رہنے کی جگہ مقرر فرمائی

# صلی اللہ علیہ وسلم

از: علامہ سید محمود احمد رضوی

رسول اللہ کی ذات کے کئی پہلو ہیں۔ آپ کی اس فضیلت کو جو آپ کو جن و انس پر دی گئی ذیل میں زیر بحث لایا گیا ہے۔

## جنوں پر حکومت

حضرت سلیمان علیہ السلام جنات پر حاکم تھے۔ اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے۔ "اور مسخر کر دیئے ہم نے جنات میں سے کہ ان کے آگے کام کرتے ہیں"۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے جنات سے مختلف قسم کی خدمت لی۔ بعض سے عمارتیں تعمیر کرائیں۔ اور بعض کو غواصی کے کام پر مقرر کیا کہ سمندر سے موتی نکال کر لائیں۔ اور بعض کو ہتھیار اور برتن بنانے پر مامور فرمایا۔ اور جو جن شریر اور فسادی تھے۔ ان کے پاؤں میں بیڑیاں ڈال کر قید کر دیا۔ جس کی تفصیل قرآن حکیم میں موجود ہے۔

لیکن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی نے یہ شرف بخشا کہ آپ کو جنات پر بھی حکومت عطا فرمائی اور ملائکہ پر بھی۔ یعنی حضرت سلیمان علیہ السلام جنات کے بادشاہ تھے۔ اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جن اور ملائکہ دونوں کے شہنشاہ ہیں۔ چنانچہ اس کے ثبوت میں چند احادیث ملاحظہ فرمایئے۔

### جنوں پر حضور کی حکومت

خطیب حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں حضور کے ہمراہ تھے کہ ناگہاہ ایک بہت بڑا سیاہ رنگ کا اژدھا آیا اور اس نے اپنا سر حضور کے کانوں کے قریب کیا اور حضور نے اس کے کان میں کچھ فرمایا۔ پھر وہ اژدہا غائب ہو گیا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا "یہ جنوں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

امام ابونعیم کثیر ابن عبداللہ سے راوی کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ مسلمان جن اور کافر جن میں جھگڑا ہوا اور وہ اپنا مقدمہ میرے حضور لائے اور عرض کی کہ ہمارے رہنے کی جگہ مقرر فرما دیجئے۔ میں نے مسلمان جن کی سکونت کی جگہ جلس اور کافر جن کے لئے غور کو مقرر فرما دیا۔

کثیر ابن عبداللہ کہتے ہیں۔ جلس سے مراد پہاڑ اور گاؤں ہیں۔ میں نے دیکھا ہے کہ جلس کے رہنے والے جن مسلمان ہیں اور غور سے مراد وہ مقام ہے۔ جو پہاڑوں اور سمندروں کے درمیان ہے۔ غور کے رہنے والے جن کافر ہیں۔

## جنوں کا اسلام لانا

مخلوقات الٰہی کی ایک صنف کا نام جن ہے۔ اہل لغت کہتے ہیں کہ عربی میں جن کا لفظ جنّ سے مشتق ہے۔ اس کے معنی چھپنے یا چھپانے کے ہیں۔ چونکہ یہ مخلوق عموماً انسانوں کی آنکھوں سے مستور رہتی ہے۔ اس لئے ان کو جن کہتے ہیں۔ جن کے وجود کا انکار کفر ہے۔ قرآن حکیم سے ان کا وجود ثابت ہے۔ قرآن نے یہ بھی بتایا کہ ان کی پیدائش آگ سے ہوئی ہے۔ (ترجمہ: خدا نے جن آگ سے پیدا فرمائے)۔ جنوں میں مرد اور عورت ہوتے ہیں۔ ان میں سلسلہ توالد بھی جاری ہے۔ ان میں مسلمان اور کافر بھی ہیں ان کی قوت انسان سے زائد ہے۔

یہ مسجدوں میں آ کر نماز بھی پڑھتے ہیں اور حج بھی کرتے ہیں۔ ان کی خوراک گوبر اور ہڈی ہے ان میں شریف اور شریر بھی ہوتے ہیں۔ اکثر شریر جن ہی انسان کو ستاتے ہیں۔

یہ ہماری طرح کپڑے پہنتے ہیں۔ اکثر اوقات سپید رنگ کے کپڑے پہنے یا سیاہ کتے یا سیاہ سانپ کے روپ میں دکھائی بھی دیتے ہیں۔ جنات مکلف ہیں خود رب العزت فرماتا ہے "ہم نے جن اور انسان عبادت کے لئے پیدا کئے ہیں"۔ جنات سے بھی انسانوں کی طرح قیامت میں سوال و جواب ہوں گے۔ کافر جن دوزخ میں اور مسلمان جن جنت میں جائیں گے۔ جنات انسان سے افضل نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جن نبی نہیں ہوتا۔

## ستارہ ہائے آسمانی میں انقلاب

اسلام سے پہلے عرب میں جنوں کا تسلط تھا۔ لوگ ان کی پوجا کرتے تھے۔ بت خانوں کے عاملوں اور کاہنوں سے ان کی دوستی ہوتی تھی۔ اور یہ ان کو غیب کی خبریں بتایا کرتے تھے۔ جس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ اللہ تعالیٰ جب کسی امر کا فیصلہ فرماتا ہے تو ملاء اعلیٰ میں اس کا ذکر فرماتا ہے۔ ملاء اعلیٰ والے اپنے نیچے کے فرشتوں میں اس کا ذکر کرتے اور اس طرح درجہ بدرجہ ہر آسمان کے فرشتوں کو اس کا علم ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ آخری آسمان تک بات پہنچتی ہے۔ جہاں سے نیچے دنیا کی سرحد شروع ہوتی ہے۔ اسی آخری آسمان سے جن چھپ چھپا کر فرشتوں کی باتیں سن کر اور سو جھوٹ ملا کر کاہنوں کو بتاتے اور کاہن اس میں اور اضافہ کر کے انسانوں میں مشتہر کر دیتے تھے۔

بخاری و مسلم میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نبوت سے سرفراز ہوئے تو ستارہ ہائے آسمانی میں ایک انقلاب عظیم پیدا ہوا۔ اور جن و شیاطین اوپر چڑھنے سے روک دیئے گئے۔ کیونکہ جب شیاطین اپنی سرحد سے بڑھ کر فرشتوں کی باتیں سننا چاہتے تو فوراً ایک چمکتا ہوا تارہ شہاب ثاقب ٹوٹ کر ان پر گرتا۔ اور جن کوئی آسمانی بات نہ سن سکتے۔ چنانچہ اسی کا ذکر قرآن حکیم کی مختلف سورتوں میں آیا ہے۔

جب ٹوٹنے والے ستاروں کی بھرمار ہوگئی اور کاہنوں کی خبر رسانی کے ذرائع مسدود ہوگئے تو آسمان کے اس انقلاب نے جنوں کو حیرت میں ڈال ڈال دیا۔ سب نے کہا کہ یقیناً روئے زمین پر کوئی اہم واقعہ رونما ہوا ہے۔ جس کے سبب ہم آسمان تک نہیں پہنچ سکتے۔ آخر جنوں کی کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ ساری دنیا کا گشت لگانا چاہیے۔ اور اس اہم واقعہ کو معلوم کرنا چاہیے۔ چنانچہ جنوں کے ایک وفد نے یہ کام شروع کر دیا۔ اور روئے زمین کو چھان ڈالا۔

اُدھر حضور علیہ السلام قبائل میں دورہ کر کے تبلیغ اسلام فرما رہے تھے اور اسی تقریب سے عکاظ کے میلہ میں تشریف لے جا رہے تھے۔ راستہ میں رات کے وقت مقام نخلہ میں قیام ہوا۔ اور صبح کے وقت حضور علیہ السلام اپنے صحابہ کے ہمراہ نماز میں مصروف تھے۔ اور قرآن کی آیتیں جہر کے ساتھ تلاوت فرما رہے تھے۔ اتفاق سے جنوں کی ایک جماعت جو تفتیش حال کے لئے تہامہ کی طرف سے آئی تھی۔ اس کا اس مقام پر گزر ہوا۔

جب جنوں کی اس جماعت نے حضور کی مبارک زبان سے

قرآن کی آیتیں سُنیں تو یکبار پکار اُٹھی" کہ یہ ہی وہ نور حق ہے جو درخشاں ستاروں میں ہمیں نظر آتا ہے۔ اور جس کی سبب ہم آسمان تک نہیں پہنچ سکتے"۔ قرآن کی آیتیں سن کر جنوں کی یہ جماعت اپنی قوم کی طرف واپس لوٹی اور ان کو خاتم نبوت کے ظہور کی بشارت سنائی اور کہا کہ "ہم نے عجیب و غریب کتاب الٰہی سنی جو ہدایت کی طرف رہنمائی کرتی ہے تو ہم اس پر ایمان لائے اور اب ہرگز خدا کا کسی کو شریک نہ بنائیں گے"۔ اس واقعہ کے بعد سے جنوں کے اسلام لانے کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اور فوج در فوج جنات دربار رسالت میں حاضر ہو کر اسلام لائے جن کا ذکر متعدد احادیث میں موجود ہے۔ یہاں ہم دو حدیثیں ذکر کر کے مضمون کو ختم کرتے ہیں۔

امام مسلم و احمد ترمذی میں حضرت علقمہ سے راوی۔ انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود سے لیلۃ الجن کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ ایک اور واقعہ ہے کہ ایک دفعہ شب کو ہم نے حضور کو نہ پایا۔ اور حضور کا اس طرح غائب ہو جانے نے ہم کو اضطراب و قلق میں مبتلا کر دیا۔ اور یہ رات بڑی بے چینی سے بسر ہوئی۔ صبح کو ہم نے دیکھا کہ حضور غار حرا کی طرف سے تشریف لا رہے ہیں۔ ہمارے استفسار پر حضورﷺ نے فرمایا "رات جنوں کا قاصد آیا۔ میں اس کے ساتھ گیا میں نے ان کو قرآن پڑھ کر سنایا۔ اس کے بعد حضورﷺ ہم سب کو اس مقام پر لے گئے اور وہاں جنوں کے آگ جلانے کے نشانات دکھائے"۔

امام ابونعیم حضرت ابن مسعود سے راوی۔ وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور کے ہمراہ مقام براز میں پہنچا۔ اور اس جگہ آپ نے ایک خط کھینچ کر فرمایا۔ یہاں بیٹھ جا۔ میں ساری رات وہاں بیٹھا رہا۔ صبح کو حضور تشریف لائے۔ میں نے عرض کی۔ حضور یہ آوازیں کیسی تھیں۔ فرمایا "یہ جنوں کی مجھے سلام کرنے اور وداع کرنے کی آوازیں تھیں"۔

## حضورﷺ نے جنوں کے مقدمہ کا فیصلہ فرمایا

امام ابونعیم و طبرانی حضرت ابن مسعود سے راوی وہ فرماتے ہیں کہ میں پانی کا لوٹا لے کر حضور کے ساتھ ہوا۔ جب میں مکہ سے آگے پہنچا تو مجھے کچھ پرچھائیاں ایک جگہ اکٹھی نظر آئیں۔ حضورؐ نے زمین پر ایک خط کھینچ کر فرمایا کہ میرے آنے تک تم یہیں بیٹھے رہو۔ جب حضور آگے بڑھے تو میں نے دیکھا وہ پرچھائیاں آپ کی طرف چلیں اور آپ ان کے ساتھ بیٹھ کر دیر تک گفتگو فرماتے رہے۔ جب فجر کا اجالا ہوا۔ حضور تشریف لائے۔ نماز فجر پڑھی۔ پھر میں نے عرض کی حضور یہ کون لوگ تھے تو حضور نے فرمایا" یہ شہر نصیبین کے جن تھے اپنے کچھ نزاعی معاملات میرے پاس فیصلہ کے لئے لائے تھے"۔

## شیطان پر حضور کی حکومت

بیہقی حضرت ابن مسعود سے راوی ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ شیطان میرے قریب سے گزرا میں نے اس کو پکڑ لیا اور گلا گھونٹا یہاں تک کہ شیطان کی زبان کی ٹھنڈک میرے ہاتھوں نے محسوس کی۔ حضور علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اگر سلیمان علیہ السلام دعا نہ کرتے تو میں اس کو مسجد کے ایک ستون سے باندھ دیتا اور مدینہ کے بچے اس کو دیکھتے (خصائص ج ۲ ص ۶۶)

قارئین ان احادیث سے روشن ہو گیا کہ قوم جن حضور کی محکوم ہے اور تمام جنات پر حضور کی حکومت و سلطنت ہے یہی وجہ ہے کہ جنات اپنے مقدمات کا فیصلہ حضورﷺ سے کراتے ہیں اور ہر معاملہ میں حضورﷺ سے پوچھتے ہیں۔ اور آپ کے حکم کی تعمیل کرتے ہیں۔

## حوران بہشتی پر حضور کا قبضہ

ابن عساکر حضرت ابن مسعود سے راوی کہ ایک شخص حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور اسلام لانے کے فوراً بعد ان کا انتقال ہو گیا۔ غسل و کفن کے بعد جب دفنانے کا وقت آیا تو حضور علیہ السلام ان کی قبر میں تشریف لے گئے اور کچھ دیر کے بعد باہر تشریف لائے اور فرمایا "کہ ابھی حوران بہشتی آئیں۔ انہوں نے مجھ سے کہا یا رسول اللہ اس شخص کے ساتھ ہمارا نکاح کر دیجئے تو میں نے ستر حوروں کے ساتھ اس کا نکاح کر دیا"۔

اس حدیث سے روشن ہو گیا کہ بہشتی حوریں بھی حضور کی ملک میں ہیں۔ اور آپ کو یہ اختیار ہے کہ جس مسلمان کا چاہیں بہشتی حور سے نکاح کر دیں۔ اسی لئے علامہ جلال الدین سیوطیؒ اسی حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں "اس حدیث سے ثابت ہوا کہ حضور کو یہ اختیار ہے کہ جس مسلمان کا چاہیں جنتی حور سے نکاح کر دیں"۔

قارئین: ان تمام مذکورہ بالا حدیثوں سے ثابت ہو گیا کہ اگر حضرت سلیمان جنوں پر حاکم ہیں تو محمد مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی حکومت جن، فرشتہ، حوران بہشتی سب پر ہے اور یہ سب حضور کے تابع ہیں۔


ماہنامہ
راہنمائے عملیات
LuraTech
Document Processing Solutions

ماہنامہ

# راہنمائے عملیات

لاہور

LuraTech
Document Processing Solutions

# پانسے (Dice)

از: محمد مصدق قریشی، ایبٹ آباد۔

پانسہ اسے انگلش میں Dice کہتے ہیں۔ اس کو کھیلنے والا Die کہلاتا ہے۔ ڈائس (پانسہ) کی ابتداء 2000ء قبل مسیح شروع ہوئی۔ پوری دنیا میں اس کے مقبول کھیل بھی ہیں۔ اسے بطور جوا بھی Dice کو استعمال کرتے ہیں۔ پانسہ کی قدیم اشکال بھی پہلے عجیب و غریب تھیں۔ اب پوری دنیا میں ایک ہی قسم کا پانسہ استعمال ہو رہا ہے۔ جس کے چھ پہلو ہیں۔ اور ایک نقطہ سے لے کر چھ نقطوں تک نشان لگے ہوتے ہیں۔

## پانسہ کو پڑھنا

اب پانسہ سے ہم پیشن گوئیاں کر سکتے ہیں۔ قسمت کا حال معلوم کر سکتے ہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ پانسہ کو کسی جانب سے کسی کے سبب سے یا کسی دوسرے آدمی کے واسطے پھینکا جائے۔ اپنا مستقبل اسے معلوم نہ کریں۔ دوسرا یہ بھی ہے کہ پانسہ مکمل خاموشی اور توجہ سے پھینکا جائے۔ تیسرا یہ بھی ہے کہ سرد موسم اور مکمل خاموشی والی جگہ اور صحیح توجہ سے پانسہ پھینکا جائے۔ ہاں یورپی ممالک میں سرد موسم ہوتا ہے مگر ایشائی ممالک میں سردی زیادہ نہیں ہوتی اس لیے گرم ممالک میں سردیوں میں پانسہ پھینک کر اپنی تقدیر کا حال معلوم کیا جائے۔

## پانسہ پڑھنے کا جدید طریقہ

ایک سفید کارڈ بورڈ لے کر اس پر تقریباً ۳۰ سنٹی میٹر۔ اس پر تقریباً ۱۲ قطر کا دائرہ بنائیں۔ اور اس کارڈ بورڈ کا ہموار سطح والی میز یا چیز پر رکھیں۔ اب آپ اپنے ہاتھ سے تین عدد پانسے پھینکیں یا کسی کپ میں ڈال کر ہلا کر اس دائرہ جو کارڈ بورڈ پر بنا ہو پھینکیں۔ اگر پانسے سرکل (دائرہ) سے باہر گر جائیں تو دوبارہ پھینکیں۔ اگر پانسے دوبارہ دائرہ سے باہر گر جائیں۔ تو تیسری مرتبہ پانسے نہ پھینکیں۔ اب آپ کو زیادہ وقت کے لیے انتظار کرنا ہوگا۔ تین پانسوں کے نمبر اکٹھے جمع کر کے ٹوٹل سے اس کا مطلب دیکھیں جو پانسے دائرے سے باہر ہوں ان کے عدد شمار نہ کریں۔ اگر تین چانسوں میں سے ایک دائرہ کے باہر گرا ہے تو باقی دو پانسے جو دائرہ کے اندر ہیں ان کے عدد جمع کر لیں۔ لیکن یہ بات ذہن میں رہے جو پانسہ دائرہ سے باہر گرا ہے اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ آپ کے منصوبے غلط ہو سکتے ہیں۔ بنتے کام بگڑ سکتے ہیں۔ کسی قسم کی رکاوٹ بھی آسکتی ہے۔ اگر دائرہ سے دو پانسے باہر گریں تو یہ آپ کے لیے پریشانی کا باعث ہو سکتی ہے۔ آپ کو کسی سے جھگڑے یا لڑائی کا سامنا ہونے کی علامت ہے۔ اگر پانسے فرش پر گر جائیں۔ یعنی کہ ایک بھی پانسہ فرش پر گر جائے تو سخت مشکل پیش آنے کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ اگر ایک یا زیادہ پانسے دائرے سے باہر گر جائیں اور ایک پانسہ دائرہ کے اندر ہو تو یہ کوئی حقیقت نہیں ہو گی۔ اسے پڑھا نہیں جائے یعنی کہ قسمت کا حال نہ دیکھیں۔ پانسوں کے اعداد صرف عدد نمبر ۳ سے نمبر ۱۸ تک پڑھے جاتے ہیں۔ اگر کوئی عدد بار بار آئے تو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ کوئی بڑا واقعہ رونما ہونے والا ہے۔ یہ بہت کم ہوا ہے کہ پانسہ جو بڑا عدد رکھتا ہو وہ زمین پر گر جائے اور دوسرا پانسہ دائرہ میں رہے۔ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ کوئی تحفہ وصول کریں گے۔ لیکن آپ کو کاروبار و محبت کے معاملوں میں محتاط رہنا پڑے گا۔

## پیشن گوئیاں

(۳) تین عدد غیر متوقع طور پر حیران کن خبر ملنے کی اطلاع کی پیشن گوئی ہے اچھی اور موافق خبر ہوگی۔

(۴) چار عدد مایوسی اور ناخوشگوار حالات پیش آنے کی علامت ہے۔ ممکن حد تک بدقسمتی کی علامت بھی ہوتی ہے۔

(۵) پانچ عدد آپ کی خواہش پوری ہوگی۔ شاید غیر متوقع

باقی صفحہ 10

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

از: حکیم محمد عمران اعظم لاہور۔

# روحانی تحائف

عزیز دوستو زیر نظر مضمون فارسی کی ایک قلمی بیاض کا ہے جس کا نام اعجاز العملیات اور مصنف کا نام حکیم احمد علی دھلوی ہے یہ تمام تعویذات میرے آزمودہ ہیں۔

## نقش اکیسر اعظم

